گھر کا ڈاکٹر

(ہومیو پیتھی)

مؤلف

ڈاکٹر پروفیسر حکیم ابن حکیم محمد مقصود الٰہی نقشبندی

M.Sc. Organic Chemistry, D.H.M.S.
B.Sc. Homoeopathic Professional, D.I.M.S.

گھر کا ڈاکٹر

(ہومیوپیتھی)

مؤلف

ڈاکٹر پروفیسر حکیم ابن حکیم

محمد مقصود الٰہی نقشبندی

M.Sc Organic Chemistry, D.H.M.S,

B.Sc Homoeopathic Professional, D.I.M.S

اسلامی روحانی مشن

خوشخبری

ان لوگوں کے لئے جو کسی بھی مرض میں مبتلا ہیں ہر مرض کا علاج بالکل مفت اللہ کے نام سے کیا جاتا ہے۔ اگر آپ کسی جسمانی یا روحانی مرض میں مبتلا ہیں اور پانی کی طرح پیسہ بہا کر تھک چکے ہیں تو اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہوں اور سرپرست اعلیٰ اسلامی روحانی مشن حضرت پروفیسر ڈاکٹر محمد مقصود الٰہی نقشبندی المعروف محبوب سائیں مدظلہ العالی سے مل کر بالکل مفت علاج کرائیں۔ ایسے امراض جن کے لئے ڈاکٹر اور حکیم جواب دے چکے ہیں وہ خاص طور پر رجوع کریں۔ انشاء اللہ ایک ہی ملاقات میں دل کے اطمینان کے ساتھ لوٹیں گے۔

نام کتاب: گھر کا ڈاکٹر (ہومیوپیتھی)

مؤلف: **ڈاکٹر پروفیسر حکیم ابن حکیم محمد مقصود الٰہی نقشبندی**

کمپوزنگ: سید ارسلان حسین زیدی مقصودی

ناشر: اسلامی روحانی مشن

قیمت: ۱۰۰ روپے

پرنٹر: کوئیک پرنٹرز، کریم آباد

تعداد: ۲۰،۰۰۰

برائے رابطہ: المرکز مقصود العلوم، لیاقت آباد نمبر ۴، ایف سی ایریا نمبر: ۱، کراچی۔

فون نمبر: 0345-2798236

تعارف

ڈاکٹر پروفیسر حکیم ابن حکیم محمد مقصود الٰہی نقشبندی علم کیمیاء کے حوالے سے مشہور و معروف حیثیت کے حامل ہیں۔آپ کی ولادت باسعادت یکم اکتوبر 1955ء کو پاکستان کے شہر ہارون آباد میں ہوئی۔آپ کے والدین راجھستان انڈیا سے 1947ء میں ہجرت فرما کر پاکستان تشریف لائے تھے۔اور جلد ہی نقل مکانی کر کے مستقل طور پر نواب شاہ سندھ میں سکونت اختیار کرلی۔گورنمنٹ ڈگری کالج نوابشاہ سے .B.Sc کیا اور .M.Sc کیمسٹری کی ڈگری سندھ یونیورسٹی جامشورو سے حاصل کی۔آپ 1982ء سے کراچی کے مختلف کالجوں میں ڈیوٹی سرانجام دے کر آج کل نارتھ کراچی کالج میں طلباء کو کیمسٹری کی تعلیم دے رہے ہیں۔آپ کو علم طب کی اعلیٰ خدمات کی بدولت 2004ء میں طلائی تمغہ بھی دیا گیا۔آپ ایک ماہر ہومیو پیتھک ڈاکٹر بھی ہیں اور ہر ہفتے ہزاروں مریضوں کا مفت علاج فرماتے ہیں۔آپ کئی ایک کتابوں کے مصنف بھی ہیں جن میں بالخصوص (پردہ نہ اٹھاؤ، زیارت حرمین شریفین، مکتوبات مقصودیہ، کیمسٹری گائیڈ) وغیرہ شامل ہیں۔آپ کی تصنیفات روحانیت کے متلاشی نفوس اور کیمسٹری کے طلباء کے مشعل راہ ہیں۔

آپ ہر سال گرمیوں اور سردیوں کی چھٹیوں میں اندرون ملک اور بیرون ملک تبلیغی دورے بھی فرماتے ہیں۔جن میں ساؤتھ افریقہ، موزمبیق، ملاوی، بوسٹوانہ، سوازی لینڈ، پرتگال، اسپین، اٹلی، جرمنی، فرانس و دیگر ممالک میں دین متین کا پیغام پہنچانے کے لئے کوشاں ہیں۔آپ بروز جمعہ اور اتوار المرکز مقصود العلوم، ایف سی ایریا، نزد K.E.S.C گرڈ اسٹیشن، کراچی میں بعد نماز عصر تشریف فرما ہوتے ہیں اور طالبان حق کو ذہنی و روحانی اصلاح کے لئے درس دیتے ہیں اور سینکڑوں سالکان شریعت و طریقت آپ کے درس سے ذہنی و قلبی سکون پاتے ہیں اور سینکڑوں مریضوں کا فی سبیل اللہ علاج بھی فرماتے ہیں۔

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سب تعریفیں اس پاک ذات کے لئے جس نے انسان میں موجود خلیہ (cell) سے لے کر بڑے سے بڑا اعضاء ایک انمول نعمت کی صورت میں عطا فرمایا۔ہمیں اللہ تعالیٰ کا بندہ ہونے کے ناطے ان نعمتوں کا شکر ادا کرنا چاہیے۔اور اللہ تعالیٰ کا شکر دو صورتوں میں ادا ہوگا۔ایک صورت تو یہ ہے کہ ہم اپنے جسم کے ہر اعضاء کو اس طرح استعمال کریں جس طرح ہمارے مالک و خالق کی منشا ہے اور دوسری صورت یہ ہے کہ ہم ان نعمتوں کی مکمل طور پر حفاظت کریں اور انہیں خراب یا بیمار ہونے سے بچائیں۔پہلی صورت تو اس وقت ممکن ہوگی جب ہم اپنے پیارے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق زندگی گزاریں گے اور دوسری صورت میں ہم اپنی صحت کا خیال رکھیں اور جیسے ہی کسی بے اعتدالی کی وجہ سے کوئی مرض پیدا ہو تو اس کا علاج کریں۔

عاجز نے کتاب ''گھر کا ڈاکٹر'' میں ہومیو پیتھی طریقہ علاج کو آسان بنانے کی بھرپور کوشش کی ہے۔اور جس طریقے سے امراض اور علاج کو تحریر کیا گیا ہے، پڑھنے والے کے لئے بہت آسان ثابت ہوگا۔اور قوی امید ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بندے اس سے فائدہ اٹھا کر عاجز گناہ گار کے لئے دعائے خیر کریں گے۔

فقیر

ڈاکٹر پروفیسر حکیم ابن حکیم محمد مقصود الٰہی نقشبندی

فہرست

نمبر شمار	بیماری کا نام	صفحہ نمبر
1	ابتدائی امداد (FIRST AID)	9
2	ادویات (BIO-CHEMIC MEDICINES)	10
3	اپنڈکس (APPENDICITIS)	26
4	آنکھوں کی بیماریاں (DISEASES OF EYES)	26
5	احتلام وسرعت انزال (NIGHT FALL & ONEIROGEN)	28
6	آتشک (SYPHILIS)	29
7	اعصابی تناؤ (NERVOUS TENSION)	30
8	بدہضمی (INDIGESTION)	31
9	بھوک کی کمی (LAC OF APPETITE)	33
10	بچوں کی بیماریاں (DISEASES OF CHILDREN)	33
11	بچوں کا بخار (FEVER OF CHILDREN)	34
12	بچوں کا سادہ بخار (SIMPLE FEVER OF CHILDREN)	34
13	بچوں کا سرخ بخار (RED FEVER OF CHILDREN)	34
14	بچوں کا محرقہ بخار (TYPHOID FEVER OF CHILDREN)	35
15	بچوں کا کبڑا پن (RICKET OF CHILDREN)	35
16	بچوں کے دانت (TEETH OF CHILDREN)	36
17	بچوں کے دست (DYSENTRY OF CHILDREN)	36
18	بچوں کو ہچکی (HICCOUGH OF CHILDREN)	37
19	بچوں کا دودھ پھینکنا (VOMITTING OF MILK OF CHILDREN)	38
20	بچوں کا ہیضہ (INFANT'S CHOLERA)	38
21	بچوں کا رونا (WEEPING OF CHILDREN)	38

صفحہ نمبر	بیماری کا نام	نمبرشمار
39	بچوں کی کانچ نکلنا (PROLAPSUS OF CHILDREN)	22
39	بچوں کے پیٹ کے کیڑے (WORMS OF CHILDREN)	23
40	بچوں کی قبض (CONSTIPATION OF CHILDREN)	24
41	بچوں کا پیشاب نیند میں خطا ہونا (BED WETTING)	25
42	بچوں کی چھپاکی (URTICAREA)	26
42	بچوں کی ایگزیما خارش (ECZEMA OF CHILDREN)	27
43	بچوں کے آبلے یا چھالے (BLISTERS OF CHILDREN)	28
43	بچوں کے سرخ دانے (RED BLISTERS OF CHILDREN)	29
44	بچوں کو منہ کے چھالے یا منہ آنا(MOUTH SORES OF CHILDREN)	30
45	بچوں کا نمونیہ (PNEUMONIA OF CHILDREN)	31
46	بچوں کا نزلہ (RHEUM OF CHILDREN)	32
47	بچوں کی آنکھوں کی بیماریاں(DISEASES OF EYES OF CHILDREN)	33
48	بچوں کی نکسیر(EPISTAXIS OF CHILDREN)	34
48	بچوں کا قولنج (COLIC OF CHILDREN)	35
49	بچوں کے کان کی بیماریاں(DISEASES OF EARS OF CHILDREN)	36
50	بچوں کو گلے پڑ جانا (خناق) (DIPHTHERETIS OF CHILDREN)	37
51	بچوں کا سوکھا پن (SCARGGINESS OF CHILDREN)	38
52	بچوں کی کھانسی (COUGH OF CHILDREN)	39
52	بخار (FEVER)	40
53	بخار سادہ (SIMPLE FEVER)	41
53	بخار ملیریا (MALARIA FEVER)	42
54	بخار تپ محرقہ یا میعادی (TYPHOID FEVER)	43
55	بخار وبائی (INFLUENZA)	44

صفحہ نمبر	بیماری کا نام	نمبرشمار
56	بخار پرسوت کا (SEPTIC FEVER)	45
57	بواسیر (PILES)	47
58	پیچس(DYSENTRY)	48
59	پیٹ درد- قولنج (COLIC)	49
60	پاگل پن، جنون یا دیوانگی (DIPPINESS)	50
60	پیٹ کے کیڑے (WORMS)	51
61	پتہ کی پتھریاں (STONES OF GALL BLADDER)	52
62	تلی کی بیماریاں (DISEASES OF SPLEEN)	53
62	تشنج (SPAMS)	54
63	ٹی-بی (تپ دق) (TUBERCULOSIS)	55
64	جریان (GLEAT)	56
65	جگر کے امراض (DISEASES OF LIVER)	57
65	جلد کی حفاظت (CARENESS OF SKIN)	58
68	جلد کی بیماریاں (DISEASES OF SKIN)	59
69	جانور (کتے کا علاج)	60
69	جانور (بکرے یا بکری کا علاج)	61
69	جانور (بلی دب جائے)	62
69	جانور (بلی کو سردی لگ جائے)	63
69	چیچک(SMALL POX)	64
71	حمل (PREGNANCY)	65
71	حمل کی بیماریاں (DISEASES OF PREGNANCY)	66
72	حمل کے دوران قولنج (COLIC DURING PREGNANCY)	67
72	حمل کے دوران قبض(CONSTIPATION DURING PREGNANCY)	68

نمبرشمار	بیماری کا نام	صفحہ نمبر
69	حمل کے دوران دست (DYSENTRY DURING PREGNANCY)	73
70	حمل کے دوران پیشاب کے امراض (DISEASES OF URINE DURING PREGNANCY)	73
71	حمل کی وجہ سے دانت اور چہرہ کا درد (TEETH ACHE AND FACIAL ACHE DURING PREGNANCY)	74
72	حمل کے دوران سر درد (HEAD ACHE DURING PREGNANCY)	74
73	حمل کے دوران پستانوں میں درد (PAIN IN BOSOMS DURING PREGNANCY)	75
74	حمل کے دوران بواسیر (PILES DURING PREGNANCY)	75
75	حمل کے دوران نیند نہ آنا (ISNOMNIR DURING PREGNANCY)	76
76	حمل کے دوران کمر اور کولہوں میں درد (BACK ACHE AND HIP ACHE DURING PREGNANCY)	76
77	حیض کی خرابیاں (TROUBLE OF PERIODS)	77
78	حیض کی بندش (AMENORRHOEA)	78
79	حیض کا درد سے آنا اور نقص حیض (OLIGOMENORRHEA)	79
80	حیض کی کثرت (MENORRHAGEA)	80
81	حمل کا گر جانا (اسقاط حمل) اعصابی کمزوری کی وجہ سے (MISCARRIAGE DUE TO WEAKNESS IN NERVES)	80
82	خسرہ (MEASELS)	81
83	خون کی کمی یا بھس (ANAEMEA)	82
84	خناق (DIPHTHERETIS)	83
85	خارش (ITCHING)	84
86	دماغ (BRAIN)	85

نمبرشمار	بیماری کا نام	صفحہ نمبر
87	دماغی کمزوری کی وجہ سے بھول (AMNESIA)	85
88	دماغ کا ہل جانا (CEREBAL DISPLACEMENT)	85
89	دماغ میں پانی بھر جانا (HYDROCEPHALUS)	86
90	دماغی پردوں کا ورم (MENINGITIS)	86
91	دماغی کمزوری (WEAKNESS OF BRAIN)	87
92	دماغی خرابیاں اور اعصابی تناؤ (MENTAL DISORDERS & NERVOUS TENSION)	87
93	دماغی خرابیاں (MENTAL DISORDERS)	87
94	دردسر (HEAD ACHE)	89
95	دردسر (حاد)	89
96	دردسر (مزمن)	90
97	درد معدہ (STOMACH ACHE)	91
98	دست (DYSPEPSIA)	91
99	دمہ (ASTHMA)	92
100	دل (HEART)	93
101	دانتوں کی بیماریاں (DISEASES OF TEETH)	95
102	رعشہ (PARKINSONEA)	96
103	زبان کی بیماریاں (DISEASES OF TONGUE)	96
104	زخموں کے پرانے نشانات (OLD MARKS OF WOUNDS)	97
105	سرخ باد	97
106	سوزاک (GONORRHOERA)	98
107	شگر (DIABETES)	100
108	طاعون (PLAGUE)	100

نمبر شمار	بیماری کا نام	صفحہ نمبر
109	عجیب وغریب علامات (UNUSUAL SYMPTOMS AND THEIR TREATMENT)	101
110	عرق النساء (SCIATICA)	102
111	عورتوں کے امراض حمل کی تکالیف کے علاوہ (EXCEPT PREGNANCY OTHER DISEASES OF WOMEN)	103
112	عورت کا لیکوریا یا سیلان رحم (LEUCORRHOEA)	103
113	عورت کے رحم کی بواسیر (PILES OF UTERUS)	105
114	عورت کو کثرت لعاب (EXCESS OF SALIVATION)	105
115	عورت کی شرمگاہ میں خارش (VAGINAL ITCHING/VAGINAL IRRITATION)	105
116	عورت کو دردزہ (LABOR PAIN)	106
117	عورت کو ولادت کے بارے میں ہدایات (ANTEPARTUM INSTRUCTIONS TO WOMEN)	106
118	عورت کو ولادت کے بعد درد اور خون کا بہنا (POSTPARTUM PAIN AND BLEEDING)	107
119	عورت کو دودھ کا بخار	107
120	عورت کا بے اولاد ہونا یا بانجھ پن (INFERTILITY)	108
121	فالج (PARALYSIS)	108
122	قے (VOMITTING)	109
123	قبض (CONSTIPATION)	110
124	کن پیڑے (MUMPS)	111
125	کھانسی (COUGH)	112
126	کھانسی (کالی) (HOPPING COUGH)	113
127	کھانسی نزلہ کے ساتھ (BRONCHITIS)	114
128	کینسر-سرطان یا رسولی (CANCER)	114
129	کان کی بیماریاں (DISEASES OF EARS)	115

نمبر شمار	بیماری کا نام	صفحہ نمبر
130	گنٹھیا (ورم مفاصل) (RHEUMATISM)	115
131	گلے کی بیماریاں (DISEASES OF THROAT)	117
132	گردہ کا درد (KIDNEY TROUBLE)	119
133	لو لگنا (SUN STROKE)	119
134	مرگی (EPILEPSY)	120
135	موتیا سیتلا (CHICKEN POX)	121
136	مثانہ کے امراض (DISEASES OF GALL BLADDER)	122
137	معدہ میں ورم (GASTRITIS)	123
138	منہ کی بیماریاں (DISEASES OF MOUTH)	124
139	مشت زنی (MASTURBATION)	124
140	نیند نہ آنا یا بے خوابی (SLEEPNESS OR ISNOMNIR)	125
141	نمونیہ (PNEUMONIA)	126
142	نکسیر (EPISTAXIS)	128
143	ہائی بلڈ پریشر-بلند فشار (HIGH BLOOD PRESSURE)	129
144	ہذیان (DELIRIUM)	129
145	ہسٹیریا (باؤ گولہ) (ANTHYSTERIC)	130
146	ہرنیا یا فتق (HERNIA)	131
147	ہیضہ (CHOLERA)	132
148	یرقان (JAUNDICE)	133

ابتدائی امداد FIRST AID

فرسٹ ایڈ سے مراد زخمی یا مریض کی ابتدائی امداد ہے۔فرسٹ ایڈ انتہائی اہمیت کی حامل ہوتی ہے۔یہی مدد موت اور زندگی کے درمیان فرق پیدا کرتی ہے۔عام طور پر لوگوں کو جس قسم کے ایمرجنسی حالات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ان میں دل کی تکلیف، بلند فشار، فالج کا حملہ، گھریلو یا ٹریفک حادثات زیادہ عام ہیں۔اگر فرسٹ ایڈ کے باب کو علم طب سے خارج کر دیا جائے تو علم ادھورا رہ جاتا ہے۔اس مضمون میں ہم مختصر طور پر زخمی یا مریض کی ابتدائی امداد کی وضاحت کریں گے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ بعض اوقات معمولی جانوروں کے کاٹنے سے انتہائی زیادہ تکلیف ہوتی ہے۔موسم گرما میں اکثر بھڑیں، مچھر اور کیڑے وغیرہ کاٹ لیتے ہیں۔ان کی تکلیف کو دور کرنے کے لئے NATRUM MURE 6x کو داخلی اور خارجی طور پر استعمال کیا جائے۔

☆ اگر ڈنگ لگنے سے چبھن اور کھجلی وغیرہ ہو تو APIS MELLIFICA 30 کے ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں ہر ایک گھنٹے کے بعد دیں۔

☆ اگر کوئی شخص پانی میں ڈوبتا ہوا بے ہوشی کی حالت میں بچا لیا جائے تو سب سے پہلے زمین پر پیٹ کے بل گدھیلا یا کپڑا اچھا کر لٹائیں اور شانوں سے پکڑ کر دبائیں تا کہ جسم میں جانے والا پانی نکل جائے۔اس کے بعد دل کے فعل کو برقرار رکھنے کے لئے CRITEGUS OXIYA Ø کے 5 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔15 منٹ کے بعد ایک دو قطرے ARSENICUM ALBUM 30 کے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔ہر 15 منٹ کے بعد یہ ادویات دہراتے جائیں۔یہاں تک کہ مریض کو ہوش آجائے۔اس کے بعد گرم دودھ یا چائے کا ایک کپ پلا دیں۔صحت ہونے تک ادویات جاری رکھیں۔

☆ اگر چوٹ لگے لیکن کسی جگہ سے خون نہ نکلا ہو تو ARNICA EXTERNAL TINCTURE متاثر جگہ پر لگائیں اور ARNICA 30 کے ۹ قطرے ہر ایک گھنٹے کے بعد ایک گھونٹ پانی میں دیں۔اگر چوٹ لگنے سے خون نکل آئے تو CALENDULA EXTERNAL TINCTURE زخم پر لگائیں۔شدید ضرب کی صورت میں ARNICA 200 کی ایک خوراک دیں۔

☆ اگر دروازہ یا کھڑکی بند کرتے وقت ہاتھ یا انگلی دب گئی ہو تو HYPERICUM Ø متاثر جگہ پر لگائیں اور HYPERICUM 30 دن میں 3 بار ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں پلائیں۔

☆ اگر ہڈی ٹوٹ جائے تو CALCAREA PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ اگر زخم میں پیپ پڑنا شروع ہو جائے اور زرد پیپ نکلے تو SILICIA 6x، 3 گولی صبح، دوپہر، شام چوسیں۔

☆ اگر زخم سے غلیظ اور گندا مواد کثرت سے خارج ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ اگر زخم کا گوشت خراب ہو جائے، ورم ہو اور خون جم جائے تو KALI MURE 6x، 3 گولی دن میں 3 بار چوسیں۔

☆ جوڑوں میں درد جو حرکت سے بڑھتے ہوں، آرام سے کم ہوں تو BRYONIA Ø کی مالش کریں۔

☆ جوڑوں کے درد جو آرام کرنے سے بڑھتے ہوں، حرکت سے آرام ہو تو RHUSTOX Ø کی مالش کریں۔

☆ سردی لگ جانے سے بیماری بڑھ جائے، قوت حیات تیزی سے ختم ہو رہی ہو، چہرہ اور بدن پر زردی ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بھول، وعدہ کر کے بھول جائے، اعصابی و دماغی کمزوریاں ہوں تو KALI PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ آلۂ تناسل مرجھایا ہوا، چھوٹا، قوت کمزور ہو تو LYCOPODIUM 30 دن میں 3 بار ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں لیں۔

☆ گنج جوانی میں، کنگھی کرنے سے بال گر رہے ہوں اور درد کریں تو SILICIA 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں اور ARNICA EXTERNAL TINCTURE ایک حصہ سرسوں کا تیل، دو حصہ ملا کر مالش کریں۔

☆ قبض پرانی ہو تو SULPHUR 30 نہار منہ۔پھر دو گھنٹے کے بعد NUXVOMICA 30 ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں باری باری دیں۔بواسیر کے لئے بھی یہی دیں۔

بائیوکیمک ادویات BIO-CHEMIC MEDICINES

بائیوکیمک ادویات عام طور پر دو حالتوں میں پائی جاتی ہیں:

(ا) سفوف (POWDER) (۲) گولیاں (TABLETS)

بچوں کو ایک گولی اور بڑوں کو چار گولی بیماری کی نوعیت کو دیکھتے ہوئے دن میں 3 بار یا زیادہ یا کم دینی چاہیے۔اس کے لئے ڈاکٹر کا مشورہ انتہائی ضروری ہے۔دوائی کھانے کا طریقہ یہ ہے کہ گولیاں یا سفوف زبان پر رکھ کر چوسیں۔

اگر مریض کوئی بدبو یا خوشبو والی چیز استعمال کرنے کا عادی ہو تو اسے چھوڑ دے۔اس سے دوائی کی افادیت متاثر ہوتی ہے۔مثلاً کچا لہسن، کچا پیاز، حقہ، سگریٹ، بیڑی، تمباکو وغیرہ۔اگر یہ اشیاء نہیں چھوڑ سکتا تو دوائی کھانے سے دو گھنٹے پہلے ایسی کوئی چیز استعمال نہ کرے اور منہ کو اچھی طرح صاف کر لے اور دوائی کے استعمال کے بعد بھی دو گھنٹے تک ایسی کوئی چیز استعمال نہ کرے۔بائیوکیمک ادویات کو ہاتھ میں لے کر نہ کھائے بلکہ کاغذ پر دوائی رکھ کر براہ راست منہ میں ڈال کر چوس لے۔

کالی فاس KALI PHOS OR POTASSIUM PHOSPHATE

یہ نمک پوٹاشیم فاسفورس اور آکسیجن کا مرکب ہے۔یہ نمک حیوانات اور انسانوں کے اعصاب میں پایا جاتا ہے۔اس میں موجود آکسیجن سانس لینے کے عمل میں مدد دیتی ہے اور پھیپھڑوں میں تقویت پیدا کرتی ہے۔اس کی کمی پٹھوں کو کمزور کر دیتی ہے۔خاص طور پر دماغی اعصاب کام کرنا چھوڑ دیتے ہیں جس کی وجہ سے بھول کا مرض پیدا ہو جاتا ہے۔

CALCAREA PHOS OR CALCIUM PHOSPHATE کلکیر یافاس

یہ نمک حیوانی خون اور ہڈیوں میں بکثرت پایا جاتا ہے۔ یہ ہڈیوں کو مضبوط کرتا ہے۔ اگر اس نمک کی کمی ہو جائے تو ہڈیاں نرم اور لچک دار ہو کر ٹیڑھی خمدار ہو جاتی ہیں اور انسان مجبور ہو جاتا ہے کہ جھک کر اٹھے، بیٹھے اور چلے پھرے۔

اگر CALCAREA PHOS دبلے پتلے بچے یا آدمی کو دیا جائے تو وہ جلد موٹے تازے اور صحت مند ہو جائیں گے اور اگر بہت موٹے اور بھدے جسم والے شخص کو کھلائی جائے تو یہ وجود کو حد اعتدال پر لے آتا ہے۔

FERRUM PHOS OR IRON PHOSPHATE فیرم فاس

اس نمک کی کمی ورم اور سوزش پیدا کرتی ہے۔ مثلاً نزلہ، زکام، کھانسی، بخار، سانس کی تنگی، سر درد، گلے کا درد، زبان کی سرخی، گلے، معدہ اور مثانہ کا ورم اس نمک کے زیر اثر ہے۔ خون کی کمی کو بھی دور کرتا ہے۔ زبان کی سرخی کے ساتھ چھالے ہوں تو اس کے لئے بھی اکسیر دوائی ہے۔

کلکیر یا فلور

CALCAREA FLOURECUM OR CALCIUM FLOURIDE(CaF_2)

کلکیر یا فلوریسیا دانتوں، ریشوں، ہڈیوں اور جلد میں پایا جاتا ہے۔ اس کی کمی دانتوں، ناخنوں، ریشوں، ہڈیوں اور جلد کو متاثر کرتی ہے اور ان اعضاء کے امراض پیدا ہوتے ہیں۔

NATRUM PHOS OR SODIUM PHOSPHATE نیٹرم فاس

نیٹرم فاس ایسا نمک ہے جو صفراوی غلبہ کو کم کرتا ہے۔ مادہ تولید کو گاڑھا کرنے میں اکسیر کا کام کرتا ہے۔

NATRUM SULPH OR SODIUM SULPHATE نیٹرم سلف

نیٹرم سلف بھی نیٹرم مور کی طرح جسمانی رطوبتوں میں پانی کی مقدار کو برقرار اور حد اعتدال پر رکھنے کے کام آتا ہے۔

NATRUM MURE OR SODIUM CHLORIDE نیٹرم مور

نیٹرم مور عام طور پر کانوں اور سمندر سے پانی کو سکھا کر حاصل کیا جاتا ہے۔ قدرتی طور پر بکثرت پایا جاتا ہے۔ اس لئے ہر جگہ دستیاب ہے۔ نیٹرم مور انسانی وجود کے ہر اعضاء میں موجود ہوتا ہے۔ اس کا کام پانی کو جذب کرنا اور جسم میں پانی کی مقدار کو حد اعتدال پر لانا ہوتا ہے۔ اگر جسم میں اس نمک کی کمی ہو جائے تو پانی جسم سے پسینہ کی صورت میں خارج ہونے لگے گا اور اگر یہ نمک جسم میں ختم ہو جائے تو پانی کی مقدار بھی جسم سے ختم ہو جائے گی۔ جس کی وجہ سے زکام کا مرض پیدا ہو جائے گا۔ پیاس حد سے زیادہ محسوس ہوگی۔ جسم پھول کر کپّا بن جائے گا۔ خون پتلا ہو جائے گا اور خشکی کی وجہ سے جلد پر خارش ہوگی اور دانے نکل آئیں گے۔

KALI MURE OR POTASSIUM CHLORIDE کالی مور

کالی مور تقریباً ہر مرض اور ورم میں فیرم فاس کے مقابلے میں دوسرا درجہ رکھتی ہے۔ بعض اوقات اسے فیرم فاس کے ساتھ استعمال کرنے سے بہترین نتائج حاصل ہوتے ہیں۔

میگنیشیا فاس

MAGNECEA PHOS OR MAGNESSIUM PHOSPHATE

میگنیشیا فاس کی کمی ہو جائے تو تشنج اور اعصابی دردوں جیسے مرض پیدا ہو جاتے ہیں۔ دبلے پتلے کمزور اعصابی مرضوں میں مبتلا ہونے کی وجہ سے غم اور فکر جیسی تکالیف پیدا ہو جاتی ہیں۔ اس نمک کو گرم پانی سے دینے پر بہترین نتائج حاصل ہوتے ہیں۔ زیادہ مطالعہ کی وجہ سے سر درد جو گردن سے لے کر سر کے اگلے حصے تک جائے، کے لئے اکسیر دوائی ہے۔

SILICIA سیلیشیا

سیلیشیا کو نشتر قدرت بھی کہتے ہیں۔ یہ پھوڑوں کو پکا کر ان کا مواد خارج کرنے اور زخموں کو مندمل کرنے میں لاثانی ہے۔ یہ ریت کا ایک جزو ہے جسے SILICA(SiO_2) کہتے ہیں۔ یہ نمک جوڑوں، ہڈیوں اور جلد پر اثر کرتا ہے۔ یاد رہے کہ SILICIA مواد کو پکا کر خارج کرتا ہے جب کہ CALCAREA SULPH پیپ بننے کو روکتا ہے۔

CALCAREA SULPH OR CALCIUM SULPHATE کلکیر یا سلف

یہ ایک ایسا نمک ہے جو خون میں ہونے والے فساد کو ختم کرتا ہے۔ جب پھوڑے پھنسی میں پیپ خون کے ساتھ خارج ہو تو بہترین کام کرتا ہے۔

KALI SULPH OR POTASSIUM SULPHATE کالی سلف

کالی سلف ایک معدنیاتی نمک ہے اور عام طور پر آتش فشاں پہاڑوں پر پایا جاتا ہے۔ جب لاوا نکلتا ہے تو اس کی گرمی سے یہ بھی پگھل کر باہر آ جاتا ہے اور جسم کے تقریباً تمام امراض میں استعمال ہوتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ آتشک کا مرض ہو تو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ آشوب چشم، آنسو جن کا ذائقہ نمکین، سرخی، ورم اور خارش ہو تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ آنکھ میں ککرے، سرخی، دھند، جالا، سفید کیچڑ جو آنکھوں کو بند کر دے، چبھن مگر پانی نہ نکلے تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ آنکھوں میں چبھن جیسے کوئی ذرہ آنکھ میں چبھ گیا ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ آنکھیں درد کریں، سر اور دماغ کی کمزوری کی وجہ سے تو CALCAREA PHOS 6x دن میں

3بار3 گولی چوسیں۔

☆ آنکھوں سے پانی بہے، پھنسیاں نکلیں اور پڑھتے وقت حروف ایک دوسرے کے ساتھ مل جائیں تو SILICIA 3x صبح، دوپہر، شام3 گولیاں چوسنے کودیں۔

☆ آنکھوں میں سرخی، جلن، روشنی سے نفرت، چلنے پھرنے سے آنکھوں میں درد ہو تو FERRUM PHOS 3x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسیں۔

☆ آنکھوں کا درد زیادہ کام کرنے اور دماغ پر بوجھ پڑنے سے، لکھنے کے بعد آنکھوں کے سامنے دھند ہو توCALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسیں۔

☆ آنکھوں کے اندرونی حصہ میں پھنسیاں جہاں سے زرد رنگ کا پانی اور پیپ نکلے، ہر شے آدھی نظر آئے تو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسنے کودیں۔

☆ آنکھوں میں ککرے، سبز کیچڑ، روشنی سے ڈر، نظر کمزور ہوتو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ آنکھوں سے سفید کیچڑ نکلے جو آنکھوں کو چپکا دیں، خارش اور جلن ہو، پڑھتے وقت سوج جائیں اور ان سے ستارے نظر آئیں تو NATRUM PHOS 6xدن میں3بار3 گولی چوسیں۔

☆ اعصاب کمزور ہوں، سانس میں دقت ہوتو KALI PHOS 6xدن میں 3بار 3 گولی چوسیں۔

☆ اندھا پن دن کا ہوتو CALCAREA FLOUR 6xصبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ بچہ ضدی، روتا رہے، تسلی دینے سے ناگواری کا اظہار، تنہائی پسند، جسم ٹھنڈا، ڈکار آئیں تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسیں۔

☆ بچہ پیدا ہونے کی تمام تکالیف کو دور کرنے کے لئے CALCAREA FLOUR 6x ہر ایک گھنٹے کے بعد3 گولی چوسیں۔

☆ بخار میں زبان خشک اور بھوری، نیم غشی TYPHIDE میں ہذیان میں اکسیر ہے، KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسنے کودیں۔

☆ بخار کے ساتھ پیاس اور بے چینی بہت زیادہ ہوتوCALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ بخار سردی لگنے سے مگر پسینہ کھل کر نہ آئے تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسیں۔

☆ بخار ایسا کہ بدبودار کھٹا پسینہ آئے، حرارت ہونے کے بعد قے صفراوی مواد بکثرت خارج ہو، سہ پہر کو بخار بڑھ جائے تو NATRUM PHOS 6x دن میں3بار3 گولی چوسیں۔

☆ بخار کسی قسم کا بھی ہو جب کہ زبان پر سفید خشک یا لیسدار تہہ اور شام کے وقت سردی کے ساتھ بخار چڑھے تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسنے کودیں۔

☆ بخار میں پسینہ لانے کے لئے KALI SULPH 6x صبح، دوپہرم، شام3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ بخار میں تشنج، سردی، کانپے، دانت بجائے، پنڈلیوں میں تشنج، پسینہ بہت، پیاس ندارد ہو تو MAGNESIA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسیں۔

☆ بخار کے دوران سر پر ہتھوڑے چلنے کا احساس، چائے سے اضافہ، صبح تکلیف بڑھ جائے تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسیں۔

☆ بخار سرخ، زبان پر زرد لیسدار تہہ ہوتو KALI SULPH 6x صبح، دوپہرم، شام3 گولیاں چوسنے کودیں۔

☆ بخار پیٹ کے کیڑوں کی وجہ سے ہو تو NATRUM PHOS 6xدن میں 3بار3 گولی چوسیں۔

☆ بخاروں میں غشی یا بے ہوشی طاری ہو تو FERRUM PHOS 6x کے ساتھ NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام3,3 گولی باری باری چوسیں۔

☆ بدہضمی کی وجہ سے پیٹ پھولا ہوا اور درد غذا کھا کر قے اور پھر بھوک لگ جائے، سبز دست ہوں تو FERRUM PHOS 3x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسیں۔

☆ بدہضمی، کھٹے ڈکار، کھانے کے بعد پیٹ درد، تلی اور جگر میں درد، قبض کے ساتھ زبان پر کانٹے، پیچس میں خون ملی آنوں خارج ہوتی ہوتوKALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسنے کودیں۔

☆ بزدل، اداس، مایوس، دماغ سے سوچ کر کام نہ لے، گانے سے طبیعت اور بھی اداس، تنگ مزاج، بولنا ناپسند، خاموش، ڈراؤنے خواب آئیں توNATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسیں۔

☆ بواسیر خونی ہو یا بادی ہو، مسّے جن میں بے چین کردینے والی خارش ہو تو CALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسیں۔

☆ بواسیر حمل کے دوران ہوجائے تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسیں۔

☆ بہرہ پن اس دوائی سے واپس آ جاتا ہے۔ قدرتی روغن ساعت CALCAREA FLOUR 6x کو کہہ سکتے ہیں۔ یہ دن میں3بار3 گولی چوسیں۔

☆ بہرہ پن، کانوں سے گاڑھا، پیلا، خون ملی پیپ نکلے، بیرونی کان پر پھنسیاں اور ان میں خارش ہو تو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسنے کودیں۔

☆ بھڑ، مچھر وغیرہ کے کاٹنے کی تکالیف ہو یا نمک کی زیادتی کی وجہ سے جلدی تکالیف ہوگئی ہوں تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسیں۔

☆ بھگندر ہوتو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ بھوک بہت لگے یا بھوک مر جائے (بخار سے اٹھنے کے بعدخون کی کمی سے وجہ سے)تو FERRUM PHOS 3x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ بھوک بہت لگے یابالکل نہ لگے،کھانے پینے کے باوجود کمزور،نمکین چیزیں پسند کرے، پانی کی طرح قے آئے تو NATRUM MURE 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ بھول کا مرض ہو تو KALI PHOS 6x دن میں 3بار 3 گولی چوسیں۔

☆ بھولنے کا مرض، وعدہ کرکے بھول جائے یا کہی ہوئی بات یاد نہ رہےتو CALCAREA PHOS 6x دن میں3بار3 گولی چوسیں۔

☆ پاخانہ کی بار بارخواہش لیکن پاخانہ نہ آئے، اگر آئے تو درد کے ساتھ بدبو دار، پیٹ میں درد اور قے ہو توCALCAREA PHOS 6x دن میں3بار3 گولی چوسیں۔

☆ پاخانہ بے قاعدہ کبھی آئے کبھی نہ آئے ،درداور دقت ہو، بار بارکوشش بے کار، پاخانہ کے بعد پیٹ درد، ہوا خارج ہونے سے افاقہ ہوتوNATRUM MURE 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ پاخانہ ریح خارج کرتے وقت نکل جائے تو NATRUM PHOS 6x، 3 گولی دن میں تین بار دیں۔

☆ پریشانی، افسردگی، غربت اور مفلسی کی وجہ سے ہو تو دماغی توازن کو برقرار رکھنے کے لئے CALCAREA FLOUR 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ پھنسیاں آلۂ تناسل پر ہوں تو CALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ پھنسیاں، چھالے جن سے زرد لیسدار پانی نکلے اور جلد سے چھلکے اتر کر زخم بن جائیں تو KALI SULPH 6x صبح،دوپہرم،شام3 گولیاں چوسنےکودیں۔

☆ پھنسیاں، پھوڑے، کاربنکل اس طرح سے ہوں کہ ان سے پیپ خون کی ملاوٹ کے ساتھ خارج ہو تو CALCAREA SULPH 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسنےکودیں۔

☆ پھوڑے، پھنسیاں جسم کے کسی بھی حصے میں ہوں توCALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ پیٹ میں کیڑے جن کی وجہ سے معدہ میں خارش ہواور نیند نہ آسکے تو CALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ پیٹ میں کیڑے ہوں تو NATRUM SULPH 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ پیٹ میں کیڑے، مقعد میں جلن، پاخانہ کے بعد درد، قبض رہے، پاخانہ کی بار بار حاجت، دست بدبودار اور ریح زور

سے خارج ہوتو NATRUM SULPH 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ پیشاب باربار درداور ٹیس کے ساتھ کمزور اور بوڑھے لوگوں کو آئے توCALCAREA PHOS 6x دن میں 3بار3 گولی چوسیں۔

☆ پیشاب بچوں کو بار بار آئے، بستر پر پیشاب نکل جائے، ٹیس، خارش اور جلن، رنگ سرخ اور شگر بھی ہوسکتی ہے اس حالت میں KALI PHOS 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسنےکودیں۔

☆ پیشاب زرد جس میں شگر آتی ہو تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ پیشاب بار بار قطرہ قطرہ زور لگانے سے خارج ہو،پیشاب سفیدی مائل زرد ہو تو NATRUM PHOS 6x دن میں3بار3 گولی چوسیں۔

☆ پیشاب کی نالی میں درد،جلن اور خارش ہوتوCALCAREA PHOS 6x دن میں3بار3 گولی چوسیں۔

☆ پیشاب کے ساتھ اگر پیپ اور خون کا اخراج ہوتوCALCAREA SULPH 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسنےکودیں۔

☆ پیشاب بچوں کا رک جائے تو FERRUM PHOS 3x صبح، دوپہر ،شام 3 گولی چوسیں۔

☆ پیشاب کرنے پر مثانہ میں ورم کی وجہ سے درد، بار بار پیشاب کرے اور رنگ دار ہوتوFERRUM PHOS 3x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ پیشاب کے ساتھ پیپ ہوتو SILICIA 3x صبح،دوپہر،شام3 گولیاں چوسنےکودیں۔

☆ پیشاب کی نالی میں از حد درد شوگر کی وجہ سے، پیشاب میں خون اور رنگ زردی مائل ہو تو NATRUM MURE 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ تلی اور جگر بڑھ جائے بخار کی وجہ سے، جوڑوں میں درد، قبض، ہاتھ پیر ٹھنڈے ہوں تو NATRUM MURE 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ ٹی بی (تپ دق) کا مریض قریب المرگ ،کھانسی میں پیپ اور خون ملے ہوئے خارج ہوں تو CALCAREA SULPH 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسنےکودیں۔

☆ جریان ہوتو CALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ جگر بڑھ گیا ہو اور درد کرتا ہویا جگر نے کام کرنا چھوڑ دیا ہو،زبان پر سفید سلیٹی رنگ کی تہہ بوجہ قبض ہوتو KALI MURE 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسنےکودیں۔

☆ جلد بازی طبیعت میں پائی جائے، حافظہ کمزور، جھگڑالو، اعتدال سے محروم ہو تو NATRUM MURE 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ جلد کی خرابی جن میں پانی کی طرح پتلی رطوبت نکلتی ہو مثلاً پھنسیوں سے، تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ جنسی مردانہ اور زنانہ کمزوری کے لئے KALI PHOS 6x اور CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3، 3 گولیاں باری باری دینے سے مرد کی کمزوری اور بے اولاد عورت با اولاد ہوجاتی ہے۔

☆ جوڑوں کا درد جس کے وجہ سے لنگڑا لنگڑا کر چلنا پڑے، اعصاب کمزور ہوں تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ جوڑوں کا درد جو جگہ تبدیل کرتے ہیں تو KALI SULPH 6x صبح، دوپہرم، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ جوڑوں میں درد ہو تو CALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ جوڑوں کا درد ہو تو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ چہرے پر بدنما دھبے، داغ، کیل نکل آئیں بوجہ حیض کی خرابی، چہرہ زرد ہو تو CALCAREA PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ چہرہ پر جوانی کے آغاز میں کیل اور مہاسے جن سے کھجانے پر خون نکلے تو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ چہرے پر جھریاں، جوانی میں بوڑھا معلوم دے، چھائیاں، کیل، مسّے، دھبے اور خارشی پھنسیاں ہوں تو CALCAREA PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ چہرے کا رنگ مٹیالا، کمزوری، بخار میں چہرہ سرخ ہو تو FERRUM PHOS 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ چہرہ پر پھنسیاں اور خارش ہو تو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ حافظہ کمزور، کمر اور سر میں عصبی درد ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ حیض کم اور لیکوریا زیادہ ہو تو CALCAREA PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ حیض جلدی، کھٹی بو، مقدار کم، پستان سوج جائیں تو SILICIA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ حیض کی زیادتی ہو، بدن تھکان اور کمزوری محسوس کرے تو CALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ حیض دیر سے کم آئے KALI SULPH 6x صبح، دوپہرم، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ حیض بے قاعدہ، رک جائے یا جلدی جلدی کثرت سے آئے جس سے مریض از حد کمزور، کمر اور سر میں درد، خون ملا تھوک، دل کمزور، پاؤں ٹھنڈے ہوں تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ حیض میں کاٹنے والا درد اور جلدی جلدی اور دیر تک رہے، خون جما ہوا سیاہ رنگ کا ہو تو

KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ حیض میں تشنجی درد، مقدار کم، خون سیاہی مائل ہو تو MAGNESIA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ حیض بہت زیادہ اور درد سے آئے، رحم میں درد ہو، کمر اور سر میں درد، اعصاب میں کمزوری اور سستی ہو تو FERRUM PHOS 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ خناق، حلق میں درد، تھوک بھی نہ نگلا جاسکے تو KALI MURE 6x کو FERRUM PHOS 6x کے ساتھ صبح، دوپہر، شام 3،3 گولی باری باری چوسنے کو دیں بلکہ غرارے بھی کریں۔

☆ خوف، مایوسی، تھکاوٹ اور کمزوری ہو تو SILICIA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیں چوسنے کو دیں۔

☆ دانت سرد گرم ہوگئے ہوں تو CALCAREA PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ دانت بچے کے نکلنے کے وقت، دست، بدہضمی، قے کا شافی علاج اور دانت باآسانی نکلیں تو CALCAREA PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ دانت درد جو بند گرم کمرے میں زیادہ ہو مگر کھلی ہوا میں آرام ہو تو KALI SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ دانت درد، مسوڑھے سوج کر سرخ، ٹھنڈی چیز سے فائدہ مگر گرم چیز اور حرکت سے تکلیف ہو تو FERRUM PHOS 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ دانت درد گرم چیزوں سے زیادہ، ٹھنڈی چیزوں سے افاقہ ہو تو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ دانت نکالتے وقت بچوں کو بخار ہوجائے، زبان سرخ اور کانٹے ہوں تو FERRUM PHOS 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ دانت میں درد جو اپنا مقام بدلتا رہے، بخار بھی ہو، ٹھنڈی چیزوں سے اضافہ، زبان صاف اور سوجی ہوئی ہو تو MAGNESIA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ دانت درد سرد گرم ہونے سے ہو، مسوڑھوں سے نمکین خون نکلے، پھول جائیں تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ دانتوں میں کیڑے لگ جائیں تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ درد عصبی، چہرہ میں ٹیس کہ اسے چھونا برداشت نہ ہو تو MAGNESIA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ دست بغیر درد کے پتلے اور بلا ارادہ نکل جائیں اور پھر قبض ہوجائے جو بواسیر پیدا کرے، مقعد میں درد و جلن ہو تو

NATRUM MURE 6x صبح ،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ دل کی تکلیف،دوران خون میں خرابی،خون کی کمی ہوتوCALCAREA PHOS 6xدن میں3بار3 گولی چوسیں۔

☆ دل کی کوئی بھی تکلیف ہو KALI MURE 6xاور FERRUM PHOS 6x صبح ،دوپہر، شام3,3 گولی باری باری چوسنے کودیں۔

☆ دل کی حرکت تیز،ٹیسیں مارنے والا درد،سڑے ہوئے ڈکار،غذا واپس منہ میں آئے،معدہ میں درد،بدہضمی ،قے ، دست،غلاظت کی وجہ سے آنتوں میں کیڑے ،مقعد میں درد، مثانہ میں کھچاؤ اور پیشاب رک جائے تو MAGNESIA PHOS 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ دل کی حرکت بے قاعدہ ،زیادہ چلنے سے دھڑکن تیز،نبض کمزور، سیڑھیاں چڑھتے ہوئے سانس پھولے تو KALI PHOS 6x صبح ،دوپہر،شام3 گولی چوسنے کودیں۔

☆ دماغی حالت ایسی کہ مریض کبھی کچھ خیال کرے کبھی کچھ،ایک خیال پر جمانہ رہ سکے،دماغی حالت ہر چیز گھومتی معلوم ہوتوFERRUM PHOS 3x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ دماغی حالت ایسی کہ مریض بہت باتیں کرے، دماغی جنون،سرکو ہلانے سے سر درد،خون کا دورہ سر کی طرف ہوتو FERRUM PHOS 3x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ دمہ،بلغم سے پُر گلا جس کی وجہ سے بولا نہ جائے تو KALI PHOS 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسنے کودیں۔

☆ دمہ،پیلی زرد بلغم جو پتلی ہواور با آسانی خارج ہوجائے تو KALI SULPH 6x صبح، دوپہرم، شام3 گولیاں چوسنے کودیں۔

☆ دمہ، کھانسی، کھانستے وقت سینے پر ہاتھ رکھے، چھاتی میں بلغم کی زیادتی سانس میں رکاوٹ بنے، کھلی ہوا کی طلب ہوتو NATRUM SULPH 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ رسولی جسم کے کسی بھی حصہ میں ہوتوCALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ رعشہ اور عصبی درد ہوتو KALI SULPH 6x صبح، دوپہرم، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ زبان پھولی ہوئی سخت،میلی سفیدی مائل جس پر کانٹے ابھر آئے ہوں اور تالو سے لگاتے وقت درد ہو،خصوصاً صبح کے وقت ذائقہ کڑوا ہوتوCALCAREA PHOS 6xدن میں3بار3 گولی چوسیں۔

☆ زبان کا ذائقہ ختم، خشک ،تالو سے چپکی ہوئی، زردی مائل سفید اور چھالے ،کناروں پر جلن درد ہو تو NATRUM MURE 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ زبان پر زرد لیسدار میل،صبح اٹھتے وقت زبان خشک اور سوجی ہوئی ہوتوKALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کودیں۔

☆ زبان کا ذائقہ کھٹا، پچھلا حصہ سفید،احساس جیسے زبان پر بال اُگے ہوئے ہوں،ناک کان اور آنکھ کی سوزش،معدہ، حلق ،گلٹیوں کی تکلیف وسوزش ، جوڑوں میں درد، پیشاب بار بار ہوتو NATRUM PHOS 6xدن میں 3بار3 گولی چوسیں۔

☆ زخم گہرے جن سے سخت بو آئے،بغل سے بدبودار پسینہ، جوڑوں میں درد، گھٹنوں میں ورم و درد، چلنے پھرنے میں کھچاوٹ ہوتو SILICIA 3x صبح،دوپہر،شام3 گولیاں چوسنے کودیں۔

☆ سر درد، بری عادتوں کی وجہ سے اعصابی کمزوری اس کا سبب بنتا ہے۔ سر پر بکثرت پسینہ اور بال گریں تو SILICIA 3x صبح،دوپہر،شام3 گولیاں چوسنے کودیں۔

☆ سر درد قبض کی وجہ سے اور بھاری پن ہوتوCALCAREA FLOUR 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ سر درد جو بند کمرے میں زور پکڑے اور کھلی ہوا میں کمی ہوتو KALI SULPH 6x صبح،دوپہرم،شام3 گولیاں چوسنے کودیں۔

☆ سر درد، سر میں خون کی اس قدر کثرت کہ نکسیر آنے سے بھی درد کو آرام نہ آئے، کھانسنے کے ساتھ پیشانی میں پھٹنے والا درد خصوصاً سر کے پچھلے حصہ میں شدید درد جس سے سستی اور کمزوری ہوجائے ، پسینہ آنے سے افاقہ ہو تو NATRUM SULPH 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ سر درد ماتھے سے بڑھتے بڑھتے جو ناقابل برداشت ہو ،سر پر جیسے ہتھوڑے چل رہے ہوں تو NATRUM MURE 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ سوزاک کا مرض ہوتو NATRUM SULPH 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ سوزاک کی تکلیف ہوتوKALI MURE 6xبہترین دوائی ہے۔اس کی صبح، دوپہر،شام3 گولی چوسنے کودیں۔

☆ سونگھنے کی حس ختم ہوجائے،نزلہ،چھینکیں ہوں تو NATRUM MURE 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ سونگھنے کی طاقت جاتی رہے،بو کا احساس جاتا رہے تو MAGNESIA PHOS 6x صبح، دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ شک، تنگ نظر(PASSIMIST)خیالات منتشر ہوں توKALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کودیں۔

☆ شوگر ہوتو NATRUM SULPH 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ شوگر کی وجہ سے پیشاب کی نالی میں از حد درد اور پیشاب زردی مائل ہوتو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ شہوت کی کثرت عورت میں ،پیشاب کی نالی میں درد جلن اور خارش کی وجہ سے ہو تو

CALCAREA PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ عرق النساء، جوڑوں کے تشنج کے ساتھ درد ہو تو MAGNESIA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ عضلات ڈھیلے ہوجائیں تو CALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ عورت کی کمزوری جو بچہ جننے کے بعد ہو تو CALCAREA PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ غم، تفکرات، ذہنی پریشانی اور ضد پائی جائے تو CALCAREA PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ قبض شدید کی وجہ سے پاخانہ کی حاجت نہ ہو، اگر پاخانہ آئے تو روک نہ سکے، دست بدبودار اور قے ساتھ ساتھ، پاخانہ نرم، مٹی رنگ ساتھ تھوڑی آنؤں خارج ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ قبض، دورانِ حیض یا قبل حیض آدھا پاخانہ خارج ہو اور پھر واپس مقعد میں چلا جائے، پیٹ پھولا ہوا کیڑوں کی وجہ سے درد ہو تو SILICIA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ قبض کبھی دست، پاخانہ روک نہ سکے، ریح خارج کرتے وقت پاخانہ نکل جائے تو NATRUM PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ قبض TYPHOID بخار میں ہو تو KALI MURE 6x اچھا کام کرتی ہے۔ اس کی صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ قبض دائمی ہو تو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ کان کے مرکز اور بیرونی کان میں درد اور خارش ہو مگر کھجانے سے جلن اور خون بہہ نکلے، سفید رطوبت نکلے تو NATRUM PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ کان بند اور گہرے زرد رنگ کی پیپ خارج ہوتی ہو تو SILICIA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ کان میں درد ہو تو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ کانوں سے میل اور خون خودبخود خارج ہو، اندر باہر سے سوجن اور درد، سردی سے جلن ہو تو FERRUM PHOS 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ کانوں میں درد، ورم، درد گلے تک جائے، گاڑھی میل نکلے تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ کانوں کی نالی سوج جائے، پیپ نکلے اور کانوں کی پچھلی طرف خارش ہو تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ کمزور دبلے پتلے شخص اور بچے کو موٹا تازہ صحت مند بنانے کے لئے CALCAREA PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ کمزوری، پٹھوں میں درد، جسم کانپے، سستی، کاہلی، سیڑھیاں چڑھے تو سانس پھولے تو CALCAREA PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ کھانسی خشک، کھانسی سے کھایا پیا قے ہوجائے تو FERRUM PHOS 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ کھانسی بچہ کو جس سے بے حال ہوجائے، حلق میں ٹیس اٹھے، بلغم نمکین، چھاتی میں درد ہو تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ کھانسی شدید اور خشک ہو تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔ اگر بلغم بھی ہو تو FERRUM PHOS 6x کے ساتھ باری باری 3,3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ کھانسی درد کے ساتھ اور کھچاوٹ، ہوا کی نالی بند ہونے کا خطرہ، گلے میں رطوبت ٹپکے تو MAGNESIA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ گردن کے غدود ورم زدہ، درد جو نگلنے میں دقت کرے، شانے درد کریں جو چلنے سے کمی، جوڑوں میں درد ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ گردہ میں درد، پیشاب میں پیپ جس سے جلن اور سوزش، بار بار حاجت مگر رک کر آئے، صبح کے پیشاب میں زرد یا سفیدی مائل چیز تہہ میں بیٹھے، شوگر ہو اور سرخ ریت آئے تو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ گلٹیوں میں آتشک کی وجہ سے پیپ پڑ گئی ہو تو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ گلے میں درد، آواز بند ہوجائے یا تقریر کے بعد گلہ بیٹھ جائے تو FERRUM PHOS 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ گلے پڑ جائیں، منہ خشک، کھانا بھی نہ نگلا جائے، گلا تقریر کرنے سے بیٹھ جائے، حلق میں درد اور آواز بھدی ہو تو CALCAREA PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ گلا سردی سے بیٹھ جائے یا آواز بند ہوجائے، بولنے سے گلا درد کرے تو KALI SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ گلے کے اندر زخم، شدت سے درد اور ان سے خون خارج ہو تو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ گلے میں صبح رطوبت، حلق سے بلغم خون ملا، درد کرے، سیڑھیاں چڑھنے پر حلق میں چوٹ لگے تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ گنج پن کیلئے KALI SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیں چوسنے کو دیں۔

☆ گنج ہو، بال بچوں کے نہ اُگیں، سر پر زخم جن کو دبانے سے پیپ نکلے اور زخموں پر کھرنڈ بن جائیں، کنگھی پھیرنے سے بال جھڑتے ہوں، انتہائی خشکی ہو تو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ لیکوریا بکثرت جس سے دیوانگی (ہسٹیریا) پیدا ہو، کبھی ہنسے کبھی روئے، حیض کے دوران پستان میں ورم، حمل میں خون ملی رطوبت اور درد خصوصاً رات کو ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ لیکوریا سفید پانی سبزی مائل خارج ہو تو KALI SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ لیکوریا ہو تو CALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ لیکوریا سفید پانی جس کے ساتھ خارش اور جلن ہو تو SILICIA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ لیکوریا ہو جس میں خون کی آمیزش ہو تو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ لیکوریا، گٹھلی دار مواد خارج ہو تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ مادہ تولید پتلا ہو تو اسے گاڑھا کرنے کے لئے NATRUM PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ مذہبی خبط میں مشغول اور مریض دیوانگی کی حد تک پہنچ جائے تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ مرض کوئی بھی ہو ابتدائی درجہ میں اگر زبان سرخ اور کہیں کہیں سرخی کے ساتھ چھالے بھی ہوں تو FERRUM PHOS 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ مسوڑھے پھول جائیں اور ان میں سوزش پیدا ہوگئی ہو تو CALCAREA PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ مسوڑھے ورم زدہ جن سے پیپ اور خون کا اخراج ہوتا ہو تو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ مسوڑھوں میں پیپ پڑ کر مسوڑھے خراب ہوجائیں تو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ معدہ خراب، کھانے کے بعد قے اور قے میں خون، پیٹ بھر کر کھائے مگر بھوک پیاس کا پھر بھی غلبہ، میٹھی چیزوں کے سوا کوئی خواہش نہ ہو، دل کے مقام پر درد، پیٹ پھول جائے مگر خالی لگے، معدہ میں جلن اور بخارات دماغ کو جا رہے ہوں تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ معدہ خراب، کھانے کے بعد ہچکی اور قے صفراوی، بے مزہ ڈکار، جگر کے مقام پر درد جیسے جگر پھٹ جائے گا تو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ منہ سے سخت بدبو، منہ پر پھنسیاں اور زخم، گلے سے کانوں تک درد، چہرہ زرد ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ منہ میں ہر وقت پانی بھرا ہوا ہو تو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ منہ اور ناک سے بدبو آئے تو KALI SULPH 6x صبح، دوپہرم، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ منہ میں زخم، دانتوں میں درد، بدہضمی، کھٹے ڈکار، بچہ دودھ پیتے ہی قے کر دے تو SILICIA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ منہ کا ذائقہ کڑوا، زبان پر کانٹے جن میں ڈنگ لگنے کا سا درد ہو تو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ منہ سے کھانے کے بعد پانی، سفید لیسدار بلغم، ذائقہ نمکین، پیاس لگے لیکن زیادہ پانی نہ پی سکے، حلق خشک ہو تو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ موتیا بند میں یہ نمک اکسیر کا درجہ رکھتا ہے۔ اس مرض میں CALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ موتیا بند دھندلا نظر آئے اور آنکھوں سے پتلا مواد خارج ہو تو KALI SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ موٹے تازہ بے ڈھنگے جسم کو پتلا کر کے حد اعتدال پر لانے کے لئے CALCAREA PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

☆ ناخن زخمی یا چوٹ سے خراب ہوجائیں تو KALI SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ ناسور ہو تو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ ناسور، پرانے زخم یا خارش ہو تو KALI SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ نامردی، جماع کے بعد انتہائی کمزوری، احتلام ہو تو SILICIA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ نزلہ، زکام، کھلی ہوا میں چھینکے، ناک سے پانی بہتا ہو، رنگ زرد ہو تو KALI PHOS 6x ہر 30 منٹ کے بعد 3 گولی چوسیں۔

☆ نزلہ زکام کی وجہ سے چھاتی میں درد، کھانسی میں گندی زرد بلغم، نبض کمزور ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ نزلہ پیلے رنگ کا جس میں خون کی ملاوٹ ہو، ناک خشک اور بند ہو تو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ نزلہ، چھینکیں، سفید گندی رطوبت خارج ہو، نزلہ حلق میں گرتا ہوا محسوس ہو تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ نزلہ، زکام، کھانسی، بخار ،سانس کی تنگی، گلے، معدہ اور مثانہ کا ورم ہو ، خون بھی جاری ہو تو FERRUM PHOS 200 صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ نزلہ گلے میں گرتا ہوتو CALCAREA PHOS 6x دن میں 3بار 3 گولی چوسیں۔

☆ نزلہ، ناک سے پانی بہے، گلے میں بھی گرتا ہواور چھینکیں بھی آتی ہوں توCALCAREA PHOS 6x دن میں3بار3 گولی چوسیں۔

☆ نزلہ، زکام، ناک سے نمکین پانی نکلے، ناک بند اور خشک اور جلن ہوتو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ نزلہ جاری کبھی خشک، رطوبت نمکین گاڑھی، آنکھوں اور ناک سے پانی، ہوا لگنے سے بکثرت چھینکیں تو NATRUM MURE 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ نظر کمزور اور دھند بھی ہو، آنکھ میں چبھن بھی ہوتوKALI PHOS 6x صبح، دوپہر،شام3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ نکسیر کھانسی سے پھوٹ پڑے، ناک سے جما ہوا خون خارج ہوتو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسیں۔

☆ نیند میں عجیب وغریب خواب، بچہ خواب میں روئے، چلائے اور جاگ جائے، عیش وعشرت بھرے خواب، صبح دیر تک اٹھنے کو دل نہ چاہے، دماغی کمزوری کی وجہ سے نیند نہ آئے تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ نیند، اعصابی کمزوری یا دردوں کی وجہ سے بچوں یا بوڑھوں کو نہ آئے توFERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔ اگر یہی دوائی6x میں دی جائے تو بےخوابی پیدا کرتی ہے۔

☆ نیند غائب لیکن سوئے رہنے کو جی چاہے، اگر بیٹھے بیٹھے سو جائے تو جلد ہی بیدار ہو جائے ،شور سے نیند اکھڑ جانے کا ڈر ہوتوNATRUM PHOS 6x دن میں3بار3 گولی چوسیں۔

☆ ورم اور سوزش، گلا،معدہ،مثانہ جب کہ زبان کی رنگت سرخ ہوتوFERRUM PHOS 3x صبح، دوپہر،شام 3 گولی چوسیں۔

☆ ہاتھ کی ہتھیلیوں میں خارش، پٹھے کمزور اور بے حس پاؤں کے تلووں میں کھچاوٹ اور درد، ہاتھ پاؤں میں رعشہ ہوتو KALI PHOS 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ ہاضمہ خراب، بھوک لگے، کھانے کے بعد درد خصوصاً مرغن چیزیں درد پیدا کریں،قبض دائمی یا سبز رنگ کے دست صفراوی ہوں تو NATRUM PHOS 6x دن میں3بار3 گولی چوسیں۔

☆ ہڈیاں کمزوری کہ وجہ سے نرم اور لچکدار ہوکر ٹیڑھی ہوجائیں، جھک کر چلے پھرے تو

CALCAREA PHOS 6x دن میں3بار3 گولی چوسیں۔

☆ ہڈیوں میں سوزش ہوجائے تو CALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ یرقان،جگر خراب ہوتو NATRUM SULPH 6x صبح،دوپہر،شام3 گولی چوسیں۔

☆ یرقان سردی کی وجہ سے ہو،جگر بڑھ کر کام کرنا چھوڑ دے اور درد ہوتو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ یرقان صفراوی، خالی پیٹ رہنا اچھا لگے تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام3 گولی چوسیں۔

اپنڈکس (آنتوں کا ورم) APPENDICITIS

اس مرض میں آنت کا ایک سرا جو عموماً بند ہوتا ہے،سوج جاتا ہے۔اگر اس میں پاخانہ وغیرہ پھنس جائے تو خراش اور جلن پیدا ہوتی ہے اور ورم کی وجہ سے درد ہوتا ہے۔ درد ایسا کہ ناف کے اردگرد چھریاں چل رہی ہیں۔ قے اتنی زیادہ کہ پانی تک خارج ہوجاتا ہے۔کبھی قبض اور کبھی دست آتے ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ ابتداء میں بخار بھی ہو اور درد بھی ہوتوFERRUM PHOS 6x اور KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام3,3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔

☆ اگر درد زور پکڑ جائے،آنتوں میں تشنج اور قے ہوتوMAGNESIA PHOS 6x صبح،دوپہر،شام3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر قبض اور ناف کے اردگرد کاٹنے والے درد اور مریض سے ہلا تک نہ جائے توBRYONIA 30 کے۹قطرے صبح،دوپہر،شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر بخار، چہرہ سرخ، رات کو شدید درد، سخت ورم، زبان خشک ہوتوLACHISIS 30 کے۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر چہرہ زرد، قوت حیات ختم ، پیاس اور بے چینی، سردی لگے اور دست آئیں تو ARSENICUM ALBUM 30 کے۹قطرے صبح،دوپہر،شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ابتداء میں درد شدید،متاثر مقام پر ہاتھ لگانا مشکل، ہر30 منٹ کے بعدBELLADONA 30 کے۹قطرے صبح،دوپہر،شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

آنکھوں کی بیماریاں DISEASES OF THE EYES

عام طور پر آنکھوں میں مندرجہ ذیل امراض پیدا ہوتے ہیں: (۱) آنکھوں میں خارش (۲) آنکھوں کے باہر یا اندر پھنسیاں پیدا ہوجاتی ہیں (۳) بعض اوقات گر جانے سے سخت دماغی چوٹ سے نظر کمزور ہوجاتی ہے

(۴) آنکھوں سے پانی کا بکثرت اخراج (۵) آنکھوں میں جلن اور بعض اوقات آنکھیں روشنی میں کام نہیں کرتیں۔
(۶) آنکھوں میں سرخی اور سوزش پیدا ہو جاتی ہے۔(۷) آنکھوں کے باہر میل جم جاتا ہے۔(۸) آنکھ میں سفیدہ اور موتیا بند پیدا ہو کر بینائی ختم ہو جاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ آنکھوں میں سرخی، ورم اور پانی خارج ہو تو EUPHRASIA EYE DROPS آنکھوں میں ڈالیں اور EUPHRASIA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ آنکھ میں اگر موتیا بند ہو تو CALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں اور SUCCUS CINARARIA آنکھوں میں ڈالیں۔

☆ اگر صبح پپوٹے میل کی وجہ سے چپک جائیں اور کھل نہ سکیں تو MERCURIOUS SOL 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ آنکھوں میں خشکی اور ورم، روشنی برداشت نہ ہو تو BELLADONA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر نزلہ اور زکام کی وجہ سے آنکھوں سے بکثرت پانی خارج ہو، آنکھوں میں سرخی نہ ہو لیکن درد ہو تو KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو اور ARGENTUM NITRICUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ آنکھوں میں جلن، سرخی اور ورم لیکن کوئی چیز خارج نہ ہو تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ آنکھوں میں رڑک جیسی آنکھوں میں ریت پڑی ہو، آنکھوں کے سامنے دھواں اٹھتا ہوا محسوس ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ نظر کمزور، ایک کے دو نظر آئیں تو GELSEMIUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بغیر کسی علامت کے آشوب چشم ہو تو SULPHUR 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر بار بار گوہانجی نکلتی ہو اور زرد رنگ کا گاڑھا مواد نکلے تو PULSATILLA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ آنکھوں میں عصبی درد، نظر کمزور، بھینگا پن، پلکیں بند رہیں تو MAGNESIA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ موتیا بند کے آغاز میں MAG PHOS 6x دینے سے تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔

☆ بچوں کی نظر کمزور، روشنی ناگوار، دانت نکلتے وقت آشوب چشم ہو تو CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر،

شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ آنکھ کے جوڑوں میں درد ہو تو BRYONIA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ آنکھ کی چوٹ، صدمات ہوں تو بھی ARNICA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ آنکھوں کو زیادہ استعمال سے درد ہو تو ACTEA RACEMOSA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو اور RUTA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں باری باری دیں۔

احتلام وسرعت انزال NIGHT FALL OR ONEIROGEN

دراصل احتلام اور سرعت انزال ایک ہی مرض ہے۔سرعت کے معنی ہوتے ہیں منی کا جلدی انزال ہونا۔ مریض کو خواب میں شہوت کے ساتھ انزال ہو، خواب میں مبتلا ہو کر انزال ہو یا شہوت کے بغیر منی کا اخراج ہو یا ہر وقت چلتے پھرتے بلا لذت کپڑے خراب ہوتے رہیں۔ان تمام عوارض کا سبب کثرت مجامعت یا جلق یا تنہا زندگی گزارنا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر نیند کے بغیر پتلی منی کا اخراج ہو تو NATRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر عورت کی خواہش ہو مگر شہوت نہ آئے، درد سے احتلام ہو تو KALI PHOS 200x روزانہ 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر خصیوں میں ورم ہونے کی وجہ سے بلا ارادہ منی خارج ہو تو NATRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر آلات تناسل ڈھیلے، مکمل نا مردی، نہ خواہش اور نہ عمل کی طاقت، منی ضائع ہو تو AGNUS CAUSTUS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پیشاب سفید رنگ کا بار بار آئے، مریض کو شدید دماغی اور جسمانی کمزوری ہو تو ACID PHOS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر نیند کی حالت میں خواب کے بغیر احتلام ہو تو DIGITALUS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر عضو مخصوصہ کے گرد پسینہ آئے، اعضاء ڈھیلے، شہوت بالکل ختم ہو تو CALADIUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ شام کے وقت بار بار احتلام، سردرد، ہاضمہ خراب جو بچپن کی غلط کاریوں کی وجہ سے ہو تو NUXVOMICA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر شدید شہوت اور تحریک کے ساتھ احتلام ہو تو PICRIC ACID 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک

گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ احتلام کی وجہ سے سخت مایوسی، خودکشی کا ارادہ کرے تو AURUM METALLICUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پتلی منی جو اپنی صفات ضائع کرچکی ہو، عضو مخصوصہ پر پھنسیاں اور جماع کی خواہش ختم ہوچکی ہو تو SULPHUR 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

آتشک SYPHILIS

آتشک ایک خاص قسم کے جراثیم (GERMS OF SYPHILIS) کی وجہ سے ہوتا ہے جو خوردبین کے ذریعہ نظر آتا ہے۔ یہ موروثی مرض ہے جو ماں باپ یا کسی ایک کو یہ مرض ہوجائے تو نطفہ کے ذریعہ اولاد میں منتقل ہوجاتا ہے۔ اول تو آتشک کی مریضہ کا نطفہ قرار نہیں پاتا۔ اگر ٹھہر جائے تو ضائع ہوجاتا ہے۔ اگر بچہ پیدا ہوجائے تو مرجاتا ہے۔ اگر بچ جائے تو اسے بے شمار امراض لاحق رہتے ہیں۔

آتشک زدہ بچے کو دودھ پلانے والی دایہ کو یہ مرض لگ جاتا ہے اور پھر اس دایہ سے صحت مند بچہ کو دودھ پلانے سے منتقل ہوجاتا ہے۔

آتشک کا مرض مرد سے عورت کو اور عورت سے مرد کو با آسانی منتقل ہوجاتا ہے۔ آتشک زدہ عورت کا بوسہ لینے سے بھی یہ مرض ہوجاتا ہے۔ آتشک میں کئی قسم کے جلدی امراض پیدا ہوجاتے ہیں۔ اعضاء تناسل پر ایک پھنسی نکل آتی ہے جسے شنکر کہتے ہیں جو پھیلتے پھیلتے کئی پھنسیوں کی شکل اختیار کرلیتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ آتشک کی ابتداء جس میں منہ سے بدبودار پانی کا اخراج ہوتا ہو تو MERCUROUS VIVUS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ آتشک میں بخار، سوزش اور درد ہو تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر آتشک میں منہ سے بدبو اور مسوڑھوں سے خون آئے تو ACID NITRIC 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر اعضاء تناسل سے رطوبت نکلے، سخت جلن اور درد ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ نرم ساز خم، جنگلاس میں گلٹی پھول جائے، سفید یا سلیٹی مائل سفید زبان، آتشک کی گرمی سے اکثر زبان نیلی کالی ہو تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر آتشک کی وجہ سے ہڈیاں بے کار ہوجائیں، ناک گل سڑ جائے، ناک سے سخت بدبو اور مریض انتہائی غم زدہ ہو تو

AURUM METALLICUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر سر کی کھوپڑی اور ٹھوڑی پر خارش والی پھنسیاں، تانبے کے رنگ کے داغ آلۂ تناسل پر ہوں تو SULPHUR 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ آتشک کی علامات بڑھ رہی ہوں، خاص کر آتشک پرانا ہوچکا ہو تو KALI SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

اعصابی تناؤ NERVOUS TENSION

ریڈیو، فلمیں، ٹیلیویژن کے علاوہ فحش لٹریچر، رسالے، ناول، ننگی اور عریاں تصویریں اعصابی تناؤ پیدا کرنے میں بہت بڑا کردار ادا کر رہے ہیں۔ اس کے علاوہ موٹر گاڑیاں، ہوائی جہاز، ریلوے کی کثرت نہ صرف مریضوں کی اعصابی تکالیف میں اضافہ کا سبب بنتے ہیں بلکہ اکثر اوقات دل کی کمزوری کا سبب بھی بنتے ہیں۔ جدید ترقی نے ہمیں بے شمار سہولتیں تو پہنچائی ہیں لیکن ان کے ساتھ ساتھ کئی ایک امراض بھی پیدا کئے ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ کمزور مریض جو تھکاوٹ سے چور، آسانی سے تھک جائے، بے وجہ غمگین رہے، تنہائی میں روئے، ملنے سے نفرت کرے، اعصاب کمزور، غنودگی طاری، قوت حافظہ کی کمی، مطالع سے مرض میں اضافہ، ضدی، جھگڑالو، ہر وقت سوچ اور خوف سے دبا رہے تو NATRUM MURE 3x دن میں تین بار 3 گولی دیں۔

☆ مریض کا مرنے کو دل چاہے مگر موت سے زیادہ تنہا رہنے کی خواہش، بے امید، غمگین، غصہ اور خوف سے مرض بڑھ جائے، دل مردہ، حافظہ کمزور، خیال کرے کہ وہ اس دنیا کے قابل نہیں، کچھ بھی اچھا معلوم نہ دے۔ اگر مریض کی کسی بات میں عیب نکالے تو وہ غصہ کرے تو AURUM METALLI 3x، 2 گولی 4 بار دیں۔

☆ عورتوں کے امراض، اعصابی یا خفیہ، جنسی امراض میں بکثرت استعمال ہونے والی دوائی SEPIA 30 دن میں 4 بار 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔ مریضہ تھکی ہوئی سوچتی ہے کہ اسے بیٹھ جانا چاہیے، کمر میں درد، تنہائی پسند اور اندھیرے میں رہنا پسند کرے۔

☆ محبوب کے کھونے یا نہ پاسکنے سے، محبت میں ناکامی، حد درجہ غمگین، بری خبر سے غم میں اضافہ، دماغی اور طبعی طور پر تھک جائے، کانپے، سوچے، ہاتھ پاؤں کا ہلانا مشکل تو GELSIMIUM 30 کے 9 قطرے دن میں 4 بار دیں۔

☆ خنازیری مزاج لوگ جن کے سر بڑے، موٹے تازے، سفید رنگ، سیڑھی چڑھتے وقت سانس پھولے، سردی محسوس ہو، خوفزدہ کہ کچھ ہو نہ جائے، خوف کہ غلطی پکڑی جائے گی، موت کا خوف، بے تابی اور بے آرامی کے ساتھ دل کی دھڑکن بھی ہو تو CALCAREA CARB 6x دن میں 4 بار 3 گولی دیں۔

بدہضمی INDIGESTION

جب معدہ کے فعل میں فتور پیدا ہو جائے تو اسے بدہضمی کہتے ہیں۔ یہ مرض کھانے میں بے اعتدالی سے پیدا ہوتا ہے۔ ایک ہی قسم کی غذائیں کھانے یا کچی غذائیں کھانے سے معدہ میں درد سا ہوتا ہے۔ کبھی قبض اور کبھی دست ہونے لگتے ہیں۔ معدہ میں ہاضمہ کی رطوبت (GASTRIC JUICE) کے کم ہونے، عیاشیانہ زندگی گزارنے سے ہاضمہ خراب ہو جاتا ہے۔

اس مرض میں کھانا کھانے کے بعد معدہ میں درد، تناؤ اور بے چینی پیدا ہوتی ہے اور کبھی دل متلانے لگتا ہے اور کبھی قے آ جاتی ہے۔ سانس بوجہ معدہ میں زخم ہونے کے بدبودار ہو جاتا ہے۔ کھٹے ڈکار آتے ہیں، بھوک کم لگتی ہے اور مریض کمزور ہو جاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر ریح بکثرت پیدا ہو، ڈکار بہت آئیں جن سے وقتی طور پر فائدہ ہو، کھانے کے بعد معدہ پر بوجھ سا ہو تو CARBO VEGETABALIS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ شرابی مریض کے منہ کا ذائقہ صبح کڑوا، بدبودار، مرغن اور دیر سے ہضم ہونے والی غذا کھانے سے زبان کی جڑ بھوری، قے، بدہضمی، ہر وقت بیٹھے رہنے والی زندگی، درد کھانے کے دو گھنٹے بعد شروع ہو اور طبیعت چڑچڑی ہو تو NUXVOMICA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پیٹ میں پتھر کا احساس، منہ کا ذائقہ کڑوا اور قبض ہو تو BRYONIA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ مرغن غذا کھانے کے بعد متلی ہو، زبان پر صبح کے وقت سفیدی مائل میل، جگر پر بوجھ ہو تو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ معدہ میں ابلے ہوئے نہ ہضم ہونے والے سخت انڈوں سے بھرا ہونے کا احساس ہو تو ABIS NIGRA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ شراب پینے والوں کا کھانا کھانے کے فوراً بعد پیٹ درد ہو تو KALI BICHROMICUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ کچی سبزیوں، آلو، چاول، سنگھاڑے والی غذاؤں (S T A R T C H) سے سخت درد اور بدہضمی ہو تو NATRUM CARB 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ مرغن غذاؤں کے کھانے سے ہاضمہ خراب، بے چینی، زبان پر سفید زردی مائل تہہ ہو تو PULSATILLA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر زبان دودھ کی طرح سفید، معدہ میں کھائی ہوئی غذا کا ذائقہ ڈکاروں میں ہو تو ANTI CRUDE 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ عمر رسیدہ لوگوں میں ہاضمہ خراب، معدہ ہوا سے بھرپور، کھٹے ڈکار ہو تو KALI CARB 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سخت بھوک لگے مگر چند لقموں سے پیٹ بھر جائے، پیٹ کا نچلا حصہ گڑ گڑ کی آواز دے تو LYCOPODIUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ منہ سے نمک کا مزہ، معدہ میں درد، کھٹے ڈکار بہت، مصنوعی بھوک لگے مگر پیٹ بھرا ہوا معلوم دے تو NATRUM PHOS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پیاس شدید، چہرہ زرد، معدہ میں جلن ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ کھانا کھانے کے فوراً بعد معدہ میں درد شروع ہو، کھانا کھاتے وقت درد ختم ہو جائے تو ANACARDIUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جگر کا فعل ناقص، زبان زردی مائل، اکتاہٹ جیسے معدہ ڈوب رہا ہو تو HYDRASTUS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر ٹھنڈا پانی پینے اور ہلکی غذا سے بھی درد ہو تو CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ پرانی بدہضمی، ٹھنڈی غذا اور پانی کی طلب مگر غذا معدہ میں گرم ہوتے ہی قے ہو جائے تو PHOSPHORUS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ہاضمہ کی خرابی کی وجہ سے کمزوری، لیٹے رہنے کو دل کرے، پاخانے پیلے کھانا کھانے کے بعد رات کو آئیں تو CHINA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ معدہ میں دباؤ اور بھاری پن، ناف کے اردگرد سخت، زبان پر زرد میل ہو تو KALI SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ معدہ میں کھانے کے باوجود خالی پن کا احساس، خوراک کے دیکھتے یا خوشبو سے متلی ہو تو SEPIA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بھوک ندارد یا بہت زیادہ، منہ ترش، ڈکار کڑوے، سر گرم، پاؤں ٹھنڈے، صبح دست، مریض کم کھائے زیادہ پیئے، نہانے سے نفرت ہو تو SULPHUR 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ خوراک کا خیال آنے سے ہی متلی ہوتو CALCHICUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پیٹ میں درد اور مروڑ ایسا کہ جسم ہل جائے تو MAG PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ میٹھی اور گرم چیزوں سے متلی اور تکلیف ، گوشت سے نفرت، جسم موٹا، جلد پر پھنسیاں ہوں تو GRAPHYTES 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ فم معدہ پر زخم جو درد کرے، ریح خارج ہونے پر آرام، مٹھائی کی خواہش مگر بدہضمی کرے تو ARGENTUM NIRICUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ منہ کڑوا، صفراء کی قے، دست، جگر میں چبھنے والا درد، سر درد ہوتو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

بھوک کی کمی LAC OF APPETITE

بخار کے بعد کے اثرات، گرم دوائیوں کا استعمال، خون کی کمی، جسمانی کمزوری، معدہ اور جگر کی خرابی کی وجہ سے بھوک کم ہوجاتی ہے۔ بھوک کمی کا بہترین علاج ALFALFA Ø کے 60 قطرے کھانے کے بعد دن میں 3 بار دیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ جب بخار کی حالت میں بھوک مرجائے تو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر بدہضمی اور ہاضمہ میں خرابی اور خون کی کمی کی وجہ سے بھوک نہ لگے تو CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ بھوک میں ایسی کمی کہ کھانے کی رغبت نہ ہو، زبان کی پچھلی سطح زرد، معدہ میں ترشی ہو تو NATRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ مریض اس خوف سے کھانا نہ کھائے کہ پیٹ میں درد شروع ہوجائے گا تو NUXVOMICA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جب بھوک کی کمی ،کھانا دیکھنے کو دل نہ چاہے، مرغن غذا کھانے سے تکلیف اور پیٹ درد ہو تو PULSATILLA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

بچوں کی بیماریاں DISEASES OF CHILDREN

جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو وہ رودیتا ہے۔ یہ رونا بچہ کے صحت مند ہونے کی نشانی ہے۔ بعض لوگ بچے کو پیدا ہوتے ہی شہد، چینی یا مکھن چٹانے کی کوشش کرتے ہیں، یہ اچھا فعل نہیں۔ بچے کے رونے اور سانس لینے سے پھیپھڑوں میں ہوا بھرتی ہے اور خون کا دورہ پھیپھڑوں کی طرف رجوع کرتا ہے۔ اگر ڈاکٹر مشورہ دیں تو بچے کو نہلانا بھی بہت مفید

ہوتا ہے۔ جب بچہ جننے کے بعد ماں کو ہوش آجائے تو ماں بچے کو دودھ پلائے۔ اس سے ماں کو انتہائی خوشی ہوگی اور تمام تکالیف کو بھول جائے گی اور رحم بھی سکڑ جائے گا۔ اس کے ساتھ ساتھ دودھ کے بخار کا خطرہ بھی ختم ہوجائے گا۔ بچے کو کپڑے پہنا کر ماں کے ساتھ لٹانا چاہیے۔ سوتے ہوئے بچے کو ہرگز نہ جگائیں لیکن دودھ پیتے بچے کو سونے نہ دیا جائے۔ 9 ماہ کی عمر کے بعد بچے کو گائے یا بھینس کا دودھ تین حصہ میں تھوڑی سی سونف اور ایک حصہ پانی ملا کر ابال کر ٹھنڈا کر کے پلانا چاہیے۔ اس میں تھوڑی سی SUGAR OF MILK بھی ملا دیں۔ بچے کو پیاس لگے تو پانی پلائیں۔ 2-3 ماہ کے بعد حسب ضرورت پانی ضرور پلائیں۔ دودھ وقت مقررہ پر پلایا جائے۔ بے قاعدہ دودھ پلانا نقصان دہ ہے۔ ماں بھی دودھ استعمال کرے۔ دودھ چھڑانے سے پہلے دلیہ بسکٹ، مونگ کی دال کی کھچڑی وغیرہ کھانے کا عادی بنائیں۔

بچوں کا بخار FEVER OF CHILDREN

بچوں کو مندرجہ ذیل بخار لاحق ہوتے ہیں۔

(ا) بخار سادہ (۲) بخار سرخ (۳) بخار محرقہ

(ا) بچوں کا سادہ بخار SIMPLE FEVER CHILDREN

سادہ بخار بچوں کو لرزہ سے ہوتا ہے۔ بچہ کی جلد گرم اور خشک ہوجاتی ہے۔ نبض تیز اور پیاس کے ساتھ سانس جلدی جلدی آتا ہے۔ پیشاب زرد اور بعض اوقات بخار کی تیزی کی وجہ سے الٹیاں اور دست آنے لگتے ہیں۔ یہ بخار سردی لگنے، گیلے کپڑے پہننے یا پسینہ بند ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ جب نبض تیز، جلد خشک، بخار پیاس کے ساتھ اور بخار کا پہلا دن ہوتو ACONITE 30 کے 5 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بچوں کو خشک کھانسی جس سے سانس لینے میں پریشانی ہو، چھاتی میں چبھن، بخار کے ہمراہ قبض ہوتو BRYONIA 30 کے 5 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بچوں کی زبان سفید یا سلیٹی مائل سفید، بخار قبض، دست اور قے کے ساتھ ہوتو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

(۲) بچوں کا سرخ بخار RED FEVER OF CHILDREN

یہ بخار عام طور پر دوسال کے بچوں کو ہوتا ہے۔ یہ خطرناک بخار ہے۔ اس سے بدن میں سرخ داغ نمودار ہوتے ہیں۔ حلق میں سوزش اور سرخی اور بعض اوقات سیاہ زبان بھوری اور بچہ پر ہذیان اور بے ہوشی طاری ہوجاتی ہے۔ پہلے 4-5 دن بخار غائب رہنے کے بعد ظاہر ہوتا ہے۔ بخار لرزہ کے ساتھ، پیشانی پر شدید درد، نبض تیز، پیاس اور

اکثر قے ہوتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ جب چہرہ سرخ، نبض تیز، پتلیاں پھیلی ہوئیں، بچہ روشنی سے گھبرائے، سر درد، دورانِ خون سر کی طرف سوزش حلق ہو تو BELLADONA 30 کے 5 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر چہرہ زرد، جسم پر سرخ داغ، پیاس اور جلن شدید بے چینی ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دست کے ساتھ خون اور آنؤں پہلے دست بعد میں خون، بخار کے ساتھ پیشاب رک رک کر قطرہ قطرہ آئے، گلا بیٹھ جائے تو CANTHARIS 30 کے 5 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ گلا حد سے زیادہ سوجا ہوا، پیاس کی شدت، ڈنگ مارنے والے درد اور بخار APIS MELIFICA 30 کے 5 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

(۳) بچوں کا محرقہ بخار TYPHOID FEVER OF CHILDREN

یہ بخار عام طور پر انتڑیوں میں کیڑے ہوجانے کی وجہ سے ہوتا ہے۔اس بخار کے اسباب بچوں کو گندا رکھنا، گندے کمرے میں رکھنا، گندی ہوا میں کھیلنا وغیرہ ہوتے ہیں۔بعض اوقات گندا پانی یا نا خالص دودھ کی وجہ سے بھی ہوجاتا ہے۔اس بخار میں بھوک کم ہوجاتی ہے۔نیند نہیں آتی۔دست آنے لگتے ہیں اور جلد پر سرخی مائل دھبے نکل آتے ہیں۔ پیٹ بڑھ جاتا ہے۔شام کو بخار تیز، دن کو کچھ کم ہوجاتا ہے۔ پیاس لگتی ہے۔زبان سرخ رنگ کی یا پھٹی پھٹی سی ہوجاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ بخار کی ابتداء، سانس سے بدبو آئے محرقہ بخار کی بہترین دوائی BAPTESIA Ø ہے۔یہ دوائی ہر دو گھنٹے کے بعد 5 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دست بہت بلا ارادہ، رنگت زرد، پیاس تھوڑا تھوڑا پانی پیئے۔آدھی رات کے بعد تکلیف زیادہ ہوجائے تو ARSENICUM ALBUM 30 کے 5 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ شدید سر درد، خشک کھانسی کی وجہ سے بچہ سانس نہ لے سکے، قبض کبھی دست، چھاتی میں چبھن، درد اور چیخنے کی آواز آئے تو BRYONIA 30 کے 5 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

بچوں کا کبڑا پن (ہڈیوں کی بیماری) RHACITIS,RICHITIS

اس مرض میں ہڈیوں کی نشوونما رک جاتی ہے بلکہ نرم اور ٹیڑھی ہوجاتی ہیں۔عام طور پر دو سال کے بچے اس مرض میں مبتلا ہوتے ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ جب بچے کا سر بڑا بے ڈول سی شکل، پیٹ بڑھ جاتا ہے، باقی تمام اعضاء پتلے ہوجاتے ہیں، بلکہ سوکھ جاتے ہیں، سر کی ہڈی کے جوڑ اچھی طرح ملے ہوئے نہیں ہوتے۔بچے کو دست آتے ہیں جن کی وجہ سے بچہ دن بدن کمزور ہوتا جاتا ہے۔ہڈیاں ٹیڑھی، غدودوں میں پیپ ہو تو SILICIA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر بچہ کے چہرہ کا رنگ زرد، بچہ دبلا پتلا، ہڈیاں نرم، دانت دیر سے نکلیں، بچہ لاغر ہو کر سوکھ جائے، دانت نکالتے وقت دست ہوں تو CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

بچوں کے دانت TEETH OF CHILDREN

صحت مند بچے با آسانی دانت نکال لیتے ہیں مگر مریل دبلے پتلے کمزور بچے بڑی مشکل سے دانت نکالتے ہیں۔بچوں کے مسوڑھوں میں ورم، منہ سے رال بہنا اور پیاس کا غلبہ ہوتا ہے۔ بچہ انگوٹھا چوستا ہے اور روتا رہتا ہے۔ بچے کو قے اور دست آتے ہیں۔دانت نکالتے وقت بچوں کو صرف دودھ پلائیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ بچے کا چہرہ زرد، قے ہو، بچہ دبلا پتلا ہو تو CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر دانت نکلنے کی وجہ سے بچہ بے ہوش ہوجائے، روتا رہے، دانت نہ نکلتے ہوں تو CALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ بچے کا ایک گال سرخ دوسرا زرد، دست بہت، بچہ ضدی اور چڑچڑا، بار بار روئے تو CHEMOMILA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سر اور پیٹ بڑا پھولا ہوا، باقی جسم لاغر، جلد پتلی، سر پر پسینہ بار بار آئے تو SILICIA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

بچوں کے دست DYSPEPSIA OF CHILDREN

ماں کی ثقیل غذا یا کسی اور بے احتیاطی سے بچے کو دست آنے لگتے ہیں اور دانت نکلتے وقت تو بہت دست آتے ہیں جن کی وجہ سے بچہ کمزور ہوجاتا ہے اور اکثر سوکھے کا مرض ہو کر مر جاتے ہیں۔بعض اوقات یہ دست ہیضہ کی وجہ سے بھی آتے ہیں۔ان کے علاج میں تاخیر ہرگز نہ کریں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ دانت نکلنے کے دوران بچوں کے دست جو سبز جھاگ دار پانی کی طرح پتلے بدبودار جن سے بچہ کمزور اور بے آرام ہو تو CHEMOMILA 30 کے 5 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پانی کی طرح بار بار دست پچکاری کی طرح خارج ہوں، قے بکثرت، شدید کمزوری، ماتھے پر ٹھنڈا پسینہ، بچہ کا پیٹ چھونے

سے ٹھنڈا معلوم ہوتو VERATRUM ALBUM 30 کے 5 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دست سادہ جن میں خون ملا ہوا ہو، قے شفاف دودھ کی طرح ہوتو IPECAC 30 کے 5 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بچہ کا چہرہ زرد مرجھایا ہوا، دستوں کے ساتھ پیاس، بدہضمی ہوتو ARSENICUM ALBUM 30 کے 5 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دانت نکلنے کے دوران دست جو کسی طرح بند نہ ہوں، بچہ کمزور، دبلا پتلا ہوتو CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ بچہ کو ابکائیاں آئیں، دست ہرے سفیدی مائل یا مٹی کے رنگ کے پانی کی مانند جن میں بلغم ملی ہوئی ہو۔ بچہ پیاس محسوس کرے تو MERCURIOUS DULCUS 30 کے 5 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دست جن میں خون کے لوتھڑے، پہلے دست بعد میں خون اور آنوں ملی ہوئی، پیشاب رک رک کر جلن سے قطرہ قطرہ آئے تو CANTHRIS 30 کے 5 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دستوں میں خون ملا ہوا مگر قے نہ آئے تو اس حالت میں MERCUROUS COR 30 کے 5 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دست کھانے پینے سے زیادہ ہوجائیں یا سوتے میں بستر پر نکل جائیں، زردی مائل بدبو پتلے ہوں تو CROTON TIG 30 کے 5 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ آنوں زیادہ اور خون کم جس میں جھاگ ہو، سبزی مائل درد کے ساتھ خارج ہوں تو MERCUROUS SOLUBLIS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر بچے کی جلد پتلی، سر میں پسینہ آئے، پیٹ بڑھ جائے دست پیلے تو SILICIA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

بچوں کو ہچکی HICCOUGH OF CHILDREN

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر بچوں کو زیادہ کھانے کے بعد ہچکی ہوجانے کی پرانی شکایت ہوتو IGNESIA AMARA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر ہاضمہ کی خرابی اور پیٹ درد کی وجہ سے ہچکی ہوتو NUXVOMICA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ زبردست ہچکی جو بند ہونے کا نام نہ لے تو MAGNESIA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

بچوں کا دودھ پھینکنا VOMITTING OF MILK OF CHILDREN

اگر بچوں کو دودھ پینے کے فوراً یا کچھ عرصہ بعد دودھ کی قے ہوجائے تو یہ مرض ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر دودھ پیتے میں بچہ دودھ کی قے کردے اور دست آئیں تو IPECAC 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جب دودھ پی کر بچے کو دہی کی پھٹیوں کی طرح قے آئے اور بچہ پھر دودھ پینے لگے تو AETHUSA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دودھ پینے کے فوراً بعد قے کرے، قے میں دودھ پانی کی طرح پتلا اور بچہ کمزور ہوجائے تو ANTIM TART 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بچے کو مرغن اور مصالحہ دار غذا کھلادی جائے تو معدہ کی کمزوری سے، بدہضمی سے قے آئے تو PULSATILLA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بچے کو غذا اور پانی سے نفرت، قبض ہو، سبز یا سبزی مائل قے ہوتو NUXVOMICA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ زبان پر سفید تہہ منہ خشک اور پیاس تیز، دہی کی مانند پٹھیاں کی قے، بچہ قے کے بعد دودھ نہ پئے تو ANTI CRUD 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

بچوں کا ہیضہ INFANT'S CHOLERA

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ زبان خشک چمکدار، بھوک پیاس ندارد، پاخانہ کے ساتھ مروڑ، پاخانہ زردی مائل، سبز یا مٹی کے رنگ کا۔ صبح مرض کی شدت ہوتو APIS MELIFICA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ کھانے کے بعد قے، کھائی ہوئی غذا، ہضم کے بغیر قے اور دست میں نکلے، ہونٹ و منہ خشک، حرکت کرنا یا جھولے میں جھلانا ناپسند کرے، پاخانہ کرنے سے پہلے بچہ روئے تو BRYONIA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

بچوں کا رونا WEEPING OF CHILDREN

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ بچہ روئے، چلائے، ضد کرے، چیز مانگے، جب دی جائے تو انکار کردے، ہر وقت گود میں اٹھائے جانے کو اچھا سمجھے تو CHAMOMILA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بچہ روئے، ہلائے جانے سے نفرت، ہر وقت لٹائے رکھنے کی خواہش کرے تو BRYONIA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

بچوں کی کانچ نکلنا PROLAPSUS OF CHILDREN

مقعد کی اندرونی جھلی جو سرخ رنگ کی ہوتی ہے، زیادہ دست یا قبض کی وجہ سے باہر نکل آتی ہے۔ کبھی پیٹ کے کیڑوں کی وجہ سے بھی کانچ نکل آتی ہے جس کا اندر جانا مشکل ہو جاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ بعض دفعہ کانچ اندر کبھی باہر مگر صحیح طرح اندر نہ جائے تو LYCOPODIUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جن دستوں میں زور لگانا پڑے اور کانچ باہر نکل آئے اور بدبو دار دست ہوں تو PODOPHYLLUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔ کانچ کی ابتداء میں IGNESIA AMARA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دستوں میں بلغم کا اخراج مقعد میں خارش اور کانچ ہو تو MERCURIOUS SOLUBLIS 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

بچوں کے پیٹ کے کیڑے WORMS OF CHILDREN

عام طور پر پیٹ کے کیڑے مندرجہ ذیل تین اقسام کے ہوتے ہیں:

(۱) سوتی یا باریک کیڑے (۲) کیچوے (۳) کدو دانے

(۱) سوتی کیڑے

سوتی کیڑے سوت کی طرح باریک سفید ایک انچ کے چوتھائی حصہ کے برابر مقعد اور آنتوں میں تیزی سے ادھر ادھر پھرتے رہتے ہیں اور آنتوں میں خراش پیدا کرتے ہیں اور بعض اوقات مقعد میں جمع ہو جاتے ہیں اور خارش پیدا کرتے ہیں اور سانس سے بو آتی ہے، کھانے کے باوجود بچہ کمزور ہوتا ہے۔

(۲) کیچوے CESTOID,PLATYHELMITH

چھ سات انچ لمبے، پیلے، زرد رنگ کے ہوتے ہیں۔ بچہ دانت پیستا ہے، پیٹ میں ورم، درد اور دست بھی ہوتے ہیں جن سے بہت تکلیف ہوتی ہے۔ چہرہ زرد اور نیند میں بچہ دانت پیستا ہے۔

(۳) کدو دانے TAENIAN

ایسے کیڑے ہیں جن کی لمبائی کی کوئی حد نہیں ہوتی۔ بعض اوقات ان کی لمبائی گزوں میں ہوتی ہے۔ پیٹ میں بوجھ کا احساس ہوتا ہے۔ ناف کے گرد پیٹ پھول کر بڑھ جاتا ہے۔ سخت بھوک لگتی ہے۔ کھانے پینے کے باوجود بچہ

سوکھتا جاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ عام طور پر SANTONIN 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں استعمال کرنے سے کیڑے خارج ہو جاتے ہیں۔

☆ اگر بچہ پیٹ کے بل سونا پسند کرے، پیٹ میں کیڑے گڑ بڑ کریں، آنکھوں کے آس پاس نیلے حلقے پڑے ہوں تو STANNUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ناف کے آس پاس درد، کیڑوں کی وجہ سے بے چینی، چہرہ زرد ہو تو SPIGELIA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ چہرہ زرد، بچہ رات کو دانت پیسے، ناک میں انگلی ڈالے تو CINA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ مقعد کی سیون میں خراش جس سے کانچ نکل آئے، کھجلاہٹ کی وجہ سے کھجلی اور بے چینی IGNESIA AMARA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بدہضمی، چربیلی غذا سے پیٹ میں کیڑے، بلغم والے دست، زبان پر سفید میلی تہہ ہو تو PULSATILLA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بدہضمی، چڑچڑا، دبلا کمزور، کبھی دست کبھی قبض، دستوں میں کیڑے ہوں تو NUXVOMICA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جب پیٹ میں کیڑے ہونے کے سبب سے بچے کو بخار ہو، نبض تیز اور بے چینی ہو تو ACONITE 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ خنازیری مزاج موٹے سفید رنگ کے بچے، پیٹ پھولا ہوا کیڑوں کی وجہ سے CALCAREA CARB 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ مقعد میں جلن، پیاس لگے تھوڑا تھوڑا پانی پیئے، کیڑوں کی وجہ سے کالے یا سبز گاڑھے دست ہوں تو ARSENICUM ALBUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بچے کے ہاتھ پاؤں گرم، رات کو نیند نہ آئے، دن کو غنودگی، دست جو بند نہ ہوں تو SULPHUR 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

بچوں کی قبض CONSTIPATION OF CHILDREN

غذا کی بے اعتدالیوں کی وجہ سے بچوں کو قبض کی شکایت ہو جاتی ہے۔ ماں کی غذا کا اثر دودھ کے ذریعہ سے بچے کو پہنچتا ہے۔ بچوں کو وقت بے وقت جلاب کی وجہ سے بھی قبض ہو جاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ چڑچڑے، غذا کے بعد معدہ میں درد، صبح درد زیادہ، قبض لیکن حاجت بار بار ہو، نیند غائب اور بے چین ہو تو NUXVOMICA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سخت پاخانہ جو زور لگانے سے مشکل سے خارج ہو، سر درد، زبان پر بھوری تہہ، قبض کی وجہ سے بچہ روئے تو BRYONIA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بچہ کا جسم زردی مائل، آنکھوں میں زردی، پاخانہ کے ہمراہ آنوں، جھاگ دار خارج ہو تو MERCURIOUS SOLUBLIS 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پیٹ پھولا ہوا، پرانی قبض، پیٹ میں درد ہو تو SULPHUR 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

بچوں کا پیشاب نیند میں خطا ہو BED WETTING

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ دبلے پتلے بچے، زرد چہرہ، مرجھایا ہوا، بے ارادہ پیشاب نکل جائے تو CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ پیشاب زرد یا پانی کی طرح پتلا، پیشاب خطا ہو جاتا ہو تو ACID PHOS 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ مثانہ کی کمزوری کی وجہ سے پیشاب بستر پر نکل جائے تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ پیشاب کرتے وقت جلن، رک رک کر آئے، قطرہ قطرہ اور بخار ہو تو CANTHARIS 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ابتدائی رات ہی بستر پر پیشاب نکلا ہو تو SEPIA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر سرخی مائل گہرے رنگ کا پیشاب خطا ہوتا ہو تو BENZOIC ACID 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دن ہو کہ رات، پیشاب رک نہ سکے تو GELSIMIUM 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ دن کے وقت پیشاب روکا نہ جا سکے تو FERRUM PHOS 6x کی 3 گولیاں صبح، دوپہر، شام چوسنے کو دیں۔

☆ بدہضمی کی وجہ سے پیشاب زیادہ آئے اور زیادہ دیر روک نہ سکے، پیشاب کرتے وقت بے چینی، سانس بدبودار آئے تو CAMOMILA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

بچوں کو چھپاکی URTICARIA OF CHILDREN

گردن اور بدن کے دیگر حصوں میں چھوٹے چھوٹے ابھار ہو جاتے ہیں۔ جن میں سخت خارش ہوتی ہے۔ مگر کھجانے سے یہ پھیل جاتے ہیں جن میں سخت خارش اور جلن پیدا ہو جاتی ہے۔ چھپاکی کے ابھار بے قاعدہ ہوتے ہیں اور ان کے ساتھ بخار، قے اور پیاس کی علامات پائی جاتی ہیں۔ مریض بے چین اور افسردہ ہو جاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ تیز بخار، جلد خشک، نبض تیز، بے قراری اور پیاس ہو تو ACONITE 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر چھپاکی نمی یا بھیگنے سے بڑھ جائے، زبان پر میل، ذائقہ کڑوا اور دست آئیں تو DULCAMARA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر چھپاکی دب جائے اور پوری طرح باہر نہ نکلے، حرکت سے بڑھ جائے تو BRYONIA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں نہیں تو SULPHUR 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ چربیلی اور مرغن غذا کے بدہضمی پیدا ہونے سے چھپاکی ہو تو PULSATILLA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر چھپاکی کے نشان کے اوپر درد نیش زنی، جلد پر سوجن اور سرخ بھی ہو تو APIS MELI 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

بچوں کو ایگزیما خارش ECZEMA OF CHILDREN

اس مرض میں جلد سوج کر سرخ ہو جاتی ہے اور اس پر دانے نکل کر آپس میں مل جاتے ہیں۔ یہ دانے پن کی نوک کی طرح ہوتے ہیں اور بعد میں پھٹ جاتے ہیں اور ان سے ایک خاص قسم کا مواد نکلتا ہے جو کپڑوں کو لگ جائے تو کپڑے اکڑ جاتے ہیں۔

اس مرض میں مبتلا بچوں کا رنگ عام طور پر زرد ہوتا ہے اور چہرہ پر چمک کے ساتھ بخار ہو جاتا ہے اور بھوک کم ہو جاتی ہے۔ خاص طور پر یہ مرض کھوپڑی، کان اور بغلوں کو زیادہ متاثر کرتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ بخار، دانوں میں جلن، بے چینی، چہرہ زرد، بچے کو پیاس لگے، رات کو تکلیف زیادہ، تکلیف سے بچہ سو نہ سکے تو ARSENICUM ALBUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جب پھنسیوں سے گاڑھی زرد رطوبت یا خون ملا مواد نکلے تو SILICIA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر پتلی زرد رنگ کی رطوبت، زبان کی جڑ پر زرد میل، زبان کا سرا سرخ جس پر کانٹے ہوں، تمام بدن پر خارش ہو تو

FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

بچوں کے آبلے یا چھالے BLISTERS OF CHILDREN

اس مرض میں جسم کی سوجن کی وجہ سے جلد پر آبلے پڑ جاتے ہیں جن میں درد کے ساتھ ساتھ خارش ہوتی ہے۔ چھوٹے چھوٹے چپٹے دانے اکھٹے اگتے ہیں اور آپس میں مل کر پھٹ جاتے ہیں اور نمدار چھلکے باقی رہ جاتے ہیں۔ یہ دانے کانوں، ناک، سر کی کھوپڑی اور چہرہ کو متاثر کرتے ہیں اور بعض کو یہ اس قدر زیادہ ہوتے ہیں کہ ایک گھونگھٹ سا چڑھا ہوا دکھائی دیتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر جلنے یا آگ سے متاثر ہونے کی وجہ سے جلد پر سرخ ہو کر آبلے پڑ جائیں تو KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر جلد اور آبلوں سے جلن دار رطوبت کا اخراج ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر آبلوں سے بدبودار مواد جو تندرست جگہ پر سوزش پیدا کرے، سخت بے چینی اور بے قراری جو کھجلی کے بڑھنے سے بڑھے تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر آبلوں میں درد، بخار، خون جم جائے، متاثر جگہ گرم ہو تو ACONITE 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں اور NATRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

بچوں کے سرخ دانے

یہ مرض سرخ بخار کی طرح سے ہوتا ہے لیکن سرخ بخار کی مشہور علامت گلے کا درد اور سرخ دھبے کے علاوہ زکام بھی ہو جاتا ہے۔ جسم کے مختلف حصوں پر سیاہی مائل، سخت کھردرے دھبے نکل آتے ہیں۔ دانے ظاہر ہوتے ہی بچے کو پسینہ آتا ہے۔ ان دانوں کا دب جانا خطرناک ہوتا ہے۔ اس لئے اس مرض میں کوئی ٹھنڈی چیز ہرگز نہ دیں۔ اس مرض میں سرخ بخار والی ادویات دی جاتی ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ بچہ کا چہرہ اور گلا سرخ، گلے میں سوزش، بخار، آنکھوں کی پتلیاں پھیلی ہوئی، دانے گہرے سرخ ہوں تو BELLADONA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ابتداء میں جب سرخ دانے نمودار ہو رہے ہوں، بخار، نبض تیز، جلد خشک گرم، پیاس، سخت بے چینی ہو تو ACONITE 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر نزلہ زکام اور اچانک دانے دب جائیں تو PULSATILLA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ

پانی میں دیں۔

بچوں کے منہ کے چھالے یا منہ آنا MOUTH SORES OF CHILDREN

اکثر اوقات بچوں کے منہ کے اندر رخساروں کے اندر اور ہونٹوں پہ پھنسیاں نکل آتی ہیں۔ زبان سوج جاتی ہے۔ ہونٹ پھٹ جاتے ہیں، منہ میں درد اور سوزش ہو جاتی ہے۔ منہ سے بکثرت رال ٹپکتی ہے اور بدبو آتی ہے۔ ہلکا بخار اور کھانے، پینے اور بولنے میں تکلیف ہوتی ہے، چھالوں میں درد، بھوک کم اور پیاس بہت۔ کبھی کبھی الٹیاں اور دست آنے لگتے ہیں۔ دودھ پیتے بچوں کو گندا دودھ یا دوسری گندگی کی وجہ سے یا معدہ میں نقائص کی وجہ سے یہ مرض ہوتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر مسوڑھے زخم زدہ، منہ اور ہونٹوں کی سرخی اور چھالے، زبان سرخ، ورم زدہ اور کانٹے ہوں تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ زبان پر چھوٹے چھوٹے دانے، زبان پھٹی سی، منہ میں سفید زخم، مسوڑھوں میں پھوڑے جن سے پیپ نکلے، منہ سے رال بہے۔ مسوڑھوں کے چھیڑنے سے خون نکلے۔ منہ سے بدبو، زبان پر میل لیسدار یا بھورے رنگ کا میل ہو تو KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر ہلکا بخار، دست، کمزوری، چہرہ زرد، دانوں میں جلن ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ گالوں پر مٹی کے رنگ کے زخم، منہ سے بو، مسوڑھوں سے خون، منہ میں جلے ہوئے دانے، گاڑھا نمکین لعاب بکثرت، زبان کے کنارے سرخ اور زخم اور چھوٹے چھوٹے سفید دانے اور بھورا گاڑھا میل ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ منہ کے اندر چھوٹے چھوٹے زخم، رال بہے، لب سرخ، منہ کے چاروں طرف سفید موتیوں کی طرح چمک دار آبلے، مسوڑھوں میں زخم کی وجہ سے کانٹوں کی طرح چبھنے والا درد، ٹھوڑی پر چھوٹے چھوٹے دانے نکل آئیں، زبان سخت جس پر لیسدار شفاف رطوبت، ایسا احساس ہو کہ زبان پر بال رکھا ہوا ہے۔ ذائقہ ختم، کم گو بچے ہوں تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ پیچش جس میں سبز رنگ کے دست، منہ سے رال ٹپکے تو MERC SOL 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ نچلا ہونٹ خشک جس پر پتلی خشک پپڑی جم گئی ہو، زبان پر زرد میل جو کناروں سے سفید ہو، منہ بے ذائقہ ہو تو KALI SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ دانت نکالتے وقت مسوڑھوں میں درد، ورم اور زرد اوپر والا ہونٹ سوجا ہوا اور درد، زبان سوجی ہوئی بے حس سفید

رنگ کا میل ہو تو CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ جب منہ کے سوج جانے کی وجہ سے بچے دودھ پی کر قے کردیں تو ANTI TART 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ مسوڑھوں میں پھوڑے، ورم، درد، زبان پھٹی ہوئی، جو سخت معلوم ہو تو CALCARIA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ منہ میں رخساروں، لب اور منہ میں چھوٹے چھوٹے زخم، زبان کی جڑ گیلی نوک پر چھالے NATRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

بچوں کا نمونیہ PNEUMONIA OF CHILDREN

سردی کے موسم میں بچوں کو ناکافی کپڑے پہنانے یا لسی، گنّا اور ٹھنڈی غذا دینے سے بخار اور پھیپھڑوں میں ورم ہو جاتا ہے۔ سانس تیز اور خشک کھانسی ٹھہر ٹھہر کر بار بار زردی مائل بلغم کے ساتھ آتی ہے۔ پیاس شدت کے ساتھ یہاں تک کہ مریض بات بھی نہیں کرسکتا۔ نبض تیز، پیشاب گہرے رنگ کا، کم مقدار میں آتا ہے۔ بچہ پیٹھ کے بل یا جس پہلو پہ نمونیہ کا اثر ہو لیٹتا ہے، پھیپھڑوں میں ورم آجاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ ابتدائی درجہ جب کہ پھیپھڑوں کے ورم کے علاوہ بخار ہو، سانس شدت سے جلدی جلدی آئے اور بعض اوقات بچے پر غنودگی طاری ہو۔ اس حالت میں پسینہ کھل کر لانے کے لئے FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں اور ACONITE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ نمونیہ کا دوسرا درجہ جب پھیپھڑوں میں رطوبت بڑھ جائے اور زبان پر سفید میل ہو، سفید اور جھاگ دار بلغم کھانسی کے ساتھ گلے اور کانوں میں درد ہو تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ بچوں کا نمونیہ جس میں کمزوری شدت کی، چہرہ زرد، موت کا خوف عیاں، ہوا کی نالیوں میں ورم، رات کو تکلیف زیادہ، پیاس بار بار لگے تو ARSENICUM ALBUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پھیپھڑوں میں ورم، سانس لیتے وقت ساں ساں کی آواز، کھانسی کے ساتھ زرد بلغم، دم گھٹے، ٹھنڈی ہوا میں آرام محسوس ہو، شام سے آدھی رات تک زیادہ بخار ہو، صبح بخار میں کمی ہو تو KALI SULF 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ کمزور بچے کو نمونیہ، چہرہ زرد، کھانسی کے ساتھ سبز قے، صبح مرض زیادہ، چھاتی میں درد جو سردی سے بڑھ جائے تو CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ نمونیہ کا تیسرا درجہ جب کھانسی شدت کے ساتھ دورہ کرے تو CALCAREA SULF 6x صبح، دوپہر، شام

3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ چھاتی میں درد اور چبھن، حرکت سے درد میں اضافہ، کھانستے وقت گہرا اور لمبا سانس لینا پڑے تو BRYONIA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ نمونیہ میں زنگ والا تھوک، سانس تنگ، سینے کی ہڈی کے نیچے درد ہو تو PHOSPHOROUS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ نمونیہ میں چھاتی کا بلغم جو چھاتی میں خرخراہٹ پیدا کرے اور آسانی سے نہ نکال سکے، بلغم سفید، جھاگ دار، دم گھٹنے کا خوف ہو تو ANTIM TART 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ نمونیہ میں بچہ کا چہرہ تمتماتا ہوا، خشک کھانسی، سردرد، کھانسی کم ہو تو BELLADONA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

بچوں کا نزلہ RHEUM OF CHILDREN

زکام ناک، آنکھوں سے پتلا پانی کا بہنا اور حلق سے پتلی رطوبت کا خارج ہونا نزلہ کہلاتا ہے۔ بعض اوقات چھینکیں آتی ہیں اور بعض اوقات چھینکوں کے بغیر پتلی رطوبت خارج ہوتی ہے۔ یہ مرض دماغ کی کمزوری، سردی لگنا، بھیگ جانے یا گرم و سرد ہونے سے لگ جاتا ہے۔ بچوں کی آنکھیں سرخ اور ورم زدہ ہو جاتی ہیں اور بعض اوقات کھانسی اور بخار بھی ہو جاتا ہے۔ اگر یہ مرض شدت اختیار کرلے تو اس سے کئی ایک مرض پیدا ہو جاتے ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر سردی لگ جانے کی وجہ سے بخار اور زکام ہو، نبض تیز، جلد خشک و گرم ہو تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں اور ACONITE 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر زکام کی وجہ سے ناک اور آنکھ سے بہت زیادہ رطوبت خارج ہو تو EUPHRASIA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ناک اور آنکھوں سے پانی، چھینکیں آئیں، آنکھوں میں سرخی اور چبھن، زبان پر سفید میل ہو تو KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ آنکھ اور ناک میں درد، خارش، چھینکیں بکثرت، پانی کی طرح رطوبت نکلے تو MERC SOL 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ آنکھوں میں جلن، بے چینی، سردی کی وجہ سے زکام، چہرہ زرد ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دن کے وقت پتلے مواد کا اخراج، رات کو ناک بند، قبض کی وجہ سے نزلہ و زکام ہو تو NUXVOMICA 30 کے

9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ چھاتی پر سردی کا اثر، ناک بند، خشک، چبھن پیدا کرنے والی کھانسی، چھاتی میں درد و چبھن ہو تو BRYONIA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر بھیگ جانے یا گیلے کپڑے پہننے سے نزلہ وزکام ہو تو CAMPHUR 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔ شروع میں ایک قطرہ پلانے سے نزلہ رک جاتا ہے۔

بچوں کی آنکھوں کی بیماریاں DISEASES OF THE EYES OF CHILDREN

بعض اوقات سرد نمدار ہوا کے جھونکوں سے، کبھی تیز روشنی، کبھی دھواں اور گرد وغبار سے آنکھوں میں کوئی چیز پڑ جاتی ہے۔ کبھی آنکھوں میں خارش ہوتی ہے۔ کبھی بچے روشنی سے ڈرتے ہیں۔ خون کی نالیوں میں ورم کی وجہ سے آنکھیں سرخ ہو جاتی ہیں۔ آنکھیں میل پیدا کرنے لگتی ہیں اور کبھی آنکھ کے پپوٹوں پر گوہاجنیاں اور پھنسیاں وغیرہ نکلنے لگتی ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ مرض کی ابتداء میں آنکھوں میں سرخی مگر پانی خارج نہ ہو تو آنکھوں میں درد، جلن اور ورم زدہ درد حرکت کرنے سے بڑھے تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ آنکھیں سرخ، درد، سوزش، بچہ روشنی سے بھاگے، رخسار تپے ہوئے ہوں تو BELLADONA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ آنکھ سے سفید یا زرد رطوبت نکلے، بغیر درد کے پانی نکلے، قرنیہ پر آبلے پڑ کر پھٹ کر زخم بن جائیں تو KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ چوٹ کی وجہ سے آنکھ میں ورم مگر خون نہ نکلے تو ARNICA MONT 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ خنازیری مزاج موٹے سفید بچے جن کو اکثر آنکھوں کی تکلیف رہے تو CALCAREA CARB 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پپوٹوں کے کنارے سرخ اور بے ڈول، آنکھ کے بیرونی حصہ پر زخم ہو تو HEPAR SULPHUR 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ککرے جن کی وجہ سے آنکھوں میں لئی کی طرح لیسدار مادہ جو صبح آنکھوں کو چپکا دے تو MERC SOL 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ آنکھوں کے ڈھیلے میں زخم، روشنی میں دکھائی نہ دے، اندھیرے میں بچہ آنکھیں کھول دے تو SILICIA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

بچوں کی نکسیر EPISTAXIS OF CHILDREN

نکسیر ناک سے خون نکلنے کو کہتے ہیں۔ اکثر چند منٹ خون نکلنے کے بعد خود بخود بند ہو جاتا ہے۔ اگر یہ شکایت دیر تک رہے تو علاج میں سستی نہیں کرنی چاہیے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر چوٹ لگ جانے کی وجہ سے ناک سے خون جاری ہو تو ARNICA MONT 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر نکسیر آنے سے پہلے چہرہ سرخ اور آنکھیں چمکدار ہوں تو BELLADONA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر نکسیر میں سیاہ خون قطرہ قطرہ کر کے خارج ہو تو HEMAMELIS 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر سرخ چمک دار خون نکلے جس سے متلی بھی ہو تو IPECAC 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

بچوں کا قولنج (پیٹ میں گیس اور بدہضمی) COLIC OF CHILDREN

اس مرض میں بچہ روتا ہے۔ پیٹ میں گیس اور اس کے ساتھ ساتھ بدہضمی ہو جاتی ہے۔ بچہ کے پیٹ کو چھو کر دیکھنے سے یہ بات واضح ہو جاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ بچہ کو کسی پہلو چین نہ آئے۔ ڈر اور درد کے مارے بچہ دہرا ہو تو COLOSYNTHIS 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ خنازیری مزاج بچے، سر بڑے، سر پر پسینہ آئے، پاؤں نمدار ٹھنڈے اور سفید پاخانہ آئے تو CALCAREA CARB 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پیٹ کے تمام حصوں میں کھچاؤ، درد، مقعد کے اندر ناف سے کمر تک جیسے کوئی چاقو مار رہا ہو۔ بچہ زور سے چیخے، روئے، چلائے، پیٹ اندر کی طرف دھنسے تو CUPRRUM METALI 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ بچہ کی طبیعت میں غصہ، چڑچڑا، بغیر ہلائے ہرگز نہ سوئے، پیٹ پھولا ہوا اور سخت ہو تو CHINA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ خوشی یا خوف سے قولنج، بچہ بے قراری میں مٹھیاں کاٹے، نیند نہ آئے تو ACONITE 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پاخانے پتلے سبز رنگ جن میں بلغم ہو، بچہ روکر خود ہی خاموش ہو جائے تو BELLADONA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ بچہ چاہے کہ ہر وقت گود میں اٹھائے پھرنے کی خواہش، بچہ ضدی، چڑچڑا، کبھی کچھ مانگے، کبھی کچھ مانگے، اگر چیز دی جائے تو لینے سے انکار کر دے، نیند ندارد، سونے میں چونکے، زردی مائل سبز دست پانی کی طرح خارج ہوں تو CHAMOMILA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ ہاضمہ کمزور، ریح، پیٹ میں شدید مروڑ والے دست، حرکت سے آرام معلوم ہو تو DIOSCORIA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ معدہ میں مروڑ والے درد، حلق میں بھاری پن، معدہ میں کسی بھاری شے کا احساس، بدہضمی اور گیس کی وجہ سے بار بار پاخانے کی حاجت، جگر ناقص، چڑچڑا پن ہو تو NUXVOMICA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ درد، متلی، ناف میں درد، جو حرکت سے زیادہ آرام سے کم، جھکنے سے قے کا ڈر اور قے کے بعد طبیعت نیند کی طرف مائل، کچے پھل کھانے سے قولنج ہو تو IPECAC 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پاخانہ رک جائے، پیٹ پھٹ جانے کا ڈر، پیٹ میں کاٹنے والے درد جو دائیں سے بائیں طرف جائیں، ہوا خارج ہونے سے بھی آرام نہ آئے تو LYCOPODIUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سینہ کا قولنج، بار بار حاجت، درد کے ساتھ احساس کہ کوئی چیز تنگ جگہ سے خارج ہو رہی ہے تو OPIUM 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ منہ کا ذائقہ خراب اور کڑوا، پیٹ میں درد، بار بار پاخانہ بدل بدل کر رات کو زیادہ، چادر سے جسم کو ڈھانپنا برا لگے، مریض ادھر ادھر پھرے تو PULSATILLA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پیٹ سے کمر تک کھنچنے والے درد، ناف اور مقعد اندر کی طرف دبی ہوئی، پاخانہ بھیڑ کی مینگنیوں کی طرح جو آپس میں جڑی ہوئی ہوں، قبض شدید ہو تو PLUMBUM METALL 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ پیٹ میں مروڑ، غمزدہ آہیں بھرے، معدہ میں خالی پن کا احساس ہو تو IGNESIA AMARA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

بچوں کے کان کی بیماریاں DISEASES OF THE EARS OF CHILDREN

کان میں کنکر یا مٹی جا سکتی ہے۔ کان کے پردے یا نالی میں ورم اور درد ہو سکتا ہے۔ کبھی بیرونی کان پر پھنسیاں نکل آتی ہیں جن میں خارش ہوتی ہے، مواد نکلتا ہے اور کان درد کرنے لگتا ہے۔ اور بعض اوقات کان میں کیڑے وغیرہ بھی چلے جاتے ہیں۔ اور کبھی مندرجہ بالا وجوہات کی وجہ سے بخار ہو جاتا ہے۔ کبھی کان کی نالی کی سوزش اور سرخی کی

وجہ سے کانوں سے پتلا مواد بہنا شروع ہو جاتا ہے اور بعض اوقات گاڑھا ہو کر پیپ کی شکل میں خارج ہوتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ جب سردی کی وجہ سے کان میں ورم، درد، جلن، بخار کے ساتھ کان کی نالی میں ورم، متاثر حصہ سرخ، مواد بعض دفعہ لیسدار رطوبت کے ساتھ خون خارج ہو، شدید درد کان میں آوازیں سنائی دیں تو FERRUM PHOS 6x کی 3 گولیاں چوسنے کو اور ACONITE 30 کے 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دن میں 2 بار باری باری دیں۔

☆ اعصابی کان درد، چڑچڑی طبیعت کے لڑکے جن کا ایک رخسار سرخ اور دوسرا زرد ہو تو CHEMOMILA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ گاڑھی بدبودار خون ملی رطوبت کان سے نکلے، کان میں ورم اور شدید درد ہو تو MERC SOL 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔ اگر MERC SOL سے فائدہ نہ ہو بلکہ زیادہ خون نکلے تو HEPAR SULPHUR 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ کمزور، زرد رنگ کے، پیلے چہرے والے دبلے بچوں کے کان سے رطوبت جلن دار خارج ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ کان کے بیرونی حصہ میں سوزش، کان پھڑ پھڑائیں، کان کے اندر رطوبت بھرے دانے، رطوبت کا رنگ سفید، حلق میں ورم اور درد، زبان سفید یا بھوری ہو تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اندرونی کان کے ورم کی وجہ سے بہرہ پن، زبان پر بلغمی مواد، منہ سے رال ٹپکے، کان میں کسی چیز کے ہونے کا احساس ہو تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اعصابی کمزوری کی وجہ سے کم سنائی دے، کان میں خارش، بچہ کھجائے، پٹھوں کی کمزوری کی وجہ سے بچہ کمزور ہوتا جائے، معمولی ضرب سے کان سے خون نکلنے لگے تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

بچوں کو گلے پڑ جانا (خناق) DIPHTHERETIS OF CHILDREN

عام طور پر بچوں کو گلے پڑنے کے ساتھ بخار ہو جاتا ہے۔ حلق اور ہوا کی نالی سوج جاتی ہے۔ شدید کھانسی، سانس لینا مشکل اور شدت مرض میں آواز بند ہو جاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ گلے پڑنے کے پہلے درجے میں FERRUM PHOS 6x اور KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3،3 گولیاں چوسنے کو باری باری دیں۔ دوسرے درجے میں صرف KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر کھانسی، بلغم مشکل سے نکلے تو HEPAR SULPH 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں

دیں۔اگر بخار بھی ہوتو ساتھ ACONITE 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں باری باری دیں۔

☆ اگر تپ محرقہ کے ساتھ خناق، موت کے آثار، سخت بے چینی ہوتو ARSENICUM ALBUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بچہ مشکل سے سانس لے، سر کو پیچھے پھینک دے، حلق کو پکڑے اور بے چینی ہوتو BROMINE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو اور ACONITE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو باری باری دیں۔

☆ اگر سینہ میں خرخر کی آوازیں، بچہ بلغم خارج نہ کر سکے جو چھاتی میں جمع ہو، کمزوری بڑھتی جائے، چہرہ نیلا سا، ٹھنڈے پسینے آئیں تو ANTIM TART 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

بچوں کا سوکھا پن SCARGGINESS OF CHILDREN

یہ ایک ایسا مرض ہے کہ اگر اس کا علاج نہ کیا جائے تو بچے مرجاتے ہیں۔اس مرض میں باوجود کھانے پینے کے دن بدن بچہ کمزور ہوتا جاتا ہے۔ پیٹ بڑھ جاتا ہے، اعضاء سوکھ جاتے ہیں۔ بچہ کے چہرہ پر بوڑھوں جیسی جھریاں پڑ جاتی ہیں۔دست آتے رہتے ہیں اور بے چینی اور کمزوری بچے کی جان لے لیتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ چہرے پر بوڑھوں کی طرح سے جھریاں، چڑچڑا، کثرت سے بھوک لگے مگر کھانے کے باوجود کمزور ہوتا جائے، پیٹ پھولا ہوا، غذا بغیر ہضم کے خارج ہو، جلد تھک جائے تو ABROTIUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر جلد خشک پھٹی ہوئی، چہرہ زرد اور سوجا ہوا، کمزور آنکھیں اندر دھنسی ہوئی اور نیلے حلقے، بخار اور بار بار پیاس، سخت بے چینی، رات کے پاخانے درد کے ساتھ بکثرت آئیں تو ARSENICUM ALBUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر بچہ دودھ پیتے ہی دہی کی پھٹیاں بنا کر قے کردے تو AETHUSA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر غدود سوجے ہوئے جن سے سفید مواد بہے، کمزوری، چہرہ سوجا ہوا، پیٹ پھولا ہوا، بچہ سوئے رہنے کو چاہے، کھیلنے سے اکتائے، خنازیری مزاج بچے جو بڑھنا بھول جائیں یعنی بونے ہوں تو BARYTA CARB 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ غدود سوجے ہوئے جن سے پیپ نکلے، آنکھ میں سوزش، آنکھ کی پتلی (CORNEA) پر زخم، بچہ اونگھے مگر نیند نہ آئے۔نیند میں اچانک جاگ جائے تو BELLADONA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر بچہ اعصابی اور دماغی کمزوریوں کی وجہ سے سوکھ جائے تو بہترین دوائی KALI PHOS 6x ہے۔یہ دوائی

صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔اگر بچہ دبلا پتلا ہوتو CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں بھی باری باری چوسنے کو ساتھ دیں۔اگر بچے کا رنگ زرد اور دبلا پتلا ہوتو CALCAREA PHOS 6x سے ہی بچہ ٹھیک ہوجاتا ہے۔

بچوں کی کھانسی COUGH OF CHILDREN

بچے انتہائی نازک ہوتے ہیں۔معمولی بداحتیاطی بچوں کو متاثر کردیتی ہے۔ہوا کی نالیوں یا ان کی جھلیوں کی خراش، معدہ کی خرابی اور گرد و غبار کی وجہ سے کھانسی ہوجاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ سخت خشک بھاری اکڑاؤ کے ساتھ کھانسی جو رات کو بڑھ جائے، بخار ہو ACONITE 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بلغم کی قے، دست، دمہ، سانس اکھڑے تو APECAC 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ کھانسی جو خشک اور سخت کھانستے ہوئے بھونکنے کی آواز نکلے، آواز بیٹھ جائے تو SPONGIA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پیٹ میں کیڑوں کی وجہ سے اگر کھانسی ہوتو CINA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ کھانسی جس کے ساتھ بلغم کی خرخر کی آواز آئے، سانس بند ہوجانے کے خوف سے لیٹ نہ سکے، بلغم بچہ نکال نہ سکے تو ANTIM TART 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ کھانستے وقت چھاتی میں چبھن دار درد، بچہ چھاتی پر ہاتھ رکھ کر کھانسے، کھانسی خشک، زرد یا خون ملی بلغم نکلے تو BRYONIA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ٹھنڈی ہوا سے کھانسی زیادہ، بلغم زنگ آلود، کھانسی بھاری سینے کی ہڈی کے نیچے درد ہو تو PHOSPHOROUS 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جب APECAC سے فائدہ نہ ہو اور کالی کھانسی بن جائے تو DROSERA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

بخار FEVER

نارمل انسان کا درجہ حرارت 98.6 °F ہے۔اگر نارمل درجہ حرارت بڑھ جائے تو اسے بخار (FEVER) کہتے ہیں۔عام طور پر بخار کو مندرجہ ذیل اقسام میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

(۱) بخار سادہ (SIMPLE FEVER)　　(۲) بخار ملیریا (MALARIA FEVER)

(۳) بخار تپ محرقہ یا میعادی (TYPHOID FEVER)　　(۴) بخار وبائی (INFLUENZA)

(۱) بخار سادہ SIMPLE FEVER

سادہ بخار عموماً قبض اور تبخیر معدہ کی وجہ سے ہوتا ہے۔ سادہ بخار کے مریض کو نہ سردی لگتی ہے اور نہ ہی پسینہ آتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر زبان کی رنگت سرخ اور کانٹے ، قے کی طرف رجحان ، پسینہ بالکل نہ آئے قبض ہو اور معدہ میں درد ہو تو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ اگر زبان کی رنگت سلیٹی مائل سفید، متلی، دست، سر اور آنکھیں درد کریں تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

(۲) بخار ملیریا MALARIA FEVER

ملیریا بخار دراصل ملیریا والے مچھروں کے کاٹنے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ ملیریا بخار سردی سے شروع ہوتا ہے اور پسینہ آ کر اتر جاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ نوجوان لڑکوں یا لڑکیوں کو جن میں خون زیادہ ہو، بخار ہونے کے وقت سخت سردی، کپکپاہٹ، درجہ حرارت بہت زیادہ ہو تو ACONITE 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بخار ملیریا میں بخار سے پہلے جی متلائے، بخار کے دوران پسینہ آئے تو CHINA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ بخار کے ساتھ جسم میں جلن، خوف و ہراس ، چہرہ زرد، بے چینی ، قے اور شدید پیاس لگے پھر قے ہو جائے تو ARSENICUM ALBUM 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ملیریا بخار لیکن باری سے ہو تو FERRUM PHOS 12x اور NATRUM MURE 200 صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں باری باری دیں۔

☆ بخار چڑھتے وقت لرزہ کافی دیر تک رہے، چہرہ زرد، ماتھے اور چہرے پر پسینہ ٹھنڈا اور ہاتھ پاؤں سرد ہوں تو VERAT ALBUM 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ملیریا بخار جس میں ہڈیاں ٹوٹیں خاص طور پر کندھوں کے پیچھے اور کمر کے پیچھے زیادہ، سردی لگنے سے پہلے پیاس لگے تو EUPATORIUM PERF 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ملیریا بخار میں شام کے وقت لرزہ، شدید پیاس، پسینہ کے ساتھ کمزوری ہو تو CHINUM SULPH 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بخار میں غنودگی، ہلکی کھانسی، پیاس ندارد ہو تو GELSIMUM 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ملیریا بخار کی بہترین دوائی MALARIA OFF 30 ہے۔ صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں

دینے سے پسینہ آ کر بخار اتر جاتا ہے۔

ہدایات:

مریض آرام کرے، علیحدہ چارپائی، صاف ستھرا بستر، کھلی ہوا اور مچھر دانی کا ہونا لازم ہے۔ مطالعہ بھی نہ کریں۔ غذا میں مونگ کی دال کی کھچڑی، رس، چائے، دودھ، ڈبل روٹی، پھلکا، بکری کے شوربے کے ساتھ دیں۔ پیاس بجھانے کے لئے برف چوسے یا لیموں کالی مرچ اور نمک لگا کر دیں۔

(۳) بخار تپ محرقہ یا میعادی TYPHOID FEVER

ٹائیفائیڈ ایک خاص قسم کے جراثیم کی وجہ سے ہوتا ہے اور مکھی ان جراثیموں کو مریض تک پہنچاتی ہے۔ جب مکھی کھانوں یا ننگی رکھی ہوئی چیزوں پر بیٹھتی ہے تو یہ جراثیم کھانے میں منتقل ہو جاتے ہیں اور یہ کھانا کھانے سے ٹائیفائیڈ کے جراثیم انسان میں منتقل ہو جاتے ہیں۔

ٹائیفائڈ (تپ محرقہ) کا حملہ عام طور پر تین ہفتے تک رہتا ہے۔ اس بخار سے انتڑیوں میں زخم ہو جاتے ہیں۔ جلد پر گلابی دھبے ظاہر ہوتے ہیں اور مریض کو دست آنے لگتے ہیں۔

ٹائیفائڈ (تپ محرقہ) کی دو قسمیں ہیں: (۱) تپ محرقہ متعدی (۲) تپ محرقہ ہذیانی

(۱) تپ محرقہ (TYPHOID) متعدی

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ بخار تیز، غنودگی، مریض آنکھیں بند کر لے اور بدبودار دست آئیں تو BAPTESIA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

(۲) تپ محرقہ (TYPHOID) ہذیانی

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ مریض بے ربط باتیں شروع کر دے، حملہ کے شروع میں بخار تیز اور بے ہوشی طاری ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بخار میں ہاتھ پاؤں سرد، پنکھے کی بے حد خواہش، چہرے پر جھریاں پڑ جائیں، چہرہ زرد اور ڈوبا ہوا ہو تو CARBO VEGETA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بخار کے دوسرے ہفتے جب زبان سلیٹی مائل سفید، قبض، پاخانہ پھیکے رنگ کا ہو تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ مریض بات کرنے سے پرہیز کرے، پیشاب سفید رنگ کا آئے، مریض لاپرواہ ہو تو ACID PHOS 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ٹائیفائڈ میں زبان بھوری، نیند نہ آئے مگر اونگھتا رہے، بخار مہلک صورت اختیار کر چکا ہو، مریض بکے دماغ کے افعال میں فرق آجائے تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

پرہیز:

جب درجہ حرارت 103 °F بڑھ جائے تو مریض کے سر پر تالو کی جگہ کے بال کٹوادیں اور ایک کٹورے میں برف کے ٹکڑے ڈال کر سوتی کپڑے کی گدیاں اس ٹھنڈے پانی میں بھگو کر مریض کے سر پر رکھیں۔ جب درجہ حرارت 102 °F کے قریب آجائے تو یہ عمل چھوڑ دیں۔

دودھ کے سوا ہر چیز سے پرہیز کریں۔ پینے کو سادہ پانی دیں۔ اگر مریض چڑچڑا اور ضدی ہو تو بکری یا چوزے کی یخنی نمک اور کالی مرچ ڈال کر پلائیں۔ ٹھوس غذا سے سخت پرہیز کریں۔

اگر درجہ حرارت 102 °F تک پہنچ جائے تو یخنی بھی نہ دیں۔ صرف گلوکوز کو سادہ پانی میں ملا کر پلائیں۔ دن کو کھلی ہوا میں اور رات کو سایہ دار جگہ میں رکھیں۔ مریض کو تنگ ہرگز نہ کریں۔ صرف ایک شخص تیمار داری کرے۔

(۴) بخار وبائی INFLUENZA

یہ ایک متعدی مرض ہے۔ یہ مرض انسانی وجود میں قوت مدافعت کے کم یا نہ ہونے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ یہ وبا کی صورت میں پھیلتا ہے اور کثیر آبادی پر حملہ آور ہوتا ہے اور کئی انسانوں کی موت کا ذریعہ بنتا ہے۔

وبائی بخار بھی ملیریا بخار کی طرح سردی لگ کر ہوتا ہے اور درجہ حرارت 100 °F سے 103 °F تک رہتا ہے۔ کبھی کبھی شدت کی حالت میں درجہ حرارت 105 °F تک بھی پہنچ جاتا ہے۔ سر میں درد، نبض بے قاعدہ، آنکھوں اور ناک سے پانی، چھینکیں بکثرت، جسم میں تشنج، تھکاوٹ حد سے زیادہ، نیند غائب، بھوک ختم اور خطرناک حالت میں دست و پیچس، سینہ میں درد، کھانسی خشک، گلا سوج جاتا ہے اور درد کی وجہ سے کوئی چیز نگلنا مشکل ہوجاتی ہے۔ اگر بروقت علاج نہ کیا جائے تو سرسام (ورم دماغ) ہو کر مریض کی موت واقع ہوجاتی ہے۔ وبا کی صورت میں بخار ہونے سے پہلے ہفتے میں ایک بار BAPTESIA 30 دن میں ایک بار، ARSENICUM ALBUM 30 دن میں دوبار 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں لیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ بخار کے ساتھ بے چینی، ناک اور آنکھ سے پانی بہے، گرم کمرے میں آرام جبکہ سردی سے تکلیف میں زیادتی، چہرہ زرد، جلن دار پیاس، بار بار پانی پیئے لیکن قے کردے تو ARSENICUM ALBUM 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بخار میں آنکھوں میں درد، زبان پہلے بھوری پھر سیاہ، سیاہ بدبودار دست، جسم میں درد اور اکڑن، مریض خیال کرے کہ وہ ٹکڑے ٹکڑے ہو کر بستر پر پڑا ہے، خیال کرے کہ وہ کیسے جڑ سکے گا تو BAPTESIA 30 صبح، دوپہر، شام

9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بخار میں سانس کی نالی اور پھیپھڑوں پر سخت حملہ، کھانسی خشک آئے تو چھاتی پر ہاتھ رکھے، گلے، سر، چھاتی میں درد جو حرکت سے بڑھے تو BRYONIA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بخار سردی، منہ سرخ، آنکھیں پانی سے بھری ہوئی، سر اور کمر میں درد اور اکڑن، لرزہ، سستی، غنودگی، زبان کی رنگت سفید ہو تو GELSEMIUM 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بدن میں درد، بے چینی، سردی، کھانسی خشک، گلے میں درد اور خراش، زبان کی نوک سرخ باقی سفید میل سے ڈھکی ہوئی، آرام سے درد میں اضافہ ہو تو RHUSTOX 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سورج نکلنے کے بعد لرزہ سے بخار، ہونٹوں پر دانے، پسینہ آکر بخار اتر جائے مگر وقت مقررہ پر پھر ہوجائے، تلی بڑھ جائے تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

☆ سردی کمر سے محسوس ہو اور بڑھتے بڑھتے بخار کے ساتھ لرزہ، کمر میں درد، بخار نہ ہونے پر کڑوے پانی کی قے، کبھی قبض، کبھی پانی کی طرح دست، ہڈیوں میں درد، اعضاء ٹوٹیں، بند بند درد کرے، ٹھنڈے پانی کی پیاس، صفراوی قے، منہ سے کڑوا پانی بہنا بند، کھانسی سخت، گلا بند، تھوک میں خون، پھیپھڑوں میں سوزش ہو تو PHOSPHOROUS 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ مندرجہ بالا علامات نہ پائی جائیں اور جسم سرد، کپکپی، چھینکیں بہت زیادہ ہوں تو CAMPHUR 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

پرہیز:

ہر چیز گرم کر کے کھلائیں، شوربہ، ڈبل روٹی، مونگ کی دال کی کھچڑی، کالے چنے کے شوربہ سے روٹی دیں۔ چنے ہرگز نہ کھائیں۔ دوائی کے بعد ایک گھونٹ گرم پانی پلائیں۔

بخار پرسوت کا SEPTIC FEVER

بچہ پیدا ہوجانے کے بعد بہت سی عورتوں کو بخار ہوجاتا ہے۔ اسے پرسوت کا بخار کہتے ہیں۔ بعض اوقات دایہ کی بے قاعدگی اور غلطی کی وجہ سے رحم کے اندر خون یا آنول کے ٹکڑے رہ جاتے ہیں جن میں گندہ بدبودار مواد پیدا ہوجاتا ہے۔ سب سے پہلے مریضہ کو لرزہ سے بخار ہوتا ہے جس کا درجہ حرارت 104 °F سے 106 °F تک پہنچ جاتا ہے۔ سانس چھوٹا اور تیز آتا ہے۔ پیاس شدت سے محسوس ہوتی ہے۔ کبھی متلی اور کبھی قے ہوجاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ چہرہ تمتماتا ہوا سرخ، روشنی سے نفرت، آنکھوں کی پتلیاں پھیلی ہوئیں، سر میں درد اور ورم، پریشانی، ہذیان بکے، نفاس کا خون بالکل بند نہ ہو تو BELLADONA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر نبض بھرپور، خون کا دورہ سر کی طرف، خون کی مقدار زیادہ ہو، بے چینی اور شدت کی پیاس ہو تو ACONITUM NAPELUS 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر جسم میں زہریلا مواد حد سے بڑھ گیا ہو، خاص کر جب پسینہ نہ آئے تو KALI SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

ہدایات:

بخار اترنے پر دودھ، انڈے، بکری کے پائے، یخنی، پھلوں کا جوس، ملائی، مکھن دیں تا کہ طاقت بحال ہو۔سرخ انار کا پانی پلانا انتہائی مفید ہے۔

بواسیر PILES

بواسیر میں عام طور پر مسے ہوتے ہیں یا مقعد سے خون خارج ہوتا ہے۔زیادہ تر یہ تکلیف قبض سے ہوتی ہے۔مقعد میں زخموں کی وجہ سے خارش بھی ہوتی ہے۔شراب پینے اور جگر کا فعل ناقص ہونے سے بھی یہ مرض لاحق ہوتا ہے۔مقعد میں سخت جلن اور درد، پاخانہ خارج کرتے وقت شدت کا درد ہوتا ہے۔جسم زرد ہو جاتا ہے اور انتہائی کمزوری پیدا ہو جاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ بواسیر کی بہترین ادویات NUXVOMICA 30 اور SULPHUR 30 ہیں۔نہار منہ پہلے خوراک SULPHUR پھر 2 گھنٹے کے بعد NUXVOMICA۔اس طرح باری باری 9,9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں 2-2 گھنٹے کے بعد دیں۔

☆ اگر مسوں میں ورم، مقعد میں ناقابل برداشت خارش، پتلی جلن دار رطوبت خارج ہو تو THUJA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جب بواسیر کا خون اندرونی مسوں سے نہ آئے، پیٹھ کی ہڈی میں درد، بوجھ اٹھانے سے خون خارج ہو تو CALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر خون کا اخراج بہت زیادہ، مریض پریشان اور کمزور ہو تو HEMAMILIS Ø صبح، دوپہر، شام 5 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر مسے باہر نکل آئیں اور اندر نہ جا سکیں، ان میں خارش اور درد ہو جس کا اثر مقعد اور فوطوں کے درمیان تک جائے تو SILICIA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر مسے انگور کے گچھے کی طرح باہر نکلے ہوئے ہوں، پتلے دست اور خون کا اخراج، ٹھنڈا پانی پینے سے دست آئیں اور خون نکلنے میں کمی ہو تو ALOES 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر بادی اور خونی دونوں قسم کی بواسیر ہو اور زبان پر زرد لیسدار میل جمع ہو تو KALI SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ حاملہ عورتوں کو بواسیر ہو، انتڑیاں بے حس ہونے کی وجہ سے پاخانہ کا خیال نہ آئے تو COLINSONIA Ø کے 5 قطرے دن میں 3 بار ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر مقعد میں درد، بادی بواسیر، نازک مزاج خوبصورت عورتوں کو بواسیر، مرغن غذا سے نفرت ہو تو PULSATILLA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر مسوں سے کالے رنگ کا گاڑھا خون خارج ہو تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

پرہیز:

مرغن، مصالحہ دار، چٹ پٹی غذائیں، لال مرچ سے پرہیز۔اس کے علاوہ گوشت، کچالو اور دیگر قابض چیزوں سے بھی پرہیز کریں۔ان چھنے آٹے کی روٹی، پھل، سادہ سبزیاں، سالن میں نمک کے ساتھ سیاہ مرچ، دلیہ، ساگودانہ، مونگ کے دال کی کھچڑی، جو کی کھیر دیں۔بواسیر کے مریض کو لسی، گنا اور گڑ شکر بھی نقصان دہ ہیں۔

پیچس DYSENTRY

آنتوں میں ورم اور زخم بن کر ان سے پیپ اور خون جاری ہو جاتا ہے اور پیٹ میں مروڑ ہوتے ہیں۔بعض اوقات بخار ہو جاتا ہے اور بھوک کم ہو جاتی ہے۔یہ مرض پیچس کہلاتا ہے۔اس میں زبان میلی اور پیشاب کم ہو جاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ جب پیٹ میں درد، پاخانہ زرد اور بدبودار ہو تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر شدید درد جیسے پیٹ میں کوئی چھڑیاں مار رہا ہو، پاخانہ لیس دار ہو تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ پاخانہ کی خواہش بار بار، مقعد میں جلن، پیاس زیادہ لیکن پانی سے کپکپی ہو تو CAPSICUM 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ پرانے مروڑ، صبح زیادہ، بچوں کا خسرہ ختم ہونے کے بعد مروڑ ہو تو SULPHUR 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ متلی، قے، خون ملے دست ہوں تو IPECAC 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر ابتداء میں بخار کے ساتھ مروڑ ہو تو ACONITE 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پیشاب جل کر آئے، پاخانہ میں خون اور پیپ (آنوں) اور درد ہو تو CANTHARIS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر مروڑ کے ساتھ پیاس ، بے چینی ، سیاہ یا سبز پاخانہ، جلن، خون اور پیپ ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پیٹ کو دبانے، ملنے اور سینکنے سے آرام ہو، مروڑ درد کے ساتھ ہو تو MAG PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

پیٹ درد، قولنج COLIC

پیٹ میں اپھارا ہونے کی وجہ سے آنتوں میں تشنج پیدا ہو جاتا ہے جسے قولنج کہتے ہیں۔ مریض پیٹ کے بل لیٹنا پسند کرتا ہے۔ اس مرض میں متلی، قے اور قبض کی شکایت رہتی ہے۔ کمزور مریض بیہوش بھی ہو جاتا ہے۔ ناف کے اردگرد انتڑیوں اور پیٹ کے نچلے حصے میں سخت درد ہوتا ہے اور سخت بے قراری اور بے چینی ہوتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر مرغن کھانے سے درد ہو اور معدہ ٹھنڈا ہو تو PULSATILLA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بچوں کا قولنج: دانت نکالتے وقت بچوں کو دست، گال گرم، چہرہ سرخ ہو تو CHEMOMILA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بچے درد کی وجہ سے پیٹ کو دبائیں، درد وقفے وقفے سے اٹھے تو MAGPHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ درد آدھی رات کو زیادہ، معدہ ہوا سے پھولا ہوا، ریح خارج ہونے پر آرام، قبض ہو تو COCULUS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ناف سے لیکر پیڑو تک درد قولنج، پاخانہ کی خواہش بار بار ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ مریض درد سے دہرا ہو جائے، شدید کاٹنے والا قولنج درد ہو تو COLOCYNTHESIS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پیٹ سخت پتھر کی طرح، شدید درد، قبض، سخت پاخانہ مینگنیوں کی شکل کا، مقعد اندر کھنچی جائے تو PLUMBUM METALLICUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پاخانہ کی خواہش بار بار لیکن کھل کر نہ آئے، ریح، قبض، قولنج کا درد ہو تو NUXVOMICA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر قولنج کاٹنے والے بائیں سے دائیں حرکت کریں، کچے پھل، آئسکریم یا نا قابل ہضم غذا کے کھانے سے تکلیف زیادہ، معدہ

میں جلن بھی ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ریح کی بو گندھک کی طرح، درد کے دوران پیٹ سرد، حرارت سے درد بڑھے تو KALI SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ درد ایسا جیسے پیٹ میں چاقو بھونک دیا گیا ہو ، پیٹ سخت پتھر کی طرح ، ٹھنڈے پانی سے اضافہ ہو تو CUPRUM METALLICUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بچوں کو قولنج کا درد جو دبانے سے آرام آئے تو STANNUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ قولنج کا نزلہ زکام سے پیدا ہو، نیند نہ آئے تو OPIUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ درد قولنج جو کھڑا ہونے یا پیٹ کو پیچھے دھکیلنے سے فائدہ ہو تو DIASCOREA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پاخانہ سبز رنگ کا جس سے کھٹی بو آئے، جمے ہوئے دودھ کی مانند قے آئے تو NATRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

پاگل پن، جنون یا دیوانگی DIPPINESS

اگر ہذیان کا علاج بروقت نہ کیا جائے تو یہ مرض بڑھ کر پاگل پن اور دیوانگی کی صورت اختیار کر لیتا ہے۔ اس مرض میں مریض کپڑے پھاڑتا ہے، کبھی ہنستا ہے کبھی روتا ہے اور فضول باتیں کرتا ہے۔ پاگل پن کے مریض کے ساتھ ایک کمرے میں نہ سوئیں اور اس سے باتیں نہ کریں۔ پاگل پن میں گھر سے نہ نکلنے دیں۔ اس سے خوش کلامی نہ کریں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ پاگل پن میں KALI PHOS 200x میں روزانہ چار خوراکیں دیں، انشاء اللہ شفاء ہوگی۔

☆ اگر پاگل پن شراب نوشی کی کثرت سے ہو تو KALI PHOS 200x کے ساتھ NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

پیٹ کے کیڑے WORMS

زیادہ پکے ہوئے پھل اور باسی گوشت کھانے سے پیٹ میں کیڑے پیدا ہو جاتے ہیں۔ کبھی تو یہ کیڑے آنتوں میں رہتے ہیں اور کبھی مقعد میں ٹھہر جاتے ہیں۔ جس کی وجہ سے مقعد میں نا قابل برداشت خارش ہوتی ہے۔ پیٹ تنا ہوا اور مریض کے منہ سے بدبو آتی ہے۔ پیٹ میں درد ہوتا ہے۔ چہرہ زرد اور مریض چڑچڑا ہو جاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ غذا ہضم نہ ہو ، آنت میں سوت کی طرح کیڑے ہوں، مریض ناک کریدتا رہے تو

FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر کیڑوں کی وجہ سے متلی، قے یا پیٹ میں درد ہو تو SABADILLA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر لمبے کیڑے، پرانی بیماری ہو تو FALCSMAS Ø کے 5 قطرے دن میں دو مرتبہ دیں۔

☆ جب سوتے وقت بے چینی، مقعد میں خارش، پیٹ میں درد اور ترشی کا احساس اگر چہرہ اور ناک کے قریب سفیدی ہو تو NATRUM PHOS 6x کو KALI MURE 3x کے ساتھ ملا کر صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔

پتہ کی پتھریاں STONES OF GALL BLADDER

پتہ یا GALL BLADDER جگر کی نچلی سطح سے ملی ہوئی چھوٹی سی جھلی ہوتی ہے۔ یہ جگر کے زائد بائل جوس (BILE JUICE) جو جگر کو درکار نہیں ہوتا پتہ میں جمع ہو جاتا ہے۔ اسی بائل جوس کی خرابیوں کی وجہ سے پتہ میں پتھریاں پیدا ہوتی ہیں اور ان پتھریوں کی وجہ سے یرقان ہو جاتا ہے۔ جاننا چاہیے کہ چھوٹی پتھریاں پاخانہ کے راستے ریت بن کر نکل جاتی ہیں مگر بڑی پتھریاں اکثر آنتوں کا راستہ روک لیتی ہیں جن کی وجہ سے بہت شدید درد ہوتا ہے۔ یہ درد چھاتی کے نیچے دائیں طرف ہوتا ہے جو دبانے سے بڑھ جاتا ہے۔ قے آتی ہے، قبض ہو جاتی ہے اور بھوک بھی کم ہو جاتی ہے۔ ایلوپیتھی طریقۂ علاج میں پتہ ہی نکال دیا جاتا ہے اور اس طرح جگر ایک اسٹور سے محروم ہو جاتا ہے۔ لیکن ہومیوپیتھی طریقہ علاج میں پتہ کی پتھریوں کو ریت بنا کر پاخانہ کے راستے باہر نکال دیا جاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر یرقان کی علامتیں ظاہر ہوں، مریض کا دل گھبرایا ہوا، دائیں طرف درد جیسے کوئی چھریاں مار رہا ہو، کمر میں درد، خاص طور پر ریڑھ کی ہڈیوں کی جگہ میں درد، منہ کا ذائقہ کڑوا ہو تو HYDRASTIS 30 کے ۹ قطرے دن میں چار بار دیں۔

☆ اگر تمام جسم میں درد جو کھڑے ہونے اور ورزش کرنے سے بڑھے، مریض زرد اور قبض ہو تو اسے BERBERIS VOLGARIS 6x صبح، دوپہر، شام 2 گولی چوسنے کو دیں۔

☆ اگر پتہ میں درد، قبض کی وجہ سے پاخانہ سخت، بعض دفعہ دست آنے لگیں اور یرقان ظاہر ہو جائے تو بھی BERBERIS VOLGARIS 6x، 5 قطرے ایک گھونٹ پانی میں 3 بار دیں۔

☆ یرقان، پتہ اور جگر کی خرابی کی وجہ سے ہو، پتہ میں قولنج کا درد، آنکھیں زرد ہو گئی ہوں، پیشاب زرد، دائیں طرف تکلیف، حرکت کرنے، چھونے اور موسم کی تبدیلی سے مرض میں اضافہ، صبح سویرے تکلیف زیادہ، منہ کا ذائقہ کڑوا ہو، دبانے سے آرام ہو تو CHELIDONIUM MAJUS 30 ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

تلی کی بیماریاں DISEASES OF THE SPLEEN

بخار کے دوران یا بخاروں سے شفایابی کے بعد تلی بڑی ہو جاتی ہے۔ تلی دل کے نیچے بائیں طرف جگر کے مقابل ہوتی ہے جسے ٹٹول کر با آسانی محسوس کیا جا سکتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ تلی کی بہترین دوائی CYANOTHIS Ø ہے۔ اس کے ساتھ کبھی کبھی ARMINIA 30 بڑھی ہوئی تلی کے لئے بہت مفید ہے۔ اس کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر چوٹ لگنے سے تلی بڑھ جائے تو ARNICA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر ملیریا بخار کی وجہ سے تلی بڑھ جائے جب کہ کونین بکثرت استعمال کی ہو، نمک کی خواہش ہو تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر تلی بڑھ جائے اور تلی کو چھونا بھی برداشت نہ ہو اور ورم ہو تو CAPSICUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ تلی بڑھی ہوئی بخار کے ہمراہ، نبض تیز، ورم اور درد جسے دبانے سے آرام محسوس ہو تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ تلی بہت بڑھی ہوئی، زبان پر میل اور قبض ہو تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

پرہیز:

مریض کو تلی ہوئی، مصالحہ دار اور ترش چیزوں سے پرہیز کرائیں۔ سادہ غذا، دلیہ، ساگودانہ، بکری یا چوزے کا شوربہ، چپاتی اور ڈبل روٹی وغیرہ دیں۔

تشنج SPASM

تشنج بذات خود کوئی مرض نہیں بلکہ بعض امراض کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے۔ اعصابی کمزوری یا دردوں کی وجہ سے جسم سکڑ کر اکڑنے لگتا ہے۔ ہاتھ اور پاؤں اینٹھنے لگتے ہیں، اوپر کے لب اوپر اور نیچے کے لب نیچے رہ جاتے ہیں۔ بعض اوقات غشی اور بے ہوشی بھی ہو جاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر اعصابی دردوں کے ساتھ سینہ اور گلا درد کرے، سر میں شدت کا درد، بولنے سے لاچاری، دل کمزور اور بہت پسینے آئیں تو MAG PHOS 3x اور CALC PHOS 3x صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔

☆ اگر پسینہ نہ آئے، پنڈلیوں، تلووں اور انگوٹھوں میں تشنج ہو تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر پنڈلیوں میں تشنج اور تھکاوٹ ہوتو ARNICA MONT 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پنڈلیوں میں تشنج، ٹانگیں برف کی مانند ٹھنڈی ہوں تو CAMPHOR 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر سرد پسینہ، دست اور الٹیاں ہوں تو VERATRUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ عام طور پر تشنج کے لئے CUPRUM METALLICUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔ یہ بہترین دوائی ہے۔ اگر تشنج بغیر وجہ کے رات کو ہوجائے تو NUXVOMICA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

ٹی۔بی (تپ دق) TUBERCULOSIS

یہ چھوت دار بیماری ہے اور TUBERACULINUM BACCILUS جراثیم سے پھیلتی ہے۔ شروع شروع میں ہلکا ہلکا بخار ہوتا ہے اور کبھی کبھی کھانسی ہوتی ہے۔ آہستہ آہستہ پھیپھڑے متاثر ہونا شروع ہوجاتے ہیں اور مریض میں کمزوری بڑھتی جاتی ہے اور کھانسی کے ساتھ بلغم شروع ہوجاتا ہے۔ آخر کار مریض انتہائی کمزور ہوجاتا ہے اور خون کی قے آتی ہے اور مریض کی موت واقع ہوجاتی ہے۔

تپ دق کی کئی ایک وجوہات ہیں جن میں سے خاص طور پر عیاشی، شراب نوشی اور چھوٹی عمر میں شادی بھی سبب بن سکتی ہے۔ تپ دق کے مریض کے پاس بیٹھنے یا اس کے برتن اور کپڑے استعمال کرنے سے بھی تپ دق کا مرض ہوسکتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر مریض ابتداء میں ہی دبلا ہونے لگے، پسینہ زیادہ آئے، کھانسی کے ساتھ یا کھانسی کے بعد سفید رنگ کی بلغم خارج ہونے لگے، حلق خشک اور آواز بیٹھے تو CALCAREA PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر بخار کے ساتھ چھوٹا سانس جلدی جلدی آئے اور تکلیف ہو، سینہ میں درد، کھلی ہوا میں کھانسی زیادہ، تھوک کے ساتھ بلغم جس میں خون ملا ہوا خارج ہو تو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں اور ہفتہ میں ایک بار TUBERCULINUM BECILLINUM 200x کی ایک خوراک بھی دے دیا کریں۔

☆ اگر خشک کھانسی جو شام کو زیادہ اور رات کو پسینہ بہت زیادہ آئے، جلد خشک اور ہاتھ پاؤں کے تلوے جلن محسوس کریں تو SULPHUR 30 کے 11 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر کھانسی کبھی خشک اور کبھی تر جب کہ صبح کو کھانسی زیادہ اور دست آئیں، سرخ اور چمکنے والا خون کثرت سے خارج ہو

تو NITRIC ACID 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پھیپھڑوں میں پھوڑے جن میں پیپ پڑ جائے، رات کے وقت پسینہ آئے جس کے بعد کمزوری ہوجائے، بخار سے پاؤں کے تلوے گرم ہوجائیں، زرد رنگ کی بلغم کھانسی کے ہمراہ خارج ہو، بھوک ختم، قبض ہو، ذائقہ میٹھا اور خاص طور پر پاؤں پر پسینہ آئے تو SILICEA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ بخار کھل کر آئے، پاخانہ انتہائی بدبودار، دست بے شمار، بھوک بہت، مریض پیٹ بھر کر کھائے مگر دن بدن کمزور ہوتا جائے تو ARSENICUM IODIDE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر کھانسی خشک یا تر مگر بلغم خارج نہ ہو، ہاتھ پاؤں ٹھنڈے، چھاتی میں جلن، لیٹنے سے تکلیف، سانس بدبودار، دائیں طرف درد ہو تو SANGUINARIA 30 کے 11 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

پرہیز اور غذا:

تپ دق (T.B) مریض کو سادہ زندگی گزارنی چاہیے۔ صبح سویرے اٹھ کر ہلکی پھلکی سیر کرنی چاہیے۔ ہری گھاس پر جوتے اتار کر چلنا چاہیے۔ فکر و غم سے دور رہے اور ہر وقت خوش رہنا چاہیے۔ روزانہ گرم پانی سے غسل کر کے جسم کو فوراً تولیے سے اچھی طرح صاف کرنا چاہیے۔ بالوں میں تیل لگا کر کنگھی کرنی چاہیے۔ اگر ممکن ہو سکے تو گرمیوں میں کسی ٹھنڈی جگہ پر چلے جانا چاہیے۔

غذا میں پھل، مکھن، کریم، دودھ، بکری کے گوشت کی یخنی، چوزہ، مٹر، ٹماٹر اور لیموں بہت فائدہ مند ہیں۔ گلوکوز بھی بہت مفید ہے۔

جریان GLEET

یہ ایک ایسا مرض ہے جس میں پیشاب سے پہلے یا پیشاب کے بعد یا پیشاب کے دوران سفید قطروں کی صورت میں مادہ منویہ خارج ہوتا ہے۔ گرم اور مصالحہ دار مرغن غذا کی کثرت، کثرتِ عیاشی اور شراب نوشی وغیرہ اس مرض کے اسباب ہوتے ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر ہر وقت عورتوں کا خیال اور خیالات میں ہم بستری کا لطف اٹھائے تو STAPHYSAGARIA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر قبض اور بیٹھے رہنا، معدہ کی خرابی اور ہاضمہ خراب کی وجہ سے ہو تو NUXVOMICA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پیشاب کے بعد سفید، بدبودار منی کا اخراج ہو تو SELENIUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پٹھے کمزور، دماغی کمزوری، کثرت جریان ہوتو ACID PHOS 200x روزانہ 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

جگر کے امراض DISEASES OF THE LIVER

جگر چھاتی کے نیچے دائیں طرف ہوتا ہے۔جگر کو کلیجہ بھی کہتے ہیں۔ جگر چربی (FAT) نشاستہ (STARCH) اور شوگر (SUGAR) کا اسٹور ہے۔جگر کی خرابی کی وجہ سے جسم میں خون کی کمی واقع ہوجاتی ہے، پیاس لگتی ہے۔مریض کمزور ہوجاتا ہے۔جگر کے ورم سے پاؤں بھی ورم زدہ ہوجاتے ہیں۔دائمی قبض سے بھی جگر متاثر ہوتا ہے۔جگر پر چوٹ لگنے سے جگر میں ورم پیدا ہوکر بخار چڑھ جاتا ہے اور بعض اوقات جگر سکڑ کر چھوٹا ہوجاتا ہے اور کبھی جگر میں قولنج کا درد بھی ہوتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر جگر میں خون کا اجتماع، بخار اور درد ہو جبکہ زبان سرخ ہوتو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر جگر کو سردی سے نقصان پہنچے، جگر کا فعل خراب اور درد، زبان سفید، قبض اور یرقان ہوگیا ہو تو KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر صفراء کا غلبہ، تھکاوٹ، دماغی کمزوری، جگر کا ماؤف حصہ درد کرے تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ جگر کے ورم کی وجہ سے شوگر ہوجائے تو NATRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ جگر کا پھوڑا، درد بہت زیادہ جس سے مریض کمزور ہوجائے تو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ جگر کے مقام پر چوٹ لگ جائے تو گرم پانی میں ARNICA Ø ڈال کر ٹکور کریں۔

جلد کی حفاظت EXTERNAL TINCTURE Ø

اگر انسان صاف ستھرا رہے تو کئی ایک جلدی بیماریوں سے محفوظ رہتا ہے۔نہانے کے لئے کاربولک سوپ (CARBOLIC SOAP) استعمال کیا جائے تو اس سے جلد کی حفاظت کے ساتھ ساتھ گندگی کے دانے جن میں اکثر مواد پیدا ہوکر خارش پڑ جاتی ہے، پیدا نہیں ہوتے۔سردیوں میں دن میں ایک بار اور گرمیوں میں دن میں دو بار غسل کرنا چاہیے۔اگر جلد پر خارش وغیرہ ہوتو سلفر سوپ (SULPHUR SOAP) بھی بہت مفید ہے۔

صحت مند آدمی کو ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا چاہیے۔نہانے کے بعد جسم کو کھردرے تولیہ سے اچھی طرح مل کر خشک کرنا چاہیے۔

برسات کے دنوں میں مچھروں سے محفوظ رہنے کے لئے موٹی سوتی جرابیں پہن کر سونا چاہیے۔قمیض مکمل

آستین کی پہنیں اور دھوپ میں جائیں تو سر پر ٹوپی، پگڑی یا ہیٹ (HAT) رکھنا چاہیے تاکہ لُو لگنے سے محفوظ ہوجائے۔

☆ اگر سردیوں میں ہاتھ کی پچھلی جانب، پیر اور چہرے کی جلد پھٹ جاتی ہے اور بہت بری لگتی ہے، اس کا بہترین علاج یہ ہے کہ روزانہ ان پر تازہ مکھن یا اچھی قسم کی ویزلین مل لینی چاہیے۔

☆ اگر گلے پڑ جائیں، درد ہو اور باہر نکل آئیں، کھانے نگلنے میں تکلیف، خراش ہو تو SULPHURIC ACID Ø کو EXTERNAL TINCTURE کے طور پر استعمال کریں۔

طریقہ استعمال: 5 قطرے ایک گلاس گرم پانی میں ملا کر روئی میں بھگو کر حلق کے بیرونی حصہ میں مالش کریں۔یہ عمل دن میں 3-4 بار کریں۔

☆ اگر وجع المفاصل (جوڑوں کے درد) گنٹھیا کے درد اور ورم کی وجہ سے مریض ہل جل نہ سکے تو مرض کی ابتداء میں ACONITE NAP Ø کے دس قطرے ایک کپ پانی میں ملا کر نیم گرم پانی کی مالش کریں اور اسی دوائی کو روئی میں بھگو کر متاثرہ جگہ پر پٹی کردیں۔

☆ اگر مقعد پر مسّے ہوں تو AESCULUS HIP Ø روئی میں بھگو کر مسّوں پر لگائیں۔

☆ جلد پر چوٹ لگنے کے اثرات جب کہ جلد نہ کٹی ہوئی ہو اور نہ ہی خون نکلا ہو۔جلد پر ورم، درد اور سوزش ہوتو ARNICA Ø کے 30 قطرے ایک گلاس نیم گرم پانی میں ملا کر مالش کریں۔

☆ ورم مثانہ میں بھی اسی طرح مالش کریں۔

☆ اگر سر سے بال جھڑ گئے ہوں یا گنجا پن پیدا ہوگیا ہوتو ARNICA Ø ایک حصہ سرسوں کا تیل اور ویزلین صاف کی ہوئی دو حصے ملا کر نہانے کے بعد سر پر اچھی طرح مالش کریں۔

☆ کیڑوں کے کاٹنے، مچھر، بھڑ، کھٹمل اور چیونٹی وغیرہ کے کاٹنے سے جلد میں بے چینی اور چبن ہوتی ہے۔ APIS MELIFICA Ø روئی میں بھگو کر لگائیں۔

☆ جوڑوں کا درد، چھاتی کا درد ٹیسیں مارتا ہوا جو حرکت کرنے سے بڑھے یا نمونیہ اور کھانسی میں درد کی شدت کی وجہ سے چھاتی پر ہاتھ رکھ کر کھانستا ہو نصف حصہ دوائی نصف حصہ گرم پانی میں ملا کر BRYONIA Ø کی ٹکور کریں۔

☆ پستانوں کے زخم اور سوزش کے لئے PHYTOLACCA Ø 5 قطرے ایک کپ پانی میں ملا کر ٹکور کریں۔

☆ چوٹ لگنے یا کسی اور وجہ سے خون ٹپکنے لگے یا خون نکل چکا ہوتو ایک گلاس پانی میں ایک ڈرام CALENDULA Ø ڈال کر روئی میں بھگو کر لگا دیں۔

☆ بواسیر یا نرم ابھار جس میں زرد پانی جلن دار نکلے اور مقعد میں خارش ہوتو THUJA EXT: TINCTURE روئی میں بھگو کر متاثر جگہ پر لگائیں۔

☆ دانت درد کے لئے PLANTAGO MAJOR کو روئی میں بھگو کر دانت پر رکھیں۔

☆ تلی دل کے نیچے جگر کے مدمقابل ہوتی ہے جوخون صاف کرنے میں دل کی مددگار ہے۔اگرتلی ملیریا بخار یا کونین کے استعمال یا کسی اور وجہ سے اپنے جسم سے بڑھ جائے تو CEONOTHUS EXT TINCTURE کے 5 قطرے ایک اونس گرم پانی میں ملاکرٹکور کریں۔(اس مرض میں مریض کو زرد،کمزور،خون کی کمی اور قے آتی ہے)

☆ آنکھیں سرخ،مسلسل پانی خارج ہو، درد ہو، پپوٹوں کے کنارے سرخ، ورم زدہ اور جلن ہو تو EUPHRASIA EXT: TINCTURE ایک ڈرام Distilled Water(60 Drops) میں ایک قطرہ ملاکردن میں تین بار آنکھوں میں ڈالیں۔

☆ انگلیوں کے سرے کٹ جائیں یا دروازہ بند کرتے ہوئے دب جائیں اور اس میں درد اور ورم ہو تو 30 HYPERICUM PERF EXTERNAL TINCTURE قطرے ایک اونس نیم گرم پانی میں ملاکر متاثر جگہ کی ٹکور کریں۔

☆ جوڑوں کا درد اور متاثر جگہ نیلی ہوگئی ہو یا چوٹ لگنے سے نیلی ہوگئی ہو اور اس میں خارش ہوتی ہو تو BRYONIA اور RHUSTOX EXT:TINCTURE پانی میں ملاکرٹکور کریں۔

☆ اگر ہڈی ٹوٹ گئی ہو تو SYMPHYTUM EXT TINCTURE کو روئی میں بھگوکر ٹوٹی ہوئی ہڈی پر رکھ کر باندھ دیں۔

☆ جلی ہوئی جگہ یا جہاں جلن ہوتی ہو یا جلنے سے عضو گل سڑ رہا ہو تو URTICA URINUS کے 5 قطرے ایک اونس پانی میں ملاکر روئی بھگوکر متاثر جگہ کی ٹکور کریں۔

مندرجہ بالا تمام TINCTURE مرہم کی صورت میں ملتے ہیں ۔ان مراہم کے علاوہ

☆ اگر پرانی خارش، پھٹے ہوئے ہاتھ اور پستان کے منہ جن میں زخم ہوجائیں ECHINACEA OINTMENT بہترین نتائج دکھاتی ہے۔

☆ پھوڑے، پھنسیاں، دانے، زخم اور کئی منہ والے پھوڑے (کاربنکل) کے لئے GRAPHITES OINTMENT مفید ہے۔

☆ کیڑوں کے کاٹنے، عرق النساء اور گنٹھیا کے دردوں کے لئے LEDUM PAUL OINTMENT کی مالش کریں۔

☆ گندے پانی میں کھیلنے یا نہانے، خارش یا گندے دانوں کے لئے SULPHUR OINTMENT مفید مرہم ہے۔

☆ اگر خارش اور اگزیما کے لئے سلفر ناکام ہوجائے تو NAPHTHALIN OINTMENT استعمال کریں۔

☆ کسی حادثہ سے جلد چھل جائے جس میں جلن ہو یا جلی ہوئی جلد پر ACID CARBOLIC OINTMENT لگائیں۔

جلد کی بیماریاں DISEASES OF THE SKIN

جلد کی بیماریوں کا صفائی ستھرائی سے بہت زیادہ تعلق ہے اور ہماری جلد گندے یا اچھے ماحول سے بہت متاثر ہوتی ہے۔گندگی سے جلد متاثر ہوکر بیمار ہوجاتی ہے اور اس سے خون میں خرابی پیدا ہوجاتی ہے۔اور جلد پر سرخ رنگ کے چھوٹے چھوٹے دانے نکل آتے ہیں یا سفید رنگ کی پھنسیاں نکل آئیں گی جن میں خارش اور جلن پیدا ہوگی یا اسے کھجانے سے پتلی پیپ یا پانی کی طرح کا مادہ نکلتا ہے۔جلد کی یہ خارش چھوت دار ہوتی ہے اور ساتھ اٹھنے بیٹھنے والوں کو بھی لگ جاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر آلۂ تناسل پر چھوٹی چھوٹی پھنسیاں جن میں شدید خارش ہوتی ہے تو CROTON TIGLIUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر حجام کے گندے استرے کے استعمال سے پھنسیاں خصوصاً سر کے پچھلے حصہ میں ہوں تو BOVISTA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر جلد خشک، جس میں خارش سے جلن ہو ،چھلکے والی بھوسی جلد سے اترے تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جلد پر خارش جس سے لیسدار مواد بہے تو GRAPHYTES 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سیاہ مساموں والی کھردری اور خشک جلد، ایسے مریض نہانے سے نفرت کریں تو SULPHUR 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ چھپاکی اور جلن ہو ،سرخ رنگ کی پھنسیاں جو درد کریں، بستر کی گرمی سے خارش میں شدت ہو تو RHUSTOX 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

جلد سیاہ ہوجائے تو LECHESES, SCALECARE, PLUMBUM, ARSENICUM

جلد نسواری ہوجائے تو MERC SOL, LECHESES, LYCO, PHOSPHOROUS, SEPIA, SULPHUR

جلد نیلی ہوجائے VERATRUM, LECHESES, KROTALS, CARBO VEGE, DAGETALOUS, OPIUM

جلد پر نیلے داغ پڑ جائیں تو LADUM, KROTALS, PHOSPHORIC ACID, SULPHURIC ACID, ARNICA, LECHESES, PHOSPHOROUS,

ڈاکٹر سے مشورہ کرکے مندرجہ بالا ادویات دی جاسکتی ہیں۔

جانوروں کا علاج

(i) جانور (کتے کا علاج)

☆ اگر کتا بیمار اور بے چین ہو، ہاتھ کے پنجے اور جسم ٹھنڈا ہو، بھوک کی خواہش نہ ہو، کھانا رکھا جائے مگر نہ کھائے، پیاس شدت کی ہو، کتے پر خوف اور بے چینی کا اثر صاف ظاہر ہو۔ معدہ سخت ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 کے 3 قطرے ایک اونس پانی میں ملا کر اسے تین حصے کر کے دن میں تین بار پلائیں۔

اگر اس دوا کو پلانے کے بعد کتے کے منہ سے خون کے گچھے اور تقریباً ایک انچ لمبے پیلے کیڑے نکلیں جن میں اکثر مرے ہوئے ہوں، سخت بدبو آئے اور پیشاب بکثرت آئے تو CHINAØ ایک قطرہ کو تھوڑے سے پانی میں ملا کر دے دیں، کتا تندرست ہو جائے گا۔

(ii) جانور (بکرے یا بکری کا علاج)

اگر بکرے یا بکری کی آنتیں اپنا فعل درست طریقہ سے انجام نہ دے رہی ہوں تو اس حالت میں CHINA 3x کی ایک گولی ہر تین گھنٹے بعد کھلائیں۔

(iii) (جانور) بلی دب جائے

اگر بلی پاؤں کے نیچے آ کر دب جائے یا کھڑکی یا دروازہ بند کرتے وقت نیچے کچلے جائیں اور اپنے آپ سیدھی کھڑی نہ ہو سکے تو ARNICA 200 کی دو خوراکیں ایک ایک گھنٹے کے وقفے سے دیں اور پھر دو دن تک HYPERICUM 30 صبح، دوپہر، شام تھوڑے پانی میں 5 قطرے دیں۔

(iv) جانور (بلی کو سردی لگ جائے)

اگر بلی کو سردی لگ جائے جس کی وجہ سے کھانسی ہو جائے تو BRYONIA 30 کی ہر ایک گھنٹے کے بعد دن میں چار بار 9 قطرے تھوڑے پانی میں دیں۔

چیچک SMALL POX

چیچک میں جسم پر دانوں کے ساتھ ساتھ لرزے کے ساتھ مہلک بخار 102 °F سے 104 °F ڈگری تک ہوتا ہے۔ بدن میں سکڑاؤ (تشنج) کے ساتھ ساتھ فم معدہ میں درد، جی متلانا، اکثر قے، زکام کے ساتھ گلے میں درد، پیاس لگتی ہے اور تیسرے دن جسم پر دانے نکل آتے ہیں۔ چوتھے دن ان دانوں میں رطوبت بھر جاتی ہے اور ۸ دن کے اندر یہ پیپ بن جاتی ہے۔ دانوں کے منہ پر باریک نشان پڑ جاتے ہیں۔ بخار میں شدت آ جاتی ہے اور گیارہ دن میں یہ دانے مرجھا جاتے ہیں اور کھرنڈ بننا شروع ہو جاتے ہیں۔ چودہ دنوں میں یہ تمام دانے کھرنڈ میں تبدیل ہو جاتے ہیں اور بیس دنوں میں تمام کھرنڈ اتر جاتے ہیں اور مریض شفایاب ہو جاتا ہے۔

چیچک میں مرض سے پہلے ہی KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو اور

VEROLINE 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں باری باری دیں تو مرض پیدا نہیں ہوتا۔ اگر مرض شروع ہو جائے تو جلد ختم ہو جاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر چیچک میں ڈنگ لگنے سا درد ہو تو، پیاس نہ ہو اور پیشاب کم، جلن اور بے چینی ہو تو APIS MELLIFICA 30 صبح، دوپہر، شام ۱۱ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر ابتداء ہو، بخار تیز، نبض بھرپور، پیاس اور بے چینی ہو تو ACONITE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر چہرہ اور آنکھیں سرخ، بخار تیز، دوران خون سر کی طرف ہو، پیاس ندارد تو BELLADONA 30 صبح، دوپہر، شام ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر دانے پک کر پیپ نکلنا شروع ہو جائے تو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر مریض بے ہوش ہو اور دانوں سے بدبو آئے تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر سانس دقت سے آئے، ہاتھ اور پاؤں ٹھنڈے اور سر گرم ہو تو VERATERUM VERIDE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر چھاتی میں بلغم کی کھڑکھڑاہٹ جب کہ چیچک باہر نہ نکلی ہو تو ANTIM TART 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دودھ جیسے سفید، حجم میں چوڑے دانے جس میں بدبو خارج ہو تو THUJA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر خونی چیچک ہو، دانے بے قاعدہ، شدید جلن، پیاس، مریض کے چہرے کا رنگ پیلا، موت کے آثار ہوں تو ARSENICUM ALBUM 30 صبح، دوپہر، شام ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر بخار میں شدت ہو جب کہ دانے دیر سے نکلیں، الٹیاں آئیں، حرکت سے تکلیف ہو تو BRYONIA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر منہ اور زبان خشک، دانے ایک دوسرے سے مل جائیں، منہ سے لعاب نکلے اور بے ہوشی طاری ہوتی ہو تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

حمل PREGNANCY

عورت کے رحم میں مرد کے نطفہ کے قرار پائے جانے کا نام حمل ہے۔

حمل کی نشانیاں:

(۱) حمل کے بعد عورت کو حیض آنا بند ہو جاتا ہے۔

(۲) صبح نیند سے بیدار ہوتے وقت جی متلاتا ہے اور پھر قے ہو جاتی ہے۔

(۳) حمل ٹھہرنے کے بعد عام طور پر پستان بڑھ جاتے ہیں اور پستانوں کی Nipple سیاہی مائل ہو جاتی ہے اور پستانوں میں دودھ اتر آتا ہے۔

(۴) عورت کا پیٹ حمل کی مدت گزرنے کے ساتھ بڑھتا جاتا ہے۔

(۵) حمل ٹھہرنے کے تقریباً چھٹے مہینے عورت اپنے پیٹ میں بچے کی حرکت محسوس کرنے لگتی ہے۔

ہدایات:

☆ حاملہ کو غذا سادی اور چبا چبا کر کھانی چاہیے۔قبض کی شکایت پیدا نہ ہو۔مرغن اور دیر ہضم غذا سے پرہیز کرنا چاہیے۔

☆ لباس ڈھیلا ڈھالا ہونا چاہئے۔ پیٹ اور پاؤں کو گرم رکھیں یعنی ٹھنڈا ہونے سے بچائیں۔

ورزش:

کوئی بھاری ورزش یا بھاری چیز نہ اٹھائیں صرف ہلکی سیر حاملہ کے لئے بہترین ہے۔اپنے آپ کو خوش اور زندہ دل رکھنا چاہیے۔

حمل کی بیماریاں DISEASES OF PREGNANCY

جب مریضہ سو کر اٹھتی ہے، کھانے کے بعد یا رات کو سونے سے قبل متلی یا قے ہو جاتی ہے جو معدہ کی تکالیف کی وجہ سے ہوتی ہے۔اگر حاملہ عورت کے اعصاب کمزور ہوں تو انہیں قے اور بھی زیادہ آتی ہے۔تمام دن طبیعت بے چین رہتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ معدہ میں بے چینی، قے اور دست، غذا بغیر ہضم کے قے ہو جائے تو IPECAC 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر حاملہ بیٹھے رہنے کی عادی ہو، چڑچڑاپن، جلاب کی عادی، سر درد، قے، کھٹے ڈکار، ہچکیاں، قبض، پیٹ میں اپھارا اور بوجھ ہو تو NUXVOMICA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بے ہوشی، چہرہ زرد، معدہ میں جلن، شدید کمزوری اور قے ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر حاملہ کا معدہ بھرا ہوا معلوم دے، مرغن غذا سے تکلیف، قے، خوبصورت نازک عورتیں جو جلد رو پڑیں مگر شکوہ نہ

کریں تو PULSATILLA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ متلی، ابکائیاں، زبردست قے، ڈکار آئیں، روٹی وغیرہ کی خوشبو سے نفرت اور متلی ہو تو SUMPHORICA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

حمل کے دوران قولنج COLIC DURING PREGNANCY

نامناسب غذا کے بے وقت استعمال سے انتڑیاں پھیل کر تشنج پیدا ہو کر قولنج کی شکایت پیدا ہو جاتی ہے۔مریضہ روتی چلاتی ہے۔مارے درد کے نیند نہیں آتی۔پیٹ پھول جاتا ہے۔بے چینی بڑھ جاتی ہے۔درد والی جگہ پر گرم پانی بوتل میں لے کر ٹکور کریں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر درد میں دہرا ہونے اور ہلنے جلنے سے اضافہ ہو، دست ہوں، ایک پہلو لیٹنے سے آرام محسوس نہ ہو تو ایسی حالت میں COLOCYNTHES 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں اور جب بدہضمی اور قولنج پیدا ہو اور قبض ہو تو NUXVOMICA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر چڑچڑی طبیعت، ایک رخسار سرخ اور دوسرا زرد، پیٹ درد کے ساتھ سانس رک کر آئے تو CHAMOMILA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔ پیٹ اور پاؤں پر گرم گرم کپڑے لپیٹ کر گرم رکھیں اور گرم پانی کے ساتھ MAGNESIA PHOS 6x ہر آدھا گھنٹہ کے بعد دیں۔آرام آنے پر دوائی بند کر دیں۔

حمل کے دوران قبض CONSTIPATION DURING PREGNANCY

انتڑیوں پر پھیلتے ہوئے دباؤ سے دوران حمل قبض ہو جاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ غصیلی، چڑچڑی، بیٹھے رہنے کی عادی، قہوہ، تمباکو نوشی کرنے والی۔عورتوں کو پرانی قبض کا مرض جو حمل کے دوران شدت اختیار کر لیتا ہے۔ڈکار، متلی، قے صبح کے وقت ہو تو NUXVOMICA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔اگر اس سے درست فائدہ نہ ہو تو شدید قبض میں PLATINUM METAL 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔اگر پاخانہ سخت خشک ہونے کی وجہ سے رک گیا ہو جب، PLATINUM بھی کام نہ کرے تو PLUMBUM METAL 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر مزاج سخت، دوران خون سر کی طرف، قبض ہو، نہ پاخانہ کی خواہش ہو اور نہ ہی پاخانہ آئے تو BRYONIA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

حمل کے دوران دست DYSENTRY DURING PREGNANCY

اگر حمل کے دوران دست آنے لگیں تو کمزوری ہونے سے حمل گر جانے کا خدشہ ہوتا ہے۔اس لئے علاج میں تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ عورت کے بھیگ جانے، سردی یا نمی کے اثرات، درد کے ساتھ دست اور رنگ سبزی مائل ہو تو DULCAMARA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ریح خارج ہونے کے ساتھ ہی زرد رنگ کے دست نکل جائیں، قے جس میں صفراء کا مواد صاف نظر آئے، معدہ و آنتوں میں شدید درد، مریضہ پر پیاس کا غلبہ، منہ کڑوا، ایک گال سرخ اور دوسرا زرد ہو تو CHAMOMILA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دستوں سے قبل قولنجی درد، پانی کی طرح دست، پیاس بالکل نہ ہو، منہ کڑوا، رات کو دست زیادہ، سردی کا احساس ہو تو PULSATILLA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر دستوں کے ساتھ پسینہ آئے، رات کو پسینہ جس سے کمزوری ہو، اپنے آپ سے نفرت، سفید رنگ کا پیشاب بار بار اور بکثرت جسمانی اور اعصابی کمزوری ہو تو ACID PHOS 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ خنازیری مزاج، موٹی سفید عورتوں کے دست جو دوران حمل بڑھ جائیں تو CALCAREA CARB 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں اور ساتھ دودھ بھی دیں۔

حمل کے دوران پیشاب کے امراض

DISEASES OF URINE DURING PREGNANCY

حمل کے دوران مثانہ پر بھی اثر پڑتا ہے۔اس سے یا تو بہت زیادہ پیشاب آتا ہے یا مشکل سے خارج ہوتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ پیشاب کرتے وقت تکلیف، بار بار پیشاب کرنے پر بھی بند نہ ہو اور سفیدی مائل مواد خارج ہو اور زور لگا کر پیشاب کرنا پڑے تو AQUOSEZUM Ø صبح، دوپہر، شام 5 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر مریضہ کمزور، پیشاب پانی کی طرح بار بار آئے، مثانہ میں شدت کا درد ہو تو PULSATILLA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ایسی عورتیں جو شراب کی عادی ہیں، قبض کے ساتھ پیشاب کرتے وقت درد ہو تو NUXVOMICA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پیشاب قطرہ قطرہ ٹیس مار کر تکلیف، جلن اور کاٹنے والا درد ہو تو CANTHARIS 6x صبح، دوپہر، شام

3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

ہدایات:

مثانہ پر گرم پانی سے ٹکور کریں، غذا نرم دیں۔ کھٹی اور نمکین چیزوں سے پرہیز کریں۔ ہر 15 منٹ کے بعد دوائی دیں۔

حمل کی وجہ سے دانت اور چہرہ کا درد

TEETH ACHE AND FACIAL ACHE DURING PREGNANCY

عورتوں کے حاملہ ہونے کی ایک نشانی یہ بھی ہے کہ دوران حمل عورتوں کے دانتوں میں اعصابی دانت درد کی شکایت ہو جاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ رخساروں کا ورم، چہرہ درد کرے، گرم غذا یا پانی پینے سے درد میں شدت ہو تو CHEMOMILA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ درد بہت زیادہ، خون کے دورہ کی وجہ سے چہرہ سرخ، رات کو شدت بے چینی اور دل کی دھڑکن کی بیماری ہو تو COFFEA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ سردی یا نمی کی وجہ سے دانتوں میں درد، جس کے ہمراہ بخار، چائے پینے سے زیادتی ہو تو ACONITE 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ مسوڑھے گرم، جلن کا احساس اور دن میں ورم، رات کو تکلیف زیادہ ہو تو BELLADONA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔اس دوائی کے ساتھ ٹھنڈا پانی بالکل نہ پئیں۔

☆ اگر دانتوں میں کیڑے جن کی وجہ سے دانت درد ہو تو KREOSOTOM 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر دانت سیاہ ہو چکے ہوں، چھونے سے ہلتے ہوں اور درد کریں، ٹوٹے ہوئے دانتوں کی جڑوں میں درد جو ٹھنڈے پانی سے بڑھے تو STAPHYSAGARIA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

عام استعمال کے لئے PLANTAGO Ø روئی سے دانت پر لگائیں۔

حمل کے دوران سر درد HEAD ACHE DURING PREGNANCY

کبھی حاملہ کے سر میں درد شروع ہو جاتا ہے، جس کی وجہ سے چہرہ کا رنگ زرد ہو جاتا ہے۔ سر اور آنکھیں بھاری اور ڈراؤنی ہو جاتی ہیں۔ دل کی دھڑکن کا مرض پیدا ہو جاتا ہے۔ ہاضمہ خراب اور بھوک مر جاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ آرام میں کوئی تکلیف نہ ہو مگر جب اٹھے تو سر کو چکر، آنکھیں سرخ، پیشاب کم، جن عورتوں میں خون زیادہ رنگ سرخ

مگر چڑچڑی ہوں توACONITE 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دوران خون سر کی طرف گردن کی نالیاں حرکت کریں، آنکھوں کی پتلیاں پھیل جائیں، روشنی برداشت نہ ہو، صبح درد زیادہ ہوتوBELLADONA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ماتھے میں ایسا درد جیسے کوئی ضربیں لگا رہا ہے، سر کے پھٹ جانے کے وہم سے مریض نیچے نہ جھکے، بدہضمی، قبض، خون کا دورہ رخساروں کی طرف ہوتوBRYONIA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ قبض، متلی، نشہ کرنے والی عورتیں، سر درد جیسے سر اڑ جائے گا، آرام پسند، کھانسنے پر سر پر چوٹیں لگنے کا سا درد ہو تو NUXVOMICA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

حمل کے دوران پستانوں میں درد

PAIN IN BOSOMS DURING PREGNANCY

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ عام طور پر حمل کے دوران پستانوں میں درد کے لئے بہترین دوائی FERRUM PHOS 12x ہے۔ اس کی 3 گولیاں صبح، دوپہر، شام چوسنے کو دیں۔

☆ اس کے ساتھ HEMAMELIS Ø ایک اور دس کی نسبت سے OLIVE OIL ملا کر مالش کریں۔

☆ پستانوں میں سوئیاں چبھنے، پھاڑنے والے درد، رات کو زیادہ، حرکت سے بڑھ جائیں تو BRYONIA ALBA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بائیں جانب پستان کے نیچے درد، اعصابی کمزوری اور تھکاوٹ ہو توCIMICIFUGA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پستانوں کے غدود پتھر کی طرح سخت اور پھوڑے کا سا اعصابی درد ہو تو اس حالت میں CONIUM MACULATUM 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ پستانوں میں گانٹھیں، شدید درد، سختی کی طرف رغبت، اگر BRYONIA 30 سے فائدہ نہ ہو تو PHYTOLLACCA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ کبھی دائیں کبھی بائیں پستان میں درد اور ورم بھی ہوتوPULSATILLA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

حمل کے دوران بواسیر PILES DURING PREGNANCY

حمل کے دوران بڑھتے اور پھیلتے ہوئے رحم کی وجہ سے انتڑیوں پر دباؤ کی وجہ سے قبض اور پھر بواسیر ہوجاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اوپر بتائی گئی حالت میں بہترین دوائی SULPHUR 30 نہار منہ ایک خوراک دیں یعنی 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں اور 2 گھنٹے بعد NUXVOMICA 30، 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بواسیر کے ہمراہ دست آئیں، شدت کے ساتھ خون خارج ہوتوALOES 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بیرونی مسوں سے خون خارج ہو، خونی بواسیر ہو تو HEMAMELIS 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جب مسوں میں زخم ہوں، درد اور کھجلی جس سے مریض تنگ اور پریشان ہوتوKALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ مسوں سے خون نہ آئے، پیٹھ کی ہڈی (HIP BONE) میں درد، قبض، محنت اور زیادہ کھانے پینے سے خون آنے لگے توCALCAREA FLOURICA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

حمل کے دوران نیند نہ آنا ISNOMNIR DURING PREGNANCY

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر رات کے پہلے حصے میں نیند غائب ہوجائے توCOFFEA CRUDA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر تشنج کی وجہ سے نیند نہ آئے توVERATERUM ALBUM 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر قبض اور اپھارے کی وجہ سے نیند نہ آئے توNUXVOMICA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دماغ میں مختلف خیالات سمائے رہیں اور سونے نہ دیں تو IGNESIA AMARA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

حمل کے دوران کمر اور کولہوں میں درد

BACK ACHE AND HIP ACHE DURING PREGNANCY

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ کمر اور کولہوں میں ابتدائی درد، ساتھ بخار اور پیاس لگے توACONITE 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ درد ایسا کہ آرام سے نہ لیٹ سکے، کمزوری، تھکاوٹ، شدت کا درد ہو تو CIMICIFUGA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر درد چوٹ لگنے یا بھاری کام سے شروع ہو تو ARNICA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پیٹھ میں درد اور پیٹ کے نچلے حصہ میں دبنے کا احساس ہو تو SECALE 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ گنٹھیا کا درد جو حرکت سے بڑھ جائے اور قبض ہو تو NUXVOMICA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ حمل سے قبل ماہواری کی تکالیف سے دوچار رہی ہو، دوران حمل بواسیر، چہرہ زرد اور بیمار رہو تو SEPIA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

حیض کی خرابیاں TROUBLE OF PERIODS

حیض کی مندرجہ ذیل خرابیاں ہیں: (۱) حیض کا دیر سے آنا (خاص کر پہلا حیض) (۲) حیض کا بند ہونا (۳) حیض کا زیادہ آنا (۴) حیض کا بے قاعدگی سے آنا۔

ہم عورت کو تندرست صرف اسی وقت کہہ سکتے ہیں جبکہ ایام ماہواری باقاعدہ اور وقت پر آئیں۔ اگر وقت پر باقاعدگی سے حیض نہ آئے بلکہ اعصاب میں کمزوری، سر میں درد، سر میں بھاری پن، جسم میں تھکاوٹ، پیٹ اور کولہوں کے نچلے حصوں میں درد سا ہونے لگے تو یہ علامات لڑکی کو عورت کہلانے کے حقدار بنانے کے لئے ظاہر ہوتی ہیں۔ جس طرح مرد مشت زنی کر کے اپنے آپ کو برباد کر لیتا ہے اسی طرح عورتیں بھی کسی نہ کسی طرح عمل کر کے یا قدرتی بیماریوں سے قدرت حیات ختم کر لیتی ہیں۔ عورتوں کو لیکوریا ہوتا ہے۔ اس مرض سے عورت بانجھ ہو جاتی ہے اور اولاد پیدا کرنے کی صلاحیت ختم ہو جاتی ہے۔ ایسی عورت کے چہرہ پر پھٹکار، گردن جھکی جھکی سی، آنکھوں کے گرد سیاہ حلقے، چہرے کا رنگ نیلا زردی مائل، چھاتی تنگ، پستان خشک اور مرجھا کر بالکل چھوٹے ہو جاتے ہیں۔ ایسی عورت سے شادی کرنا زندگی کو برباد کرنا ہے۔ حیض آنے سے پہلے جو علامات ظاہر ہوتی ہیں، ان کا علاج ذیل طریقہ سے کیا جائے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر مریضہ خوبصورت، رنگ سفید، نازک، کبھی ہنسے کبھی روئے، جی متلائے، مریضہ طبیعت کی چڑچڑی مگر کسی سے شکوہ نہ کرے، حیض آنے سے پہلے پیٹ اور کمر کے آس پاس درد ہو تو PULSATILLA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ مریضہ دبلی کمزور، پیاس بار بار، جلن بے حد، چہرہ زرد، معمولی بھوک پر بے چین ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر حیض کی رطوبت کے بجائے تھوک کی طرح ہمراہ خون خارج ہو، ناک سے نکسیر، کھانسی خشک، چھاتی میں چبھن درد، درد ایسا کہ چھاتی پر ہاتھ رکھ کر کھانسے، قبض بھی ہو تو BRYONIA ALBA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر سر درد، قبض، بدہضمی، تشنج، چہرہ سیاہ ہو تو NUXVOMICA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

حیض کی بندش AMENORRHOEA

شروع میں حیض آتا ہی نہ ہو یا کبھی تکلیف سے جاری ہو کر کسی عارضہ کی وجہ سے دب گیا ہو۔ اس کی تین حالتیں ہیں:

(۱) حمل کے دوران (۲) سخت محنت کرنے سے (۳) ادھیڑ عمر میں

ان علامات کے علاوہ اگر کسی عمر میں حیض بند ہو تو یہ مرض ہوتا ہے۔ اسے حیض کا دب جانا کہتے ہیں۔ یہ مرض برف کا کثرت سے استعمال کرنے۔ پاؤں کا ٹھنڈے پانی میں بھیگ جانا، ایسے ڈر جس میں تمام بدن کانپ اٹھے، ان حالتوں میں حیض دب جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے پیڑو میں درد ہوتا ہے۔ اعصاب کمزور ہو جاتے ہیں اور اکثر عورتوں کو دل کی دھڑکن کا عارضہ ہو جاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر دماغی یا جسمانی محنت کرنے سے حیض بند ہو، پٹھوں اور اعصاب کا درد، نیند کم، مریض آہیں بھرے تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر مریض دبلا پتلا، چہرہ زرد ہو تو KALI PHOS کے ساتھ CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔

☆ خون سردی لگنے سے جم گیا ہو یا بھیگنے سے، خاص طور پر پاؤں کے گیلا ہونے سے خون بند ہو گیا ہو تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر دوران خون سر کی طرف جس سے درد، چہرہ گرم، سر میں چکر، گرمی، پیاس، بندش حیض کے ساتھ بخار ہو تو ACONITE 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر جما ہوا خون جو رُک کر آئے اور کم مقدار میں آئے، سر درد، متلی، پیشاب کرتے وقت کھچاوٹ ہو تو COCULUS 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر خوبصورت، نازک، سفید فام کو بندش حیض، شرمیلی، محبت کرنے والی، کبھی ہنسیں کبھی روئیں، بار بار پیشاب خارج ہو ساتھ ہی لیکوریا ہو، آنکھیں اور سر بھاری ہوں تو PULSATILLA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ

پانی میں دیں۔

☆ اگر مریضہ بندش حیض کی مزمن شکایات میں مبتلا ہوتو CONIUM 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر سیاہ خون کا اخراج جس سے پستان سوج جائیں، مریضہ کا ایک رخسار سرخ اور دوسرا زرد ہو تو CHAMOMILA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر ماہواری سے پہلے رحم میں، کمر میں، بیضہ دانیوں میں، پٹھوں میں تشنجی درد ہو تو VIBERNUM OPULUS Ø دیں۔

☆ مریضہ کی آنکھوں کے نیچے یا آس پاس سیاہ حلقے ہوں، ایسا محسوس ہو جیسے رحم سے کوئی چیز گر رہی ہو، صبح دردوں میں اضافہ، وقت سے پہلے تھوڑا سا، بے قاعدہ خون خارج ہوتو SEPIA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

ہدایات:

مریضہ ٹھنڈے پانی میں پاؤں نہ دھوئے۔ مریضہ کو سردی سے بچائیں۔ گرم پانی کے برتن میں 15-20 منٹ تک بیٹھنا اور پاؤں اور ناف کے آس پاس گرم پانی کی بوتل سے ٹکور کرنا مفید ثابت ہوتا ہے۔

حیض کا درد سے آنا اور ناقص حیض OLIGOMENORRHEA

تھوڑا سا حیض سخت ترین درد کے ساتھ آنا ناقص حیض کہلاتا ہے۔ اکثر اس تکلیف میں مریضہ کو غشی کا مرض لاحق ہوجاتا ہے۔ حیض آنے سے کچھ دن پہلے مریضہ بے چین ہوجاتی ہے۔ سر میں چکر اور متلی ہوتی ہے۔ کمر اور پیڑو میں شدید درد کے ساتھ کبھی بخار بھی ہوجاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ حیض سے پہلے قولنج کا سا درد، حرکت سے درد زیادہ ہوتو MAGNASIA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ حیض آنے سے پہلے سر درد، حیض کم، رنگ سیاہ، شرمگاہ میں خراش اور جلن اور بخار کپکپی کے ساتھ جس کے ساتھ ہونٹ بھی کانپیں تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ کمر میں درد، اعصاب کمزور، دبلی کمزور، چڑچڑا پن، اعصابی درد پورے جسم میں، سر گھومتا ہوا محسوس ہو، حیض کے دوران سخت درد ہوتو CALCAREA PHOS 6x اور KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔

☆ کھائی ہوئی غذا قے کے ذریعہ ہضم ہوئے بغیر خارج ہو، ہر ماہ درد اور پریشانی، نبض کمزور ہو تو

NATRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔ یہ دوائی حیض آنے سے چند دن پہلے شروع کریں۔ آگ سے دور اور وزنی چیز نہ اٹھائیں۔

حیض کی کثرت MENORRHAGEA

اس مرض میں رحم کی نالی سے بکثرت حیض کا خون خارج ہونے لگتا ہے۔ جس کی وجہ سے اعصابی کمزوری، خون کی کمی، بھوک کی کمی اور مریضہ دن بدن کمزور ہوتی جاتی ہے۔

اگر حیض کا خون بکثرت رحم کی رسولی کی وجہ سے یا حمل گر جانے کی وجہ سے جاری ہوجائے تو مریضہ کی موت واقع ہوسکتی ہے۔ اس لئے علاج میں تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر چوٹ لگ جانے یا بھاری بوجھ اٹھانے کی وجہ سے حیض کا خون بکثرت جاری ہوتو ARNICA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر موٹی عورتیں، خنازیری مزاج عورتوں کو کثرت حیض کے ساتھ لیکوریا بھی ہو تو CALCAREA CARB 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ حیض سیاہ بکثرت انتہائی بدبودار، چہرہ زرد، جلد ہاتھ پاؤں سرد، نبض کمزور ہوتو SECALE 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سرخ چمکیلا خون پانی کی مانند بہنے والا، متلی، قے اور دست، رحم کے ارد گرد سخت دباؤ ہوتو IPECAC 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سرخ پتلا خون جس میں جما ہوا خون بھی خارج ہو، موٹی عورتیں، بہت جلد حیض آئے تو SABINA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ حیض سیاہ، کمر میں ٹوٹنے والا درد، رحم میں درد نہ ہو، بواسیر بھی ہوتو HEMAMELIS Ø صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

حمل کا گرنا (اسقاط حمل) اعصابی کمزوری کی وجہ سے

MISCARRIAGE/ABORTION DUE TO WEAKNESS IN NERVES

جن مردوں یا عورتوں کو آتشک، سوزاک یا کوئی اور ایسی ہی تکلیف ہوتی ہے اس سے جو نطفہ قرار پا کر حمل ٹھہر جاتا ہے، اسے **ناقص حمل** کہا جاتا ہے اور یہ وقت سے پہلے گر جاتا ہے۔ جس سے عورت موت کے منہ سے واپس آتی ہے اور بعض اسقاط حمل کے دوران ہی مرجاتی ہیں اور جو بچ جاتی ہیں وہ کئی قسم کی اعصابی کمزوریوں میں مبتلا ہوجاتی ہیں۔ اسقاط حمل میں کبھی مردہ بچے پیدا ہوتے ہیں اور اگر ایک بار حمل گر جائے تو رحم کا منہ کھل جاتا ہے اور بار بار حمل گرتا

رہتا ہے۔۹ ماہ کے حمل کا پہلے گر جانا اسقاط حمل کہلاتا ہے۔اسے کچا بچہ بھی کہتے ہیں۔

اسقاط حمل کے اسباب میں اعصابی درد، متلی، قے، شرمگاہ سے خون کا اخراج، زیادہ محنت، شدید چوٹ، ناچ کرنا، دماغ میں غصہ، شدید غم، جسمانی کمزوری، کثرت حیض، رحم میں ورم، پیٹ کی بیماریاں، رحم میں رسولی، نیند میں بے قاعدگی وغیرہ ہو سکتے ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ عام جسمانی صحت کو بحال رکھنے اور کمزوری جسمانی یا دماغی اور اعصابی دردوں کے لئے KALI PHOS 6x اور CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔دھوپ سے مریضہ کو بچائیں۔

☆ اگر 3 ماہ کا حمل گر جائے، مریضہ مضبوط اور تیز نبض رکھے، اسے SABINA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ سخت چوٹ لگ جانے سے حیض جاری ہو جائے اور حمل گر جائے تو ARNICA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ درد پیٹ سے رانوں کی طرف جائے، حمل گرنے کا ڈر، پیٹھ سے درد اٹھیں اور پیٹ کے نچلے حصہ میں جائیں تو VIBERWUM OPULUS Ø کے 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دن میں تین بار دیں۔

☆ شدید درد جن کے ساتھ شرمگاہ سے جما ہوا سیاہ خون خارج ہو تو جب SECALE COR 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔(دردزہ سے پہلے یہ دوائی بہت مفید ہے۔)

☆ دردوں کا شدت سے احساس، پٹھے کمزور، اور چڑچڑی ہو تو CHEMOMILA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ شرمگاہ میں خارش اور جلن اور باہر چھوٹی چھوٹی پھنسیاں اگر حمل کثرت شہوت سے گر جاتا ہو تو بھی PLATINUM 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

ہدایات:

جب بھی مریضہ کو حمل گرنے کا خدشہ ہو تو فوراً کسی ٹھنڈے ہوادار کمرے میں چارپائی پر لٹا دیں اور کوئی بھاری کام کرنے سے پرہیز کریں۔

خسرہ MEASELS

خسرہ ایک متعدی (چھوت دار) بیماری ہے اور مہلک قسم کا بخار ہوتا ہے جس میں درجہ حرارت °F 101 سے 103 °F تک پہنچ جاتا ہے۔اس میں پہلے نزلہ وزکام شروع ہو کر چھینکیں اور لرزہ کے ساتھ بخار ہوتا ہے۔ آنکھوں اور ناک سے پانی خارج ہوتا ہے اور چوتھے دن چھوٹے چھوٹے دانے نکل آتے ہیں جو ایک ہفتے تک مرجھا

جاتے ہیں اور بخار اتر جاتا ہے۔آٹھویں دن دانوں پر سے چھلکے اتر جاتے ہیں اور تھوڑی تھوڑی خارش ہوتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ مرض کی ابتداء میں جب چھاتی میں درد، آنکھیں سرخ، ناک اور کان سوجھے ہوئے ہوں تو FERRUM PHOS 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں اور جب دانے نکلنا شروع ہو جائیں اور ناک سے گاڑھا مادہ خارج ہونا شروع ہو جائے تو PULSATILLA 30 صبح، دوپہر، شام ۱۱ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔لیکن اگر جلد بے رنگ ہو اور دانے دبے ہوئے ہوں تو SULPHUR 30 صبح، دوپہر، شام 11 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر خسرہ کے_دانے_یکا یک غائب ہو جائیں، خونی دانے اور سیاہ خسرہ ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 صبح، دوپہر، شام 11 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر کھانسی ہو، گلہ بیٹھ جائے، زبان پر سفید رنگ کے دھبے، خسرہ کی وجہ سے کان بہرے اور دست پھیکے رنگ کے آئیں تو KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام، 3 گولی دیں۔

☆ اگر قبض اور خشک کھانسی ہو، چھاتی میں درد ہو، دانے باہر نکلتے آئیں تو BRYONIA 30 صبح، دوپہر، شام ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر آنکھیں سرخ اور سوجی ہوئی اور بہت زیادہ پانی خارج ہو تو EUPHRASIA 30 صبح، دوپہر، شام ۹ قطرے دیں۔

ہدایات:

مریض کو اندھیرے، ہوادار کمرے میں رکھیں۔نیم گرم پانی سے غسل دیں اور چھاتی کو دھوئیں۔اگر کھانسی میں تکلیف ہو تو مریض کو گوند کا پانی اور تازہ پانی پلائیں اور نرم جالی کے کپڑے سے مریض کو ڈھانپ کر رکھیں۔محنت سے پرہیز کریں اور پھل اور سبزیاں کھلائیں۔

خون کی کمی یا بھس ہو جائے ANAEMEA

پرانے قبض، تبخیر معدہ یا جگر کا فعل کمزور ہونے یا کسی خطرناک لمبی بیماری سے شفایاب ہونے کے بعد خون کی کمی کا مرض لاحق ہو جاتا ہے۔اس مرض کی وجہ سے چہرہ زرد، ناخن سفید، جسم لاغر، خون کے سرخ ذرات (RED BLOOD CARPUSCLES) میں کمی آ جاتی ہے۔اس مرض میں بھوک کی کمی چڑچڑاپن اور طبیعت جلد باز اور دماغی اعصاب اپنے افعال کو درست سرانجام نہیں دیتے جس کی وجہ سے پٹھے کمزور، کام کرنے سے بددل اور خون کے سرخ ذرات میں آئرن (Fe) کی کمی ہو جاتی ہے۔ہاضمہ خراب، سر میں ہلکا درد، مریض دبلا پتلا اور بعض اوقات دل بھی دھڑکتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اس مرض میں بیٹھے بیٹھے سر میں درد، چہرہ پر سرد پسینہ، زبان کا مزہ خراب اور رنگ زردی مائل سفید، ناک سے بدبودار

سانس،معدہ خالی ہونے کا احساس، پاخانہ کی خواہش، پاخانہ بہت پتلا، پیشاب میں تلچھٹ ،مریض پریشان، ہاتھ پاؤں کانپیں، خون کی کمی، جب عورتوں کو سرخ یا سیاہ خون زیادہ مقدار میں آئے تو CALCAREA PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ مریض کا جسم ڈھیلا پڑ جائے ،عورتوں کے پستان ڈھیلے ہوکر لٹک جائیں، مریض کمزور اور تھکا ہوا ہو تو ALETRIS FERINOSA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ خون کی کمی کے ساتھ اعضاء رئیسہ بھی کمزور ہوجائیں، پریشانی، ہذیان، شرمیلا، مریض باتیں کرتا کرتا سو جائے تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ لمبی بیماری کی وجہ سے قوت حیات ختم ہوجائے، جسمانی رطوبتیں ختم، بازوؤں اور ٹانگوں میں ہلکا ورم، مریض خون جیسا سرخ نظر آئے لیکن جلد ہی چہرہ زرد ہوجائے تو FERRUM METALLICUM 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ مریض بہتر سے بہتر کھائے، لیکن کمزور سے کمزور تر ہوتا جائے، سر درد، قبض، دھڑکن کے ساتھ وہم، خون پانی جیسا پتلا، سبز رنگ کا بھس، چھاتی پر بوجھ، صبح کو معمولی کھانسی، چہرہ پھیکا ہو تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ ٹھنڈ سے تبدیلی محسوس ہو، خون میں پانی کی مقدار زیادہ ہو تو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر عورتوں کو خون کی کمی کے ساتھ لیکوریا ہو اور آنکھوں میں اندھیرا یا دھند ہو تو SILICIA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر دودھ پیتے بچے کو خون کی کمی ہو تو SILICIA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

پرہیز:

خون کی کمی والے مریض کو کھٹی، تیل میں تلی ہوئی اور مرغن چیزوں سے پرہیز کرنا ضروری ہے۔

خناق DIPHTHERETIS

خناق ایک وبائی مرض ہے جس میں گلے کے غدود، حلق اور حنجرہ متاثر ہوتے ہیں اور ورم پیدا ہوجاتا ہے۔ اس مرض میں مریض کا دم گھٹتا ہے۔ حنجرہ سے ایک خاص رطوبت ٹپکتی ہے اور یہ جم کر ایک جھلی بن جاتی ہے اور سانس کو روکتی ہے۔ اور بڑھتے بڑھتے سانس بند کردیتی ہے۔

ابتداء میں نزلہ، زکام اور کھانسی ہوتی ہے اور گلہ بیٹھ جانے کی وجہ سے آواز بھاری ہوجاتی ہے اور خشک کھانسی درد کے ساتھ ہوتی ہے اور آواز بند ہوجاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ خناق کا مرض شروع ہوا ہو اور ساتھ بخار بھی ہو تو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔ اگر اس کے ساتھ ساتھ KALI MURE 6x گرم پانی میں باری باری دیں تو بہترین دوائی ہے۔

☆ اگر خناق پر توجہ نہ دینے سے ہوا کی نالی میں ورم آجائے تو CALCAREA PHOS 6x اور CALCAREA FLOURECEA 6x صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔

☆ اگر خناق میں چہرہ زرد، غنودگی ہو، سانس میں مشکل ہو، منہ سے لعاب نکلے اور پاخانہ پانی کی طرح آنے لگے تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر خناق کی ابتداء ہو بخار، جلد گرم اور بے چینی ہو تو ACONITE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔ اگر ایک گھنٹے کے بعد بھونکنے والی کھانسی، سانس کی سخت آواز آئے تو SPONGIA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔ پھر ایک گھنٹے کے بعد کھانسی نرم ہوجائے تو HEPAR SULPHUR 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

پرہیز وغذا:

ہاتھ پاؤں گرم پانی میں ڈبوئیں اور ہاتھ پاؤں پانی میں ملتے رہیں اور پھر تولیے سے خشک کرکے گرم کپڑوں میں لپیٹ دیں۔ گلے اور چھاتی کو گرم روئی کی ٹکور کریں۔ کھانے پینے کے لئے کیکر کی گوند کا پانی دیں اور جب تکلیف کم ہوجائے تو دودھ، چائے اور شوربہ بھی دے سکتے ہیں۔

خارش ITCHING

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ خارش، شدید کھجلانے کے بعد پتلا مواد نکلے، جگہ کچی ہوجائے، ٹھنڈ میں اضافہ ہو تو PETROLEUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ خارش شروع میں بغیر کسی ابھار کے لیکن بعد میں پھنسیاں بن جائیں، جلد میلی، کٹی پھٹی، کھردری، بدن اور پسینہ میں بدبو، سردی زیادہ لگے، بستر کی گرمی سے اضافہ ہو تو PSORONIUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ خارش رات کو گرمائش اور بھیگنے سے زیادہ، ماہواری میں بھی خارش زیادہ، جلد کھردری، موٹی خشک، کھجانے سے جلد چھل جائے تو GRAPHITE 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ خارش، کھجانے کے بعد ایسا محسوس ہو جیسے برف رکھ دی گئی ہو تو AGARAX 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ خارش گرمائش یا گرم کمرے میں زیادہ اور جلن ایک جگہ کھجائے تو دوسری جگہ ہونے لگے تو MAZERIUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ خارش ڈنگ مارنے والی، گرمی زیادہ لگے مگر پیاس کم، بستر کی گرمی سے زیادہ ہو تو APIS MELIFICA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ خارش گرم کمرے میں زیادہ، جی گھبرائے، گرمی زیادہ، پیاس کم اور رونا جلدی جلدی ہو تو PULSATILLA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ خارش اتنی کہ کھجلا کھجلا کر خون نکال لے، جگہ چھل جائے، جونہی جگہ اچھی ہونے لگے خارش دوبارہ شروع ہو جائے، جلد خشک کھردری گرم اور رات کو بستر پر کھجلی شروع ہو جائے تو ALUMINA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ خارش بے عزتی اور توہین کے احساس سے شروع ہو جائے، بغیر کسی ابھار کے جلد سے خون رسے تو STAPHYSEGEREA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

دماغ BRAIN

دماغ کو انسانی وجود کا بادشاہ کہا جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ دل کے بعد سب سے زیادہ اسی اعضاء کی اہمیت ہے۔ دماغ کا ایک ماتحت دماغ بھی ہوتا ہے جسے حرام مغز (SPINAL CORD) کہتے ہیں۔ یہ دماغ سے نکل کر ریڑھ کی ہڈی تک جاتا ہے۔ دماغی امراض مندرجہ ذیل ہیں۔

(۱) دماغ کی کمزوری کی وجہ سے بھول جانا۔ (۲) دماغ کا ہل جانا۔ (۳) دماغ میں پانی بھر جانا۔ (۴) دماغی پردوں میں ورم ہو جانا۔ (۵) دماغی کمزوری

(۱) دماغی کمزوری کی وجہ سے بھول AMNESIA

اس مرض میں کہی ہوئی بات یاد نہیں رہتی اور وعدہ وقت پر پورا نہیں کیا جاتا۔ اس مرض کے لئے بہترین دوائی KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

(۲) دماغ کا ہل جانا CEREBAL DISPLACEMENT

اس مرض میں مریض کے خون میں خلل آجاتا ہے جس کی وجہ سے سر چکراتا ہے۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا آجاتا ہے۔ کانوں میں شور سنائی دیتا ہے۔ انتہائی کمزوری ہو جاتی ہے۔ اکثر غشی طاری ہو جاتی ہے۔ متلی اور الٹی ہوتی ہے۔ آہستہ آہستہ دماغ خراب ہو جاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ غشی یا نیند طاری ہو، آنکھ کی پتلی پھیل جائے، دماغ کا فعل بے قاعدہ ہو جائے تو KALI PHOS 6x صبح،

دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر مندرجہ بالا علامات کے ساتھ بخار بھی ہو تو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر مدرجہ بالا علامات کے ساتھ نظر بھی خراب ہو جائے تو MAGNESIA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر سردی محسوس ہو اور اندرونی اعضاء سرسر کریں تو CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ سر پر بوجھ گرنے، صدمہ یا چوٹ لگنے سے کوئی نقص واقع ہو جائے تو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر سر پر بیرونی چوٹ لگی ہو تو ARNICA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں اور ARNICA کی مالش کریں۔

(۳) دماغ میں پانی بھر جانا HYDROCEPHALUS

اس مرض میں مریض کے دماغ کے پردے میں خون کا پانی (PLASMA) بھر جاتا ہے۔ یہ رنگت میں پیلا زرد ہوتا ہے۔ خون کے پانی (PLASMA) کی وجہ سے سر معمول سے بڑا ہو جاتا ہے۔ یہ مرض ماں کے پیٹ میں چار ماہ کے بچے کو ہوتا ہے۔ بچہ کا جسم کمزور اور سر بڑا ہو جاتا ہے اور دماغی طور پر بیکار ہو جاتا ہے۔ بچہ سو نہیں سکتا، ناک اور ہونٹ نوچتے ہیں اور چلاتے رہتے ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ جب دماغ میں پانی جمع ہونے لگے تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ جب شدید سر درد ہو، بچہ روئے اور ہاتھ سے سر کی طرف اشارہ کرے تو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ جب پانی پڑنا شروع ہو اور بچہ دبلا ہونے لگے تو ابتداء میں ہی CALCAREA PHOS 6x اور ARGENTUM NITRICUM 6x صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔

(۴) دماغی پردوں کا ورم MENINGITIS

جب دماغی پردوں میں ورم پیدا ہو جائے تو مریض کا مزاج چڑچڑا ہو جاتا ہے۔ سر درد، لرزہ سے بخار، ہذیان بکنا، آنکھیں سرخ ہونا اور اس سے پانی بہنے لگتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ جب بخار تیز ہو، ہذیان ہو تو ACONITE 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں اور FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ دوسرے درجے میں دماغ میں سوزش ہو تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر ورم پرانا ہوجائے اور بڑھ جائے تو CALCAREA PHOS 6x اور ARGENTUM NITRICUM 6x صبح، دوپہر، شام 3, 3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔

☆ اگر گردن میں شدید درد پشت کی جانب (SPINAL CORD) اور درد سے دماغ پھٹے تو NATRUM SULPH 6x کی 3،3 گولیاں صبح، دوپہر، شام چوسنے کو دیں۔

☆ دماغ کی ہر تکلیف کے لئے KALI PHOS بہترین دوائی ہے۔

(۵) دماغی کمزوری WEAKNESS OF BRAIN

دماغی کمزوری کی وجہ سے بعض اوقات نزلہ، زکام بھی شروع ہوجاتا ہے اور کثرت سے محنت کرنے سے بھی دماغی کمزوری واقع ہوجاتی ہے۔ دماغی کمزوری کے لئے KALI PHOS 6x بہترین دوائی ہے۔ اس کی صبح، دوپہر، شام 3 گولی چوسیں۔

دماغی خرابیاں اور اعصابی تناؤ
MENTAL DISORDERS AND NERVOUS TENSION

انسانی جسم کے اعصاب (NERVES) کا براہ راست دماغ (BRAIN) سے تعلق ہے۔ اعصاب در اصل ریشوں یا پٹھوں اور دماغ کے درمیان براہ راست ایک آلہ محسوسات کا کام کرتے ہیں۔ اعصاب نہ صرف دونوں کو آپس میں ملاتے ہیں بلکہ ایک دوسرے کی پیغام رسانی میں بھی ذمہ دار ہیں۔

رنج وغم، غصہ، کینہ، خوشی، حسد، مسکراہٹ ان تمام عوامل کا اثر سب سے پہلے اعصاب محسوس کرتے ہیں۔ مثلاً ''یہ بات سنتے ہی میرے رونگھٹے کھڑے ہوگئے۔'' اور اسی طرح اعصاب سے بالواسطہ دماغ بھی اثر لیتا ہے جس کے نتیجہ کے طور پر انسان ہنستا یا روتا ہے۔ یہ آلہ محسوسات جو اعصاب اور دماغ کو آپس میں ملاتا ہے، اسے حرام مغز یا (SUB BRAIN OR SPINAL CARD) کہتے ہیں۔

دماغی خرابیاں MENTAL DISORDERS

دماغی خرابیوں کی بہت سی وجوہات ہیں۔ مثلاً کبھی کسی حادثہ کی وجہ سے دماغ کو حقیقی طور پر صدمہ پہنچ جاتا ہے یا چوٹ لگ جاتی ہے۔ اسی طرح کسی اعصابی بیماری سرسام (ورم دماغ) میں مبتلا ہونے کی وجہ سے دماغ میں خرابی پیدا ہوجاتی ہے۔ دماغ میں خرابی کا اثر اعصاب پر بھی پڑتا ہے۔

بعض اوقات ایک مفلس اور تنگ دست بے کار آدمی یہ سوچتا رہتا ہے کہ کیا کروں جس سے روزی کا انتظام ہوجائے، لیکن عملی طور پر کچھ نہیں کرتا۔ یہ ایک حقیقت ہے کہ مسلسل سوچتے رہنے اور عملی طور پر کچھ نہ کرنے کی حالت میں دماغ پر برا اثر پڑے گا۔ اور اس برے اثر سے اعصاب بھی متاثر ہوں گے اور آخر ایسا انسان اپنا دماغی توازن کھو بیٹھے گا۔ اور ممکن ہے کہ بالکل ہی پاگل ہوجائے۔

اسی طرح ایک مرد اپنی جنسی قوت کے غلط اور بکثرت استعمال سے اعصابی مریض ہوجاتا ہے اور یہ اثر دماغ تک جاتا ہے۔ اور اس کا دماغ درست طریقہ سے اپنا کام سرانجام نہیں دے سکتا اور وہ بھول جانے کے مرض میں مبتلا ہوجاتا ہے۔ ایسا شخص قول وفعل دونوں میں ثابت قدم رہنا چاہتا ہے لیکن اس شرابی کی طرح جو ہر رات اپنی بیوی سے نئے نئے وعدے کرتا ہے لیکن نشہ اترتے ہی بھول جاتا ہے۔

آپ نے یہ کہاوت تو سنی ہوگی ''خالی دماغ شیطان کا کارخانہ ہے۔''

"AN EMPTY BRAIN IS A DEVILS WORSKHOP"

اگر کوئی شخص مندرجہ بالا اسباب سے دماغی امراض میں مبتلا ہوجائے تو علاج کے ساتھ ساتھ متعلقین کا یہ فرض ہے کہ مریض کو اور وہمی (PSYCHO-NEURASIS) نہ بنادیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر نوجوان لڑکے یا لڑکیاں جن میں خون کی زیادتی ہو اور بیٹھ کر کام کرنے کے عادی ہوں، بال اور آنکھیں سیاہ ہوں، جسم مضبوط ہو، سڑک پار کرنے کا خوف کہیں حادثہ نہ ہوجائے۔ ڈر، دماغی پریشانی، پٹھوں کی اکساہٹ، مجلس میں جاتا ہوا ڈرے، موت کا خوف، چہرہ خوفناک، بیماری میں اپنی موت کی خود ہی پیشن گوئی کرے، مریضہ گانے سننا برداشت نہ کرے اور غمگین ہوجائے تو ACONITE 30 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دماغی امراض کے ہر درجے میں دماغی کمزوری، مریض غمگین، برے برے خیالات کا اظہار کرے، معمولی بات پر تنگ مزاجی سے پیش آئے، بھول کا مرض، ہر پہلو سے گھبراہٹ کا اظہار، بے چینی، خیالات کو یکجا کر کے ایک بات پر قائم نہ رہ سکے یعنی خیالات منتشر، وقت بے وقت یعنی ہر وقت مذہبی جنون۔ مالیخولیا یعنی جنون، حرکت کرنے سے نفرت، ملاقات کرنے اور جینے سے بیزار لیکن موت سے ڈرے۔ شرمیلا مگر سوتے ہوئے باتیں کرے۔ ماضی کی یادوں میں الجھا رہے۔ پریشان، تنہائی پسند ہو تو بیماری میں KALI PHOS 6x صبح۔ دوپہر۔ شام 3 گولی چوسنے کے لئے اور پرانی بیماری میں KALI PHOS 200 دی جائے۔

☆ حسد، بغض کی طرف طبیعت، گالیاں دے، قسم کھائے، اپنے آپ پر بھروسہ نہ ہو اور دوسروں پر اعتماد نہ ہو، یکا یک بھول کا مرض ہوجائے، جاگتے ہوئے بھی اپنے آپ کو سوتا ہوا خیال کرے، ایسا خیال کرے کہ ہر چیز خواب میں ہو رہی ہے، کاروبار کی طرف مائل نہ ہو، مریض پریشان لیکن شیطانی باتوں کی طرف مائل ہو، اردگرد تمام اشیاء کو شک کی نگاہ سے

دیکھے، چلتے وقت محسوس کرے کہ کوئی اس کا پیچھا کر رہا ہے تو ANACARDIUM ORIENTAL 30 صبح، دوپہر، شام، رات 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ مریض جن کی جلد اور بال کالے، نرم طبیعت ہر کام جلدی کرنا چاہیں، گھڑی میں کچھ گھڑی میں کچھ، ایک بات پر قائم نہ رہ سکیں۔ بے صبر، کچے ارادے، بری خبر سن کر برا اثر، تنقید برداشت نہ کریں۔ موڈ اچھا ہو تو خوش، موڈ خراب ہو تو غصہ اور ناراض، وہم اور تنہائی کی خواہش، تنگ مزاج IGNASIA AMARA دیں۔

دردسر HEAD ACHE

سر درد بذات خود کوئی بیماری نہیں بلکہ کسی دوسری بیماری کا پیش خیمہ یا دماغی فطور کی وجہ سے سر درد ہونے لگتا ہے۔ کبھی سردی یا گرمی کی وجہ سے اور کبھی قبض یا ہاضمہ کی خرابی یا جگر کے فعل میں خرابی سبب بنتا ہے۔ سر درد دو قسم کا ہوتا ہے۔ (ا) حاد (تازہ) (۲) مزمن (پرانا)

(ا) دردسر حاد (تازہ)

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر سر درد میں پیشانی پر بوجھ، بے چینی اور پیاس لگے تو ACONITE 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر سر بھرا ہوا، سر میں چوٹیں جیسے سر پھٹ جائے گا تو BELLADONA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سردی لگنے یا گرمی لگنے سے چہرہ سرخ، سر کے بالوں کو ہاتھ نہ لگایا جائے تو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ سر درد کھانسنے کے ساتھ قے، زبان سفیدی مائل، بھوک کم، کھانستے وقت دودھ یا بلغم نکلے تو KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ آدھے سر کا درد (دردِ شقیقہ) جو سورج چڑھتے ہی شروع ہو اور جوں جوں سورج چڑھے، درد بڑھتا جائے اور دائیں طرف درد زیادہ ہو تو SANGUNARIA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ حرکت کرنے والا شدید درد، آنکھوں سے چنگاریاں نکلیں تو MAGNESIA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر سیر تفریح سے راحت اور رنج سے سر درد میں اضافہ ہو، دماغ کمزور، یادداشت کمزور، جمائیاں اور انگڑائیاں، لیٹے رہنے کی خواہش، حرکت سے آرام محسوس ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

(۲) دردسر مزمن (پرانا)

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ سر درد، سردی کا احساس اور رعشہ کا احساس، سر کے بیحد بڑھ جانے کا احساس، سر پر پٹی کس کر باندھے اور دباؤ سے افاقہ ہو، جذباتی ہیجان اور خوف سے سر درد کرے، ٹھنڈی تازہ ہوا کی طلب، گرم کمرے میں سر درد بڑھ جائے تو ARGENTUM NITRICUM 6c صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ سر بھاری، تپکنے والا درد جو ماتھے اور سر کے دائیں حصہ میں ہو، چہرہ کا رنگ سرخ، پتلیاں پھیلی ہوئی۔ مریض روشنی، ہوا شور اور حرکت برداشت نہ کرے۔ لیٹنے سے درد میں اضافہ، بیٹھنے اور دبانے سے فائدہ ہو تو BELLADONA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر سر پھٹ جانے کا احساس حرکت کرنے اور آنکھوں کو اوپر نیچے کرنے سے درد زیادہ، بے حس و حرکت لیٹنے سے آرام، صبح اٹھتے ہی درد ہونے لگے BRYONIA 12c صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ درد جو سر اور گردن کی پشت پر ہو اور متلی یا قے آئے، احساس ہو کہ درد سے آنکھیں پھوٹ جائیں گی۔ سواری کرنے سے سر درد ہو، سر کی پشت لیٹنے سے سر درد میں اضافہ، تفرقات سے سر درد، آرام سے سونے سے سر درد میں افاقہ ہو تو COCULUS 3c صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ سر میں ہلکا درد جو سر کی پشت سے آنکھوں تک جائے، سر پر کس کر پٹی باندھنے کا فرضی خیال۔ اگر سر کو چھوئے تو کھوپڑی درد کرے۔ سر درد، کمزوری نظر کی وجہ سے، سگریٹ پینے سے درد میں کمی، سر کو جھکا کر لیٹنے یا سورج کی تیزی میں درد بڑھ جائے، پیشاب زیادہ آئے، آنکھوں کے پپوٹے بوجھل، آنکھوں پر بوجھ پڑنے سے سر درد ہو تو GELSENIUM 6c صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ دردشقیقہ (آدھے سر کا درد) جس سے مریض اکتا جائے۔ دائیں طرف درد، کھٹی الٹی، حرکت سے درد میں اضافہ، کھلی ہوا میں آہستہ آہستہ چلنے سے آرام یا زیادہ مٹھائیاں کھانے سے سر درد پیدا ہوا ہو تو IRIS VERSICULAR 12c صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ سر درد جیسے کوئی ہتھوڑے مار رہا ہے۔ پہلے نظر کمزور، صبح ہوتے ہی درد شروع جو دوپہر کو شدت اختیار کرے۔ پڑھنے والی لڑکیوں کا سر درد، حیض کی خرابی کی وجہ سے سر درد، گرمی اور حرکت سے درد میں اضافہ ہو تو NATRUM MURE 6c صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ شرابیوں کا سر درد، قبض، سر چکرائے، تنہائی پسند لوگوں کا سر درد، جھک کر کھانسے اور دماغی کام کرنے سے سر درد میں اضافہ ہو تو NUXVOMICA 6c صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ دردسر کی پشت سے دائیں آنکھ تک جائے، قے کرے، اندھیرے کمرے میں خوش، مریض سر کو تکیہ میں درد کی وجہ سے

دھنسائے۔ ہر ہفتہ درد، آرام سے افاقہ ہوتو SANOGINARIA 3c صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر تکلیف SANOGINARIA والی ہولیکن سر کا بایاں حصہ متاثر ہو۔ سورج چڑھنے پر سر درد بڑھے، سورج ڈھلنے پر کمی اور شور سے جھکنے سے موسمی تبدیلی سے اضافہ ہوتو SPIGELIA 6c صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

STOMACH ACHE دردمعدہ

دردمعدہ بدہضمی اور معدہ کی خرابی کی وجہ سے ہوتا ہے۔ زیادہ تر جوان عورتیں اور کبھی مردوں کو بھی یہ مرض لاحق ہوجاتا ہے۔ اگر بروقت علاج نہ کیا جائے تو ہیضہ ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر کھانے کے دو گھنٹے کے بعد پیٹ میں درد ہو، صبح زیادہ، تشنج قبض، ہاضمہ خراب ہوتو NUXVOMICA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پیاس تھوڑی تھوڑی، بار بار ٹھنڈے پانی کی طلب جس سے درد زیادہ، درد ایک جگہ سے دوسری جگہ جائے تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ کھانے کی نالی (FOOD PIPE) میں ورم، بار بار ڈکار، کھانے کے بعد معدہ میں درد ہوتو BISMUTH 1x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ تشنجی درد جس سے مریض دہرا ہونے پر مجبور ہوتو COLOCYNTHESIS 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ معدہ میں درد اور معدہ میں ترشی، کھٹے ڈکار آئیں تو CARBO VEGETABILIS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

DYSPEPSIA دست

جب چھوٹی آنتوں میں خرابی آجائے تو پتلے دست آنے لگتے ہیں۔ چھوٹے بچوں کو جب دانت نکلنے کا وقت ہوتا ہے تو دستوں کی شکایت ہوجاتی ہے۔ جبکہ حاملہ عورتوں کو دوران حمل دست آتے ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ جب دست گاڑھے، کم اور سیاہ یا سبز رنگ کے ہوں، جلن، بے چینی اور سخت پیاس جبکہ پانی تھوڑا تھوڑا پیئے تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جب بڑے بڑے پتلے دست درد کے ساتھ اور ٹھنڈا پسینہ آئے تو VERATRUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جب پانی کی طرح پتلے زرد، پچکاری کی طرح دست آئیں تو CROTON TIGLIUM 30 کے ۹ قطرے

صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جب دستوں کے ساتھ بخار، قے، نا قابل ہضم غذا، پتلے دستوں کی صورت میں ہو، مقعد درد کرے تو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ پرانے دست، صبح کے وقت زیادہ، مقعد میں خارش اور جلن، خون اور پیپ (آنوّں) درد کے ساتھ ہوتو SULPHUR 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ تپ محرقہ میں دست خون ملا ہوا، جب زبان مٹیالے رنگ کی ہوتو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

ASTHMA دمہ

ہوا کی نالیوں میں اکڑاؤ (تشنج) ہوجانے کی وجہ سے سانس لینے میں مشکل ہوتی ہے، اسے دمہ کہتے ہیں۔ یہ مرض حلق کی سوزش یا نزلہ زکام، قبض اور نفخ کی وجہ سے بھی ہوجاتا ہے۔ اکثر یہ مرض موروثی ہوتا ہے۔ اس مرض میں جس وقت دورہ شروع ہوتا ہے، ہلکی سی کھانسی ہوتی ہے اور دم گھٹتا ہے اور سفید رنگ کا پتلا پیشاب آتا ہے۔ دورہ کے وقت شدید کھانسی ہوتی ہے جس سے چہرہ کا رنگ سرخ ہوجاتا ہے۔ کھانسی کے بعد معمولی سا بلغم آتا ہے اور پسینہ آکر دورہ ختم ہوجاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ دمہ میں عام طور پر BELLATTA ORIENTALIS Ø کے 5 قطرے گرم پانی میں ہر 15 منٹ بعد دیں۔

☆ دمہ کے ساتھ سینہ پر دباؤ، متلی، سانس لینے میں بہت مشکل، پھیپھڑوں سے خرخر کی آواز نکلے، دمہ کے ساتھ تشنج ہوتو IPECAC 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دمہ رات کو سکون نہ لینے دے اور نہ ہی بندہ لیٹ سکے، رات کو تکلیف زیادہ ہوتو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ معدہ میں خرابی کی وجہ سے دمہ، زبان سفیدی یا سبزی مائل، کھانسنے میں تکلیف ہوتو KALI MURE 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر سانس رک جائے، ہوا کی کمی محسوس ہو، مریض بلغم نہ نکال سکے حالانکہ چھاتی بلغم سے بھری ہوتو ANTIM TART 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ دمہ میں بلغم بہت نکلے، کھانستے وقت آنسو جاری ہوں، بلغم سفید جھاگ دار نمکین ہوتو NATRUM MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ جب گفتگو کے دوران زرد بلغم نکلے، سانس کی نالی تنگ یا بند معلوم دے تو KALI PHOS 6x اور CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔

☆ اگر دمہ میں بالوں کے گرنے کی بیماری ، غذا کھانے کے بعد قے اور صبح پاخانہ پتلا ہو تو NATRUM SULPH 6xاور SILICEA 6x صبح،دوپہر،شام3,3 گولیاں باری باری چوسنے کودیں۔

ہدایات:

دمہ کے مریض کوتازہ پانی سے غسل کرائیں۔آب وہواتبدیل کریں۔قبض نہ ہونے دیں۔رات کوکھانا بہت کم کھائے۔ صرف دوپہر کوسیر ہوکرکھائے۔محنت سے بچے۔غذاہلکی اورمقوی ہو۔جوکادلیہ،مونگ کے دال کی کھچڑی،خشک چپاتی کے ساتھ بکری کے گوشت کاشوربہ دیں۔

دل HEART

دل ایک ایسااعضاء ہے جوپھیپھڑوں کی طرح 24 گھنٹے کام کرتارہتا ہے۔اس کا کام گندے خون کوصاف کرنااورصاف خون کوشریانوں میں بھیجنا ہے۔دل معمولی باتوں سے بھی متاثر ہوتا ہے۔غم کااثر دل بہت جلدی قبول کرتا ہے۔اعصابی کمزوری سے بھی دل بہت متاثر ہوتا ہے۔☆ بعض اوقات دل کے غلاف میں ورم پیدا ہوجاتا ہے۔

☆ مباشرت کی کثرت اور دماغی محنت کی زیادتی دل کی دھڑکن کو تیز کردیتی ہے۔اسے اختلاج قلب کہتے ہیں۔

☆ دل کی تکلیف دل کارفتارمقررہ سے کم دھڑکنااورنبض کا آہستہ آہستہ چلنا بھی ہے اوردل کے مقام پر ہلکاہلکا میٹھاسا دردہوتا ہے۔اگران بیماریوں کابروقت علاج نہ کیاجائے توموت واقع ہوجاتی ہے۔

مرض کی علامات اوردوائی:

☆ اگرابتداء میں دل کی دھڑکن تیز ہواورمرنے کاخوف لاحق ہوتو ACONITE 30 کے9 قطرے صبح،دوپہر،شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگردل کافعل کمزور،خون کادورہ سست،مریض فکرمنداورڈرے مریض کے ہاتھ پاؤں کانپتے ہوں،دل دھڑک رہا ہولیکن سانس لیتے وقت مریض کے دل کے آس پاس شدت کا درد ہوتو CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر،شام3 گولیاں چوسنے کودیں۔

☆ دل کی دھڑکن کے ساتھ سر میں درد ہو، دل کے مقام پر درد ایسا کہ جیسا کسی چیز نے جکڑا ہوا ہے تو CACTUS GRANDI FLORA Ø 5 قطرے3باردیں۔

☆ دل کے مرض کی بہترین دوائیاں CRITEGUS OXIYA Ø اور CACTUS GRANDI FLORA Ø دن میں3بار5قطرے دیں۔

☆ دل پرورم ہوجائے،خون کے دورے میں اعتدال نہ رہے،کبھی دوران خون تیز،کبھی حددرجہ سست،زبان کی رنگت سرخ ہوتو یہ پہلا درجہ ہے۔اس حالت میں FERRUM PHOS 12x صبح،دوپہر،شام3 گولیاں چوسنے کو دیں۔اورجب زبان کی رنگت سلیٹی مائل سفید ہوجائے تو KALI MURE 6x صبح،دوپہر،شام3 گولیاں چوسنے کو

دیں۔دونوں دوائیاں باری باری بھی دے سکتے ہیں۔

☆ اگردل کا درد تیز اور ہلنے جلنے سے زیادہ ہوتو BRYONIA 30 کے9 قطرے صبح،دوپہر،شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگرخون کا دورہ دل کی طرف نہایت تیز ہو،کبھی دھڑکن،کبھی کمزوری ہوجائے تو KALI MURE 6x اور CALCAREA FLOUR 6x صبح،دوپہر،شام3,3 گولیاں باری باری چوسنے کودیں۔

☆ دل کی تکلیف میں سانس لینامشکل،سرمیں درد،دردتمام جسم میں حرکت کرے تو GLONINE 30 کے9 قطرے صبح،دوپہر،شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگروجع المفاصل (جوڑوں میں درد) کے بعد بھیگ جانے یاموسم کی تبدیلی سے دل کی دھڑکن میں زیادتی خاص طور پر اٹھ کر بیٹھنے سے زیادتی ہوتو RHUSTOX 30 کے9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆دل کا درد کمزوری کی وجہ سے،دل کی کمزورآواز،پیشاب کم آئے تو CANVALARIA Ø کے3قطرے دیں۔

☆ اگردل کاورم،دل کے غلاف پرورم،دل کا درد جو بازو یاریڑھ کی ہڈی تک پھیل جائے،دھڑکن کی چوٹیں شدید،تمام جسم تڑپ اٹھے تو SPIGELIK 30 کے9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگررنج،غم اورصدمات سے دھڑکن ہو،مریض انتہائی حساس اوردماغی علامات پائی جائیں،بلندی پر چڑھنے سے سانس پھول جائے اور دل کی دھڑکن تیز ہوجائے، مریض دماغی جنون میں مبتلا ہو، نیند غائب ہوجائے تو KALI PHOS 6x صبح،دوپہر،شام3 گولیاں چوسنے کودیں۔

☆ تمباکونوشی کرنے والے مریض جن کوگنٹھیا کے بعد دل کی تکلیف ہوجائے تو KALIMIA LATIFULA 6x صبح،دوپہر،شام3 گولیاں چوسنے کودیں۔

☆ اگربے حد کمزوری،نبض تیز،دھڑکن کے ساتھ بخار،مریض کابات کرنے کودل نہ کرے،کولہے کے مقام پرشدیددرد ہوتو KALI SULHPH 6x صبح،دوپہر،شام3 گولیاں چوسنے کودیں۔

☆ دل پر چوٹ لگ جانے یابکثرت ورزش کرنے سے تکلیف ہوتو ARNICA 30 کے9 قطرے صبح،دوپہر،شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔دل میں تشنجی درداوردھڑکن ایک ساتھ شروع ہوں،کاٹتا ہوا شدید درداوردل کی جکڑن محسوس ہوتو MAGNESIA PHOS 6x صبح،دوپہر،شام3 گولیاں چوسنے کودیں۔

☆ اگرڈرہوکہ لیٹنے اوربیٹھنے سے دل کی دھڑکن بندنہ ہوجائے،مریض حرکت کرتا رہے تو GELSIMIUM 30 کے9 قطرے صبح،دوپہر،شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر چھاتی کے دائیں بائیں وجع المفاصل کا درد،بازو میں درد،رعشہ کی علامات ہوں، نیند بالکل نہ آئے تو CIMICIFUGA 30 کے9 قطرے صبح،دوپہر،شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

دل کے مریض کے لئے پرہیز اور غذا:

دل کے مریض کو پاخانہ باقاعدہ جانا چاہیے۔قبض نہ ہونے دیں۔مریض سے پرمشقت کام نہ لیں۔آگ کے نزدیک نہ بٹھائیں۔اونچی جگہ نہ چڑھائیں۔کھانا وقت پر کھائیں اور شام کا کھانا شام سے پہلے کھلائیں۔کھانا سادہ ہو یعنی دلیہ، چپاتی، چھوٹے گوشت کا شوربہ، پھل، دودھ، مکھن، مرغن اور مصالحہ جات چٹ پٹی اور تلی ہوئی چیزوں سے پرہیز کریں۔چائے اور تمباکو پینا انتہائی نقصان دہ ہے۔صبح سیر کو جائیں، پیاس لگے تو تازہ ٹھنڈا پانی پیئے، مطالعہ سے پرہیز کرے اور ایسی جگہ پر سوئے جہاں شور نہ ہو۔

دانتوں کی بیماریاں DISEASES OF THE TOOTH

دانتوں کو صاف نہ رکھنے کی وجہ سے نہ صرف دانتوں کو نقصان ہوتا ہے بلکہ معدہ کی اکثر بیماریاں بھی دانتوں کی گندگی کی وجہ سے ہوتی ہیں۔دانت صاف نہ کرنے کی وجہ سے دانتوں پر پیلے رنگ کا میل جمع ہوتا رہتا ہے جو غذا اور تھوک کے ساتھ مل کر معدہ میں جاتا ہے اور کئی بیماریاں پیدا کرنے کا سبب بنتا ہے۔

بوسیدہ دانتوں کی جڑ میں شدت کا درد ہوتا ہے اور بدہضمی ہو جاتی ہے جس سے کبھی معدہ میں درد اور کبھی دست آنے لگتے ہیں۔عورتوں کو حمل کے دنوں میں دانت درد ہوتا ہے اور اس کے دانت کے مسوڑھے ورم زدہ ہو جاتے ہیں اور یہ ورم بڑھتے بڑھتے رخساروں تک چلا جاتا ہے اور کھانے پینے میں تکلیف کا موجب بنتا ہے۔دانتوں کو صاف رکھنے کے لئے مسواک پابندی سے استعمال کریں یا نرم لکڑی کا کوئلہ پیس کر کپڑ اچھان کر کے سرسوں کا تیل ملا کر مسوڑھوں پر روزانہ ملیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ دانتوں کی اکثر تکالیف PLANTIGO MAJOR Ø کے 5 قطرے گرم پانی میں 3 بار پئیں اور یہی دوائی روئی میں بھگو کر لگائیں۔

☆ اگر پانی سے ٹھنڈی سے درد میں شدت ہو تو CALCAREA CARB 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ ٹھنڈے پانی سے، غرارے کرنے سے آرام ہو، نیند سے درد میں اضافہ ہو تو MAGNESIA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ مسوڑھوں میں خون جمع ہو، دانت ہلانے سے خون نکلے تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ گرم چیزوں سے درد میں اضافہ، رات کو زیادہ چائے پینے سے درد میں اضافہ ہو تو CHAMOMILLA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر مسوڑھوں میں پھوڑے پھنسیاں بن جائیں اور دانتوں کی جڑوں میں زخم بن جائیں تو SILICIA 6x صبح،

دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

رعشہ PARKINSONEA

جب جسم کے دونوں طرف یا ایک طرف ہاتھ پاؤں یا چہرے میں خود بخود بے قاعدہ حرکتیں پیدا ہوں یا کانپنے لگیں اور سر ہلائے بغیر ہلنے لگے تو اس مرض کو رعشہ کہتے ہیں۔عموماً نوجوان لڑکے اور لڑکیاں اور بعض اوقات بوڑھے بھی اعصابی کمزوری کی وجہ سے اس مرض میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ ہاتھ اور پاؤں میں بلا ارادہ رعشہ اور چہرہ فکر و غم سے بھرپور ہو تو MAG PHOS 6x اور CALCAREA PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔

☆ رعشہ میں اعضاء میں کچھاوٹ اور پھڑ پھڑاہٹ ہو تو ACRICUS MUSC 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ رعشہ میں بازو پھڑ پھڑاتے ہوں تو HYOCYMOS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ رعشہ دماغی امراض کی وجہ سے ہو تو IGNESIA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ رعشہ تشنج، پیٹ میں کیڑے جن کی وجہ سے نیند نہ آئے۔ بھوک زیادہ، قبض، آنکھ پھڑکے، شدید پیاس لگے تو SILICIA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ رعشہ کا مریض کبھی روئے کبھی ہنسے، اِدھر اُدھر سر مارے۔ پھڑ پھڑاہٹ تیز اور ہکلانے لگے تو اسے STRAMONIUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ رعشہ کی شدت جاگتے وقت، سوتے وقت آرام محسوس ہو، حرکات ہاتھ اور پیر کی انگلیوں سے شروع ہوں، تشنج کی وجہ سے سخت کھچاوٹ ہو تو CUPRUM MET 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

زبان کی بیماریاں DISEASES OF THE TONGUE

زبان کے رنگ اور علامت سے دوا کی پہچان مندرجہ ذیل طریقے سے کی جاسکتی ہے:

(ا) زبان سرخ کانٹے والی ہو تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسیں۔

(۲) زبان سفید یا سلیٹی مائل ہو تو KALI MURE 6x صبح، دو پہر، شام 3 گولیاں چوسیں۔

(۳) زبان بھورے رنگ کی ہو تو KALI SULPH 6x صبح، دو پہر، شام 3 گولیاں چوسیں۔

(۴) زبان زرد ہو تو NATRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسیں۔

(۵) زبان پر زردی کی تہہ ہو تو SILICEA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسیں۔

(۶) زبان پر نیلی تہہ ہو تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسیں۔

(۷) زبان کی پشت پرخشک مٹیالے رنگ کی میل ہوتو CALCAREA SULPH 6x صبح،دوپہر،شام 3 گولیاں چوسیں۔

کبھی زبان کے نیچے سکڑن اور بعض اوقات زبان کے نیچے غدودوں میں رسولی ہوجاتی ہے جسے تندوا کہتے ہیں۔کبھی زبان کا پھٹ جانا اور بعض اوقات سوج کر بڑی ہوجاتی ہے۔سانس لینے،بولنے اورکھانے میں پریشانی ہوتی ہےاورمنہ سے رال ٹپکتی ہےاوربعض اوقات زبان سے خون نکل آتا ہے۔

مرض کی علامات اوردوائی:

☆ زبان پر لیسدار اور شفاف رطوبت،زبان سخت اور خشک، رنگ سبز اور کسی چیز کا ذائقہ نہ ہو تو NATRUM MURE 6x صبح،دوپہر،شام3 گولیاں چوسنےکودیں۔

☆ اگرزبان میلی اور جڑ کی طرف سے زرداورذائقہ ترش ہوتو CALCAREA SULPH 6x صبح،دوپہر،شام 3 گولیاں چوسنےکودیں۔

☆ زبان سوجی ہوئی اوررنگ گہراسرخ ہوتو FERRUM PHOS 6x صبح،دوپہر،شام3 گولیاں چوسنےکودیں۔

☆ زبان پرزردرنگ کا میل اورنوک پر چھالے ہوں تو NATRUM PHOS 6x صبح،دوپہر،شام 3 گولیاں چوسنےکودیں۔

☆ زبان کا رنگ سفید،سلیٹی مائل یا نیلا ہوتو KALI MURE 6x صبح،دوپہر،شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر زبان کی پشت پر خشک مٹیالے رنگ کا میل ہوتو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنےکودیں۔

زخموں کے پرانے نشانات OLD MARKS OF WOUNDS

مرض کی علامات اوردوائی:

☆ زخم کے نشان ابھراورسکڑ کر بدنماں ہوجائیں تو GRAPHITE, FLOURIC ACID, THEOSENAMUN, SILICIA, BUDYAGA دیں۔

☆ زخم کے اردگرد آبلے ہوں تو FLOURIC ACID دیں۔

☆ زخم کے اردگردجلن ہوتو GRAPHITE, CARBOAN دیں۔

☆ زخم سے خون رسے تو LACHESES, PHOSPHOROUS دیں۔

مندرجہ بالاادویات داکٹر کے مشورے سے دیں۔

سرخ باد

اس مرض میں سردی لگ کر بخار ہوتا ہے۔سردرداورنکسیر پھوٹتی ہے۔ناک یا کان کی ایک طرف سے سرخی اور ورم شروع ہوتا ہےاورآہستہ آہستہ پھیلتے پھیلتے چہرہ،گردن اورسرتک پھیل جاتا ہے۔

سرخ باد جلد کوخراش آنے،چوٹ لگنے یا زہریلے زخم یا کیڑوں کے ڈنگ لگنے سے پیدا ہوتا ہے۔اگر مرض بڑھ جائے تو چہرہ،گردن اورسر میں آبلے پڑ جاتے ہیں اورزخم پک جانے کے بعد جلد کا اوپر کا چھلکا اتر جاتا ہےاورمریض صحت یاب ہوجاتا ہے۔

مرض کی علامات اوردوائی:

☆ اگرابتداء میں تیز بخار،سردرد،ہذیان،جلد چمکیلی،رنگ سرخ یا کالا،بھیگنے سے تکلیف زیادہ اور شدید خارش ہوتو RHUSTOX 3x صبح،دوپہر،شام3 گولیاں چوسنےکودیں۔

☆ اگرشدیدعلامات کے ساتھ جلد گلابی اور درد بہت زیادہ ہوتو FERRUM PHOS 12x صبح،دوپہر،شام 3 گولیاں چوسنےکودیں۔

☆ اگرتمام علامات کے ساتھ چھالے ہوں تو FERRUM PHOS 12x اور KALI MURE 12x ملاکر صبح،دوپہر،شام 3,3 گولیاں باری باری چوسنےکودیں۔

☆ اگر سرخ باد کی علامات کے ساتھ پیاس غائب، پیشاب کم ،جلن اور ڈنگ مارنے جیسا درد ہو تو APIS MELLIFICA 30 کے9 قطرے صبح،دوپہر،شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگرآبلوں میں درد،جلن،پیاس ہوتو CANTHARIS 30 کے9 قطرے صبح،دوپہر،شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگردانے پہلے سرخ اور بعد میں سیاہ ہوجائیں تو LACHISIS 30 کے9 قطرے صبح،دوپہر،شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سرخ باد میں گہرے زخم بننے سے روکنے کے لئے اورزخم کے چھلکوں کواتارنے کے لئے KALI SULPH 6x صبح،دوپہر،شام3 گولیاں چوسنےکودیں۔

سوزاک GONORRHOEA

یہ مرض انسان کے سوا کسی جانور کونہیں ہوتا۔یہ ایک چھوت کا مرض ہے۔یہ کثرت عیاشی اورکثرت مجامعت فاحشہ عورت سے شروع ہوتی ہے۔اس مرض میں پیشاب کی نالی میں ورم ہوجاتا ہےاور پیشاب جل کر ٹیس مارکرآتا ہے اور پیشاب میں پیپ آنے لگتی ہے۔جس کی وجہ سے مریض چلاتا ہے،کراہتا ہے۔پیشاب کی نالی میں اگلے حصہ میں سوزاک کا زخم ہوتا ہے۔اگر یہ زخم پچھلے حصے میں ہوتو بڑھتا بڑھتا مثانہ تک چلا جاتا ہے۔

فاحشہ عورت سے جماع کرنے کے بعد پیشاب کا سوراخ سرخ اور ورم پیدا ہوجاتا ہے۔پیشاب جل کرآتا ہےاور پیپ خارج ہونے لگتی ہے۔جیسے جیسے ورم میں اضافہ ہوتا ہے ویسے ویسے پیپ بھی بڑھتی جاتی ہے۔عموماً بخار،قبض اور بھوک ختم ہوجاتی ہےاورآخر ورم کی شدت کی وجہ سے پیشاب بند ہوجاتا ہےاورجسم پر پھنسیاں نکل آتی ہیں۔پیشاب

میں کبھی کبھی خون آنے لگتا ہے۔بعض اوقات دل کی حرکت کم ہونے اور تکلیف کی شدت کی وجہ سے مریض کونڈھال ہوکرغشی آجاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ آتشک کی ابتداء میں جب بخار تیز یا محض سوزش ہوتو ACONITE 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پیشاب جل کر آئے، رات کو درد کے ساتھ شہوت، پتلا مادہ زیادہ خارج ہوتو THUJA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جب سوزاک میں خون آئے، پیشاب کی نالی میں جلن اور سوزش، اگلے حصہ میں سوزش ہوتو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر سبز رنگ کی پیپ بکثرت خارج ہو، رات کو حالت خراب، مثانہ میں تشنج ہوتو MERC SOL 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ فوطوں میں پانی بھرجائے، خون کی کمی، پرانا سوزاک ہوتو CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ پرانا سوزاک، پیشاب کی نالی کا منہ کھلا ہوا، گاڑھی بدبودار پیپ خارج ہوتو SILICEA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ سوزاک کا آخری درجہ، زرد گاڑھا مادہ خارج ہوتو PULSATILLA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر سوزاک اور آتشک دونوں ہوں تو ACID NITRIC 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سوزاک کا مریض نامرد ہوجائے، شہوت بالکل ختم، جسم کو تباہ کرنے والے آثار، اعضاء تناسل مردہ ہوجائے تو AGNUS CAUSTUS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

ہدایات:

سوزاک کے مریض کے پاس بیٹھنے، اس کے کپڑے پہننے یا جھوٹا کھانے سے پرہیز کریں۔اس لئے کہ یہ چھوت کا مرض ہے۔سوزاک کے مریض کو انڈے، گوشت، بینگن، مسور کی دال، کھٹی اور تلی ہوئی چیزوں، مچھلی، مصالحہ دار اور مرغن غذاؤں سے پرہیز کرائیں۔دودھ، پھل، ڈبل روٹی اور سادہ سبزیاں استعمال کرائیں۔

شگر DIABETES

یہ مرض خاص طور پر ایسے شخص کو ہوتا ہے جو بکثرت مرغن اور میٹھی اشیاء استعمال کرتے ہیں۔ایسے لوگوں کا جسم پھولا ہوا ہوتا ہے لیکن طاقت اور خون کی کمی ہوتی ہے۔اس مرض میں پیشاب میں شگر آتی ہے اور کمزوری کی وجہ سے پیاس لگتی ہے اور گھل گھل کر مریض ناکارہ ہوجاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ عام حالت میں RHUS AROMATICS Ø کے 10 قطرے ایک بار دیں۔

☆ اگر سر چکرائے، ٹانگوں میں بوجھ، پیشاب سے شکر کی بو آئے تو ARGENTUM METALLICUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر شگر کے ساتھ بخار، زبان پر کانٹے اور سرخ رنگ کی میل ہوتو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر پانی کی طلب ہو لیکن تھوڑا تھوڑا پانی پیئے، منہ خشک، بےچینی، پتلے کمزور کرنے والے دست، پیشاب جلن کے ساتھ اور شکر خارج ہوتو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ مندرجہ بالا ادویات کے ساتھ SYZYGIUM GEMBOLINUM Ø کے 5 قطرے صبح وشام ضرور دیں۔

☆ اگر پیشاب بار بار آئے، بعض اوقات ریت سرخ رنگ کی اور بعض دفعہ پیپ اور شکر کی کثرت ہوتو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر پیشاب کرنے کی بار بار خواہش مگر زور لگانے سے قطرہ قطرہ نکلے اور شکر کی کثرت ہو تو NATRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

طاعون PLAGUE

طاعون ایک وبائی بیماری ہے جو چوہوں میں پیدا شدہ جراثیم سے پھیلتی ہے۔اس مرض میں مہلک قسم کا شدید بخار ہوتا ہے۔ابتداء میں سر اور کمر کے جوڑوں میں ہلکا درد ہوتا ہے اور پھر بخار لرزہ کے ساتھ ہوتا ہے جو عام طور پر 103 °F-104 °F تک پہنچ جاتا ہے اور انتہائی بےچینی ہوتی ہے۔بے ہوشی طاری ہوجاتی ہے اور ہذیان ہوجاتا ہے۔پیاس سخت مگر بھوک ندارد۔آنکھیں زرد ہوجاتی ہیں۔بغل یا گردن کے غدود سوج کر پھوڑا بن جاتے ہیں۔بعض حالات میں گلٹیاں بن جاتی ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ ناک، منہ اور مقعد سے خون جاری ہوجاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ بخار شروع ہوتے ہی جب کہ انتہائی بےچینی اور ابتدائی حملہ ہوتو FERRUM PHOS 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر گلٹی ظاہر ہو جائے تو FERRUM PHOS 3x کے ساتھ KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3, 3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔

☆ اگر ہاضمہ میں خرابی، قبض، بھوک ندارد تو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔ لیکن اس کے ساتھ ساتھ FERRUM PHOS 3x اور KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3, 3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔

عجیب وغریب علامات اوران کا علاج

UNUSUAL SYMPTOMS AND THEIR TREATMENT

☆ سڑک پار کرتے وقت حادثہ کا خوف، لوگوں کے ہجوم کا خوف اور ڈر، موت کا خوف و ڈر، ہر وقت ڈرے تو ACONITE 30 صبح، دوپہر، شام ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بچہ ہر وقت گود میں اٹھایا جانا پسند کرے تو BRYONIA 30 صبح، دوپہر، شام ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ تقریر کرنے والا اسٹیج پر آنے سے ڈرے تو GELSIMIUM 30، اا قطرے 4 بار دن میں ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ موت کا خوف، چہرہ زرد، پیاس کی شدت ،مگر تھوڑا تھوڑا ٹھنڈا پانی پیئے تو ARSENICUM ALBUM 30 دن میں 4 بار ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ مریض کو یہ احساس کہ اگر میں نے حرکت نہ کی تو دل (HEART) فیل ہو جائے گا تو GELSIMIUM 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ تنہائی پسند، اکیلے رہنے کی خواہش ہو تو BUFORNIA 30 دن میں 5 بار ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ تنہائی سے نفرت ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 صبح، دوپہر، شام ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر چینی کڑوی لگے تو SANGUINARIA 30 دن میں 5 بار ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پانی کڑوا لگے تو ARSENICUM ALBUM 30 دن میں 3 بار ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر دودھ کڑوا لگے تو SABINA 30 دن میں 3 بار ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر روٹی کڑوی لگے تو PULSATILLA 30 اور SINA 30 کے ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں 3 بار باری باری دیں۔

☆ اگر موسیقی اور گانے بجانے سے مریض رونے لگے یا گانا سننے سے کھانسی ہونے لگے تو AMBRA GRESIA 30 دن میں 3 بار ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر دوسروں کی موجودگی میں پاخانہ نہ آئے تو AMBRA GRESIA 30 دن میں 3 بار ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر دوسروں کی موجودگی میں پیشاب نہ آئے تو NATRUM MURE 3x کی 3 گولی دن میں 3 بار چوسیں۔

☆ کپڑے دھونے کے بعد دانتوں میں درد ہونے لگے تو PHOSPHOROUS 30 دن میں 3 بار ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ہنستے چہرے کو دیکھنا پسند نہ کرے تو AMBRA GRESIA 30 دن میں 3 بار ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دوسرے کو دیکھنے پر رونے لگے یا اپنا مسئلہ بیان کرتے ہوئے رونے لگے تو NATRUM MURE 6x دن میں 3 بار 3 گولی چوسیں۔

عرق النساء SCIATICA

عرق النساء کا درد چوکلے (HIP) سے لے کر پاؤں کے انگوٹھے اور گھٹنے کے نیچے سے لے کر چوکلے (HIP) تک جاتا ہے۔ اس مرض میں کھڑا ہونا اور بیٹھنا انتہائی مشکل اور نہ ہی لیٹنے سے آرام آتا ہے۔ اسے لنگڑی کا درد بھی کہتے ہیں۔ اس لئے کہ اس سے ٹانگ میں لنگڑا پن پیدا ہو جاتا ہے۔ ایک یا دونوں ٹانگوں کے پٹھے حد درجہ کمزور ہو جاتے ہیں۔ اگر بروقت علاج نہ کیا جائے تو مریض کی ایک یا دونوں ٹانگیں ناکارہ ہو جاتی ہیں اور ٹانگوں کے پٹھے جواب دے جاتے ہیں۔ اگر ایک سال تک یہ درد ایک ٹانگ میں رہے تو دوسری ٹانگ بھی اس درد میں مبتلا ہو جاتی ہے، مریض چلاتا ہے۔

یہ مرض گنٹھیا، مرطوب جگہ بیٹھنے، ٹھنڈی تاثیر والی اشیاء مثلاً سنگترے وغیرہ کھانے، سخت قبض جس کا مدت تک علاج نہ کیا جائے یا جسم میں آتشک کے زہر کی موجودگی کی وجہ سے ہوتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ جب شدت کا درد اور بے چینی ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ درد اگر ران سے گھٹنے تک جائے اور درد پھرتا رہے تو ARGENTUM NITRICUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر شروع میں شدید درد اور ہاتھ پاؤں سن ہو جائیں تو ACONITE 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بیٹھنے پر تکلیف شدید ہو جائے، اٹھنے پر کچھ آرام اور لیٹنے پر کمی معلوم ہو تو AMMONIUM MURE 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر متواتر درد کی لہریں اٹھیں تو MAGNESIA PHOS 6x اور CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔

☆ اگر درد کے ساتھ حرارت بھی ہو اور مرض کا ابتدائی حملہ ہو تو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3

گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر درد شدید چوتڑوں سے شروع ہو کر پاؤں تک جائے تو CAPCICUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر درد نیچے سے اوپر یعنی پاؤں کے انگوٹھے سے رانوں تک جائے تو LIDUM PAUL 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر دردوں کو گرم پانی یا گرم کپڑوں کی ٹکور سے آرام محسوس ہو، قبض بھی ہو، مریض اکثر بیٹھے رہنے کا عادی ہو تو NUXVOMICA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر درد کے ساتھ شدید بے چینی ہو تو NATRUM SULPH 6x یا KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔ اگر شدید تکلیف ہو تو BRYONIA Ø اور RHUSTOX Ø ملا کر روئی سے لگا کر مالش کریں۔

پرہیز اور غذا:

بڑا گوشت، مسور کی دال، تلی ہوئی چیزیں، بینگن سے پرہیز کریں۔ چھوٹے گوشت کی یخنی چپاتی کے ساتھ دیں۔ پینے کو گرم پانی، دودھ، چائے دے سکتے ہیں۔ مچھلی کے تیل کی مالش بھی فائدہ دیتی ہے۔

عورتوں کے امراض حمل کی تکالیف کے علاوہ

EXCEPT PREGNANCY OTHER DISEASES OF LADIES

عورت کو لیکوریا یا سیلان رحم LEUCORRHOEA

جس طرح جریان یا احتلام کے ذریعہ مردوں کا مادہ منویہ کثرت سے خارج ہو کر مردوں کو نامرد یا کمزور کر دیتا ہے۔ اسی طرح عورتوں کو لیکوریا کی بیماری کئی قسم کی بیماریوں میں مبتلا کر دیتی ہے۔ اس سے اندام نہانی میں خارش ہوتی ہے۔ خون کی کمی یا حیض بند ہو جاتا ہے یا آتشک، سوزاک یا رحم اپنی جگہ سے ٹل جاتا ہے اور سفید یا زردی یا سبزی مائل رطوبت خارج ہوتی رہتی ہے جو پتلی یا گاڑھی یا لیسدار اور سخت بدبودار ہوتی ہے۔

لیکوریا سے اعصاب اور پٹھے کمزور، چہرہ بے رونق زرد اور پیٹھ، کمر اور کولہوں میں پہلے ہلکا اور پھر شدید درد ہوتا ہے۔ قوت ہاضمہ خراب، دماغی کمزوری کے ساتھ یادداشت بھی کمزور ہو جاتی ہے۔ اکثر ہاتھ پاؤں ٹھنڈے رہتے ہیں۔

یہ مرض سردی لگنے، گندا رہنے، امیرانہ زندگی گزارنے اور منشیات کے استعمال سے لگتا ہے۔ بچے جننے کے فوراً بعد محنت و مشقت کا کام کرنے سے بھی لیکوریا کی شکایت ہو جاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ شرمگاہ کے دونوں لبوں پر خارش، سر درد، رطوبت پانی کی طرح پتلی جو درد کے ساتھ خارج ہو تو اس حال میں

NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ رطوبت زردی مائل، سردی لگے، چہرہ زرد، مواد درد اور خارش کے ساتھ نکلے تو MERCURIOUS SOL 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ زردی مائل بدبودار مواد یا ایام ماہواری سے پہلے زیادہ تکلیف، حیض کم، جلدی امراض اور اس کے ساتھ قبض بھی ہو تو SEPIA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دودھ یا رطوبت بغیر درد کے خارج ہو تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ حمل کے دوران سفید رطوبت جو خارش پیدا کرے، نازک، سفید رنگ جو جلد رونے لگے تو PULSATILLA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ زرد رنگ کی رطوبت، بکثرت اخراج، گاڑھی جو بند نہ ہو تو SILICIA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ موٹی، خنازیری مزاج جن کا رحم ٹل گیا ہو، خارش، جلن، کثرت حیض شدید درد ہو تو CALCAREA CARB 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بدبودار رنگت میں سنہری رطوبت ہو تو NATRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ لیکوریا جس کی وجہ سے بیضہ دانی درد کرے، سوکھ کر کانٹا ہو جائے تو IODUM 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سادہ لیسدار مواد خارج ہو، مریضہ پتلی، دبلی کمزور، غذائی خرابی اور بدہضمی کی وجہ سے CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ پیٹ کے نچلے حصہ میں درد، کمر پتلی، ہلکا درد، سفید پتلا جھلی کی طرح کا لیکوریا جو پچکاری کی طرح سے خارج ہو، صبح مواد زیادہ خارج ہو تو GRAPHITES 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ حیض کی جگہ بھی لیکوریا خارج ہو، پیشاب میں جلن، کمر کے آس پاس درد ہو تو HEMAMELIS 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

ہدایات:

لیکوریا کی مریضہ کو آرام کرنا چاہیے۔ فرج کو صاف رکھیں۔ ورزش ہلکی پھلکی۔ جنسی معاملات سے پرہیز کریں۔ غذا سادہ اور زود ہضم لیں۔ قبض نہ ہونے دیں۔ ہمیشہ گرم پانی سے غسل کریں۔

عورت کے رحم کی بواسیر PILES OF UTERUS

حیض اور حمل کی بے قاعدگیوں وغیرہ سے رحم کی بواسیر کا مرض لاحق ہوجاتا ہے۔خون کثرت سے درد کے ساتھ نکلتا ہے اور مریضہ بہت کمزور ہوجاتی ہے۔مثانہ میں خارش ہوتی ہے۔بدبودار لیکوریا خارج ہوتا ہے اور رحم کے منہ پر مسّے نکل آتے ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ مسّے گوبھی کے پھول کی طرح نکل آئیں،مسوں میں ورم،بائیں خصیہ میں جلن اور درد،قبض کی شکایت،احساس جیسے مریضہ کے پیٹ میں زندہ جانور حرکت کررہا ہے تو اس حالت میں THUJA 30 صبح،دوپہر،شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ موٹی خنازیری مزاج عورتیں جو باآسانی رحم کے امراض میں مبتلا ہوں،خون کا اخراج اور آلات تناسل میں پسینہ آئے تو CALCAREA CARB 30 صبح،دوپہر،شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ لیکوریا دودھ کی طرح گاڑھا رک رک کر آئے،حیض دیر سے اور کم مقدار میں آئے،رحم سے خون آئے اور غدود سوج جائیں جس کی وجہ سے پیشاب کم آئے تو CONIUM MACALATAM 30 صبح،دوپہر،شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

عورت کو کثرت لعاب EXCESS OF SALIVATION

حاملہ عورتوں کو بعض اوقات صبح قے کے بجائے گاڑھا ٹکڑوں کی صورت میں تھوک بکثرت خارج ہوتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ سانس بدبودار،منہ میں دانے،مسوڑھوں سے خون،تھوک میں خون نکلے تو SULPHURIC ACID 30 صبح،دوپہر،شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جب خون نکلنے سے حلق میں درد اور تھوک کے غدود سخت ہوں تو IODIUM 2000 دیں۔

(اس دوا کو ہر تیسرے دن ایک خوراک دیں۔تھوک اعتدال پر آتے ہی دوا بند کردیں۔)

عورت کی شرمگاہ میں خارش VAGINAL ITCHING/IRRITATION

یہ خارش اس قدر شدید ہوتی ہے کہ کھجاتے کھجاتے تنگ آجاتی ہے اور لبوں پر سفید پھنسیاں نکل آتی ہیں جن سے پتلا مواد رستا رہتا ہے اور جلن ہوتی ہے۔مریضہ کو شہوانی حس بہت زیادہ بڑھ جاتی ہے۔بعض اوقات لیکوریا بھی بہنے لگتا ہے۔اس حالت میں PLATINUM 30 روزانہ چار خوراکیں،9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔اس کے ساتھ متاثر جگہ کو صاف کرکے SULPHUR OINTMENT لگائیں۔

عورت کو دردِ زہ LABOR PAIN

بچہ پیدا ہونے سے ایک دن قبل،بعض اوقات 5-6 گھنٹے قبل اور کبھی عین بچہ کے پیدا ہونے کے وقت درد شروع ہوا کرتے ہیں۔یہ درد شدت کے ساتھ پیٹھ اور کولہوں میں ہوتے ہیں۔اس درد کو دردِ زہ کہتے ہیں۔دردِ زہ کے ہر دورے سے رحم کا منہ کھلتا جاتا ہے اور رطوبت خارج ہونے لگتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر نیچے دبنے والے نوبتی درد ہوں تو CAULOPHYLUM 30 صبح،دوپہر،شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ گوری رنگ کی خوب صورت عورتیں جو بہت جلد رو پڑتی ہوں، چوٹ کی احساس کا درد زہ ہو تو PULSATILLA 30 صبح،دوپہر،شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دردِ زہ،کولہوں میں درد جو حرکت سے شدت اختیار کرے،مریضہ چڑچڑی اور قبض ہو تو BRYONIA 30 صبح،دوپہر،شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ تازہ خون سے بھری ہوئی عورتیں،نبض تیز،درد زہ کے ساتھ بخار ہو تو ACONITE 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سیاہ رنگ کی عورتوں کا دردِ زہ جس کی وجہ سے چڑچڑا پن پیدا ہو،قبض اور اپھارہ، پیٹ اور پیٹھ میں درد ہو تو NUXVOMICA 30 صبح،دوپہر،شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

عورت کو ولادت کے بارے میں ہدایات

ANTEPARTUM INSTRUCTIONS TO WOMEN

بچہ پیدا ہونے کی سب سے ضروری علامت یہ ہے کہ بچہ حاملہ کے نچلے حصہ کی طرف جانا شروع ہوجاتا ہے۔عورت اپنے آپ کو ہلکا اور آرام دہ محسوس کرتی ہے۔سانس آسانی سے آنے لگتا ہے۔بار بار پیشاب آتا ہے اور بیرونی اعضاء ڈھیلے ہوجاتے ہیں۔

اگر بچہ کے پیدا ہونے میں مشکل ہو تو ARNICA 30 صبح،دوپہر،شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں اور KALI PHOS 6x صبح،دوپہر،شام 3 گولیاں چوسنے کو باری باری دیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر مشکل ولادت میں بچہ پیدا نہ ہو رہا ہو تو CAULOPHYLUM 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔یہ بہترین دوائی ہے۔

☆ اگر کبھی درد ہو اور کبھی درد نہ ہو، درد سے مریضہ بیہوش ہوجائے تو PULSATILLA 30 صبح، دوپہر،

شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر دردزہ کے وقت رحم کا منہ بند یا تنگ ہوجائے تو GELSEMUM Ø ہر نصف گھنٹے کے بعد 5 قطرے دیں۔

☆ ایسے درد جن سے اعضاء میں کھچاوٹ ہوتو CIMICIFUGA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ درد زہ میں پتلیاں پھیل جائیں، روشنی برداشت نہ ہو، چہرہ سرخ، سر درد جیسے کوئی مار رہا ہو تو BELLADONA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ آنول کے علیحدہ ہونے تک رحم کو آہستہ آہستہ دبانا اور ملنا بھی اچھا ہوتا ہے۔

عورت کو ولادت کے بعد درد اور خون کا بہنا

POSTPARTUM PAIN AND BLEEDING

بچہ پیدا ہونے کے چند لمحات کے بعد تک رحم سے شدت کے ساتھ خون بہنا شروع ہوجاتا ہے اور بعض اوقات یہ خون نکلتا ہی نہیں۔ اکثر یہ خون اس قدر خارج ہوتا ہے کہ بند ہونے کا نام ہی نہیں لیتا۔ مریضہ کمزور، چہرہ زرد، آنکھوں کے سامنے دھند اور بعض اوقات بے ہوشی طاری ہوجاتی ہے۔ ایسے حالات میں ٹھنڈے پانی میں کپڑا بھگو کر یا برف پیٹ، رحم یا اعضاءِ خارجہ پر رکھیں۔ جس سے رحم سکڑے گا، جس سے بہت آرام ملتا ہے۔ ماں کو چاہیے کہ بچہ کو فوراً دودھ پلائے تاکہ رحم کو سکڑنے میں اور بھی مدد ملے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ بچہ جننے کے بعد عورتیں دردوں کے امراض میں مبتلا ہوجاتی ہیں اور بعض اوقات رحم کے سکڑاؤ کی وجہ سے بخار بھی ہوجاتا ہے۔ جلد خشک، نبض تیز، بے چینی بھی ہو تو ACONITE 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر ناف کے آس پاس ناقابل برداشت درد ہوتو CIMICIFUGA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر کمزور عورتوں میں اعصابی قسم کا درد ہوتو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

عورت کو دودھ کا بخار

اگر بچہ کو وقت پر دودھ نہ پلایا جائے تو پستان میں چبھن اور غدود سخت ہو کر سوج جاتے ہیں اور لرزہ کے ساتھ بخار، ٹھنڈ کا احساس، سر، گردن، کمر اور جسم کے دیگر حصوں میں درد، پستان بھاری اور پیشاب رک رک کر آتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ پستانوں میں درد، بخار، پیاس کا غلبہ، زبان سرخ اور اس پر کانٹے ہوں تو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ بخار، اعصاب درد کریں، کمر، پشت، گردن کے پٹھے درد کریں، دودھ خارج نہ ہوتو PULSATILLA 30 صبح،

دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ چھاتی پر دباؤ، سینہ میں درد جو حرکت کرنے پر زیادہ، پستان ڈھیلے ہوجائیں تو BRYONIA 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

عورت کا بانجھ پن یا بے اولاد ہونا INFERTILITY

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ دموی مزاج عورتیں، یادداشت کمزور، اعصابی کمزوریاں جن سے عورتیں قبل از وقت بوڑھی ہوجاتی ہیں۔ قبل از وقت جنسی قوت کو ضائع کر کے شہوانی خواہشات میں محروم ہوجائیں۔ عورت کو سوزاک ہونے سے خواہش جاتی رہے، آلات تناسل ڈھیلے ہوجائیں تو AGNUS CAUSTUS 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ایسی عورتیں جو ہسٹیریا میں مبتلا ہوں، حیض کم اور حرارت عزیزیہ کی کمی کی وجہ سے عورت کو سردی محسوس ہوتو BRYTA CARB 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ حیض رک رک کر بہت دیر کے بعد کم مقدار میں آئے، لیکوریا دودھ جیسا گاڑھا رک رک کر آئے تو MACULATUM 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر چہرہ زرد، خون کی کمی، کمزوری، سر درد، حیض زردی مائل یا پانی کی طرح پتلا، خون سرخ چمکدار خارج ہو جو باہر نکلنے پر جم جائے، دل کی دھڑکن، مریضہ پریشان اور تھکاوٹ محسوس ہوتو FERRUM METILACUM 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ جن عورتوں کے بال اور پلکیں سرخ ہوں، نازک، ذہین، لمبی، دبلی پتلی کمزور، لاغر، حیض بار بار کثیر مقدار میں خارج ہو، پانی دیکھ کر حاملہ قے کر دے، پسلی میں درد، معدہ کا درد جو برف کے استعمال سے آرام ہو، گرم چیزوں سے قے ہوتو PHOSPHOROUS 30 صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

ہدایات:

(۱) حیض کے دوران مجامعت سے بالکل منع ہے۔ گناہ کے ساتھ ساتھ پرہیز نہ کرنے سے سوزاک جیسا گندہ مرض پیدا ہوجاتا ہے۔

(۲) جب عورت حاملہ ہوجائے اور بچہ جننے کے بعد بھی پرہیز بہت بہتر ہے۔

فالج PARALYSIS

یہ مرض جسم کے کسی بھی حصہ پر حملہ کر کے اسے بیکار کر دیتا ہے۔ بعض اوقات فالج جسم کے بائیں جانب اور بعض اوقات دائیں جانب کو متاثر کرتا ہے۔ فالج اگر چہرہ پر ہوتو اس سے چہرہ ٹیڑھا ہوجاتا ہے۔ اسے لقوہ بھی کہتے ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر سردی لگنے سے اچانک فالج ہوجائے تو ACONITE 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر کمزوری اور ناتوانی سے فالج گرے تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر چہرے اور زبان پر فالج ہو اور مریض ہکلائے تو CASTICUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر سردی اور پانی میں نہانے یا نمی کی وجہ سے فالج ہو تو CALCAREA PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ گنٹھیا (وجع المفاصل) کی وجہ سے فالج ہو تو RHUSTOX 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر فالج نوجوان لڑکیوں کو ہو تو PULSATILLA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر مثانہ کا فالج ہو تو LYCOPODIUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر فالج کے ساتھ سر، ہاتھ اور پاؤں میں رعشہ بھی ہو تو MAG PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر نمدار مرطوب آب و ہوا میں رہنے سے فالج ہو تو DULCAMARA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر کثرت جماع کی وجہ سے فالج ہو تو PHOSPHOROUS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر فالج میں دماغ بھی متاثر ہو یا فالج کی کوئی بھی حالت ہو تو KALI PHOS 200x ضرور دیں۔

قے VOMITING

قے یا الٹی آنے کی رغبت کو متلی کہتے ہیں جبکہ متلی ہو کر کھائی ہوئی غذا باہر نکل جانے کو قے کہتے ہیں۔ معدہ میں زخم ہونے، ناقابل ہضم غذا کھانے، معدہ میں تبخیر ہونے اور کبھی کبھی غذا کی نالی اور گلے میں ورم ہونے کی وجہ سے غذا قے کی صورت میں باہر خارج ہوجاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر ناقابل ہضم غذا مثلاً کھیرا، تربوز، ککڑی، کچے پھل یا آئسکریم سے قے ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر دستوں کے ساتھ قے، جسم سے بلغم خارج ہو تو IPECAC 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ

پانی میں دیں۔

☆ اگر بچے دودھ پی کر قے کریں تو AETHAUSA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بچوں کو خشک کھانسی کی وجہ سے قے ہو تو BRYNOIA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔ اگر گلے میں درد بھی ہو تو KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر قے اور دست دونوں ہوں یا اچانک سردی لگ جانے سے قے ہو تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر کھٹے پانی کی قے یا جمی ہوئی کھٹی چیز یا بلغم خارج ہو تو NATRUM MURE 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

قبض CONSTIPATION

قبض، وقت پر حاجت پر نہ جانے، سیر و تفریح سے اجتناب اور وقت پر کھانا نہ کھانے کی وجہ سے ہوتی ہے۔ قبض میں پاخانہ کی بار بار حاجت مگر تسلی سے فضلہ خارج نہیں ہو یا کئی کئی دن اجابت ہی نہیں ہوتی۔ کثرت سے جلاب لینے سے بھی یہ مرض لاحق ہوجاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ پاخانہ مینگنیوں کی طرح، کئی کئی دن حاجت نہ ہو تو ALUMINA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بار بار حاجت لیکن تسلی نہ ہو، مقعد بھری ہونے کا احساس یا جلاب لیتے رہنے کی وجہ سے یا آرام کی وجہ سے ہو تو NUXVOMICA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ زبان سفید سلیٹی مائل، مرغن غذا پسند ہو، جگر خراب، پھیکے پاخانے ہوں تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ پاخانہ خشک، جلا ہوا، چڑچڑاپن، قبض سے پریشان ہوں تو BRYONIA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پاخانہ کے بعد درد کے ساتھ خون، جلن، آنتیں خشک اور کمزور، قبض کی وجہ سے آنکھوں سے پانی اور تھوک زیادہ، نیند کثرت سے آئے، پاخانہ خشک سخت، سر میں درد، موٹے آدمی دل کمزور ہو تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ انتڑیوں کا فعل کمزور ہونے کی وجہ سے قبض، پاخانہ سخت اور سیاہ ہو تو OPIUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ قبض سفر یا رہائش تبدیل کرنے کی وجہ سے ہوتو PLATINUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ قولنج اور قبض، پاخانہ سخت کالا اور خشک گول ہوتو PLUMBUM METALLICUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پاخانہ کی بے سود شام کو حاجت، محسوس ہو کہ پاخانہ مقعد میں رہ گیا ہے، پیٹ گڑ گڑ کرے تو LYCOPODIUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پاخانہ سیاہی مائل، بھورا جس میں زردی مائل رطوبت ہوتو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ بوڑھے آدمی کا قبض، پاخانہ سخت خون ملا، سر درد ہوتو CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ قبض کے ساتھ سرخ چمکنے والا خون، کھانسی بھی قبض کے ساتھ ہوتو NITRIC ACID 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر قبض کے ساتھ بواسیر بھی ہو یا پرانی قبض ہوتو SULPHUR 30 اور NUXVOMICA 30 کے ۹،۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں باری باری لیکن SULPHUR نہار منہ دیں۔

کن پیڑے MUMPS

یہ ایک چھوت دار مرض ہے۔ یہ تھوک میں پائے جانے والے ایک خاص قسم کے جراثیم کی وجہ سے ہوتا ہے جن کی وجہ سے تھوک پیدا کرنے والے غدود میں ورم پیدا ہوجاتا ہے اور بخار چڑھ جاتا ہے۔ گردن اور منہ سوج جاتا ہے۔ تھوک زیادہ خارج ہوتا ہے۔ کھانے پینے اور نگلنے میں تکلیف ہوتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ ابتداء طور پر بخار تیز، سر میں درد، پیاس زیادہ، غدودوں میں سوزش اور درد ہوتو ACONITE 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں اور کھانسی بھی ساتھ میں ہوتو FERRUM PHOS 6x کی 3 گولیاں دن میں تین بار باری باری دیں۔

☆ اگر غدود باہر نکلے ہوئے ہوں مگر ورم ابھی نہ ہوا ہو، بخار ہوتو MERC SOL 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر غدود پتھر کی طرح سخت ہوگئے ہوں تو CALCAREA FLOURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔ ساتھ ہی باری باری KALI MURE 6x کی 3 گولیاں صبح، دوپہر، شام چوسنے کو دیں۔

☆ اگر KALI MURE 6x اور FERRUM PHOS 6x کی 3,3 گولیاں صبح، دوپہر، شام چوسنے کو دیں تو بہترین دوائی ہے۔

کھانسی COUGH

حلق، سانس کی نالیوں اور پھیپھڑوں میں خرابی کا نام کھانسی ہے۔ بعض اوقات جگر کی خرابیوں اور تبخیر معدہ کی وجہ سے بھی کھانسی آنے لگتی ہے۔ خشک یا بلغم والی کھانسی صبح شام اور کھانستے وقت چھاتی کے مقام پر درد ہوتا ہے۔ بعض اوقات کھانستے وقت سر میں شدید درد ہوتا ہے۔ سینہ کی ہڈی کے نیچے خراش اور سانس لینے میں مشکل ہوتی ہے۔ مریض کمزور اور نڈھال ہوجاتا ہے اور بعض اوقات کھانستے وقت قے ہوجاتی ہے۔ کبھی کبھار حلق میں ورم کی وجہ سے بھی کھانسی ہوتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ سادہ خشک کھانسی جو تکلیف دہ ہو اور مریض کھانستے وقت سینہ پر ہاتھ رکھے، کھانسی ہونے سے پہلے نزلہ، زکام یا چھینکیں آتی رہی ہوں تو BRYONIA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں یا BRYONIA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ پرانی کھانسی، بلغم بکثرت خارج ہو، چھاتی اور پھیپھڑوں سے چیچڑیں خارج ہوں تو اس حالت میں ALIUM SATIVA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر کھانسی سردی کی وجہ سے ہو، چھوٹی خراش دار کھانسی، رات کو سوتے وقت زیادہ ہو، اس حالت میں ACONITE 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں یا ACONITE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ کھانسی شدید آواز کے ساتھ جب کہ کھانستے وقت آنکھیں باہر نکل آئیں اور متواتر تشنج کے ساتھ اور زبان کی رنگت سفید سلیٹی مائل ہوتو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ کھانسی سردی سے سینہ سے کھر کھر کی آواز جب کہ بلغم خارج نہ ہوتو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ کھانسی میں زرد رنگ کی پکی بلغم خارج ہو اور دم گھٹے تو SILICIA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ کھانسی میں گٹھلی دار بلغم نکلے جس کا ذائقہ نمکین ہوتو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ کھانسی ستانے والی جو بے چین کرے، ایسا محسوس ہو جیسے حلق میں کوئی چیز لٹک رہی ہے، کھانسی خشک ہو، جب مریض بستر پر جائے تو ٹھیک ہوجائے، گرم ہوا سے افاقہ ہوتو RUMEX CRISPUS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ کھانسی میں غوطہ لگے اور تشنج، رات کو کھانسی کے وقت مریض جاگ جائے، تھوڑا بلغم نکلنے پر کھانسی رک جائے تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر کھانسی کے بعد قے ہو اور کھانسی رک جائے، شفاف بلوری رنگ کا بلغم خارج ہو تو IPECAC 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

کھانسی کالی HOPPING COUGH

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر کھانسی تشنجی درد کے ساتھ خشک، رات کو آرام نہ کرنے دے، لیٹتے وقت کھانسی بڑھ جائے اور چھاتی میں خراش ہو تو MAGNESIA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ کھانسی، سینہ اور ہوا کی نالی میں خراش کی وجہ سے ہو، سر درد اور بلغم بدبودار نمکین اور گاڑھا اور زرد رنگ کا خارج ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ کھانسی کالی (HOPPING COUGH) جراثیم کی وجہ سے پھیلتی ہے اور خاص طور پر 9 سال سے کم عمر کے بچوں کو ہوتی ہے۔ مریض کھانستے کھانستے کالے یا نیلے رنگ کا ہو جاتا ہے۔ اگر بلغم کھڑ کھڑائے لیکن خارج نہ ہو جب کہ زبان کی رنگت سفید ہو تو ANTIM TART 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر کھانسی کتے کے بھونکنے کی آواز کی طرح ہو اور کھایا ہوا کھانا کھانستے کھانستے قے کر دے، شام کو کھانسی بڑھ جائے تو DROSERA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ کھانسی شدید گلے سے اٹھے، چہرہ سرخ اور کھانسی سے نکسیر نکل آئے تو BELLADONA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر تشنج پر ختم ہو، چہرہ نیلا جب کہ ٹھنڈا پانی پینے سے آرام آئے تو CUPRUM METALLICUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ کھانسی کھانے کے بعد زیادہ، لمبا سانس، زرد چپکنے والا لیس دار بلغم ہو تو KALI BICHROMICUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ کھانسی کے ساتھ خون کی آمیزش، سانس گھٹے تو NATRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ کھانستے ہوئے پسینہ آئے اور زبان پر سفید لیسدار بلغم جیسی تہہ موجود ہو تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ کھانسی بچوں کو دانت نکالتے وقت ہو، بچے کمزور دبلے پتلے ہوں تو CALCAREA PHOS 6x صبح،

دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

کھانسی نزلہ کے ساتھ BRONCHITIS

اس مرض میں ہوا کی نالی میں ورم پیدا ہوتا ہے اور آہستہ آہستہ یہ سوزش بڑھتے بڑھتے پھیپھڑوں کی نالیوں تک چلی جاتی ہے۔ یہ مرض تنگ اور تاریک مکانات میں رہنے یا سردی اور نزلہ کی وجہ سے ہوتا ہے۔

اس مرض میں نزلہ کے ساتھ کھانسی ہوتی ہے، آنکھوں اور ناک سے پانی بہنے لگتا ہے، حلق میں خشکی ہونے کے ساتھ ورم ہوتا ہے اور آواز بھاری ہو جاتی ہے۔ معمولی لرزہ کے ساتھ بخار اور چھاتی میں جلن کے ساتھ کھانسی بڑھ جاتی ہے۔ غلیظ بلغم جس میں کبھی کبھی خون ملا ہوا ہوتا ہے اور سانس لینے میں مشکل ہوتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ کھانسی کے ساتھ چھاتی میں درد، مریض چھاتی پر ہاتھ رکھ کر کھانسے، جلن اور سوئیاں لگنے کا احساس ہو تو BRYONIA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ابتدائی مرض میں چھاتی میں درد، چھوٹا سانس جو گھٹ گھٹ کر آئے، کھانسی کے ساتھ درد ہو تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ سانس کی نالیوں میں بلغم کھڑ کھڑائے، متلی ہو تو IPECAC 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ مرض کے دوسرے درجے میں جب زبان سفید بلغم گاڑھی سفید اور درد میں شدت ہو تو FERRUM PHOS 6x اور KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔

کینسر۔ سرطان یا رسولی CANCER

کینسر کے پھوڑے سخت اور انتہائی خطرناک ہوتے ہیں اور اپنی جڑیں جسم میں دور دور تک پھیلا دیتے ہیں جن میں انتہائی درد ہوتا ہے۔ سرطان یعنی کینسر جسم کے کسی بھی حصہ میں ہو سکتا ہے۔ مردوں میں اکثر پیٹ، انتڑیوں اور منہ میں ہوتا ہے جبکہ خواتین میں پیشاب کی نالی اور پستان میں ہوتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر ابھرے ہوئے سخت غدود جن میں جکڑن ہو اور گرہ دار ہو تو CALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر زرد رنگ کا پتلا مواد خارج ہو اور جلد پر جلن سی محسوس ہو تو KALI SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر سست اور موٹے جسم کی عورتوں کو کینسر سرطان ہو تو PHYTOLACA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جب چھاتی پر رسولی اور بالکل نرم لگے تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔
☆ اگر پیٹ میں رسولی ہو اور سخت تنگی اور بے چینی ہو تو URANIUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔
☆ اگر چربی والی رسولی (WIN) ہو تو CALCAREA CARB 6x, BRYTA CARB 6x اور GRAPHITE 6x دیں۔

کان کی بیماریاں DISEASES OF THE EARS

کان کی تکالیف کئی قسم کی ہیں۔(۱) بعض اوقات کان میں کوئی چیز چلی جاتی ہے۔(۲) کبھی کان کے اندر اور کبھی باہر خارش والی پھنسیاں ہو جاتی ہیں جن سے درد ہوتا ہے۔(۳) کبھی کان سے پتلا یا گاڑھا مواد بہنے لگتا ہے اور اندرونی کان میں ورم پیدا ہو جاتا ہے۔(۴) کبھی کان کا اندرونی پردہ پھٹ جاتا ہے اور مریض بہرہ ہو جاتا ہے۔(۵) بعض اوقات کان میں درد کے ساتھ ہلکا سا بخار ہوتا ہے جس سے نیند اڑ جاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ کان کے تقریباً ہر مرض کے لئے MULLEIN OIL Ø سے روئی تر کر کے کان میں رکھ دیں۔اس سے پرانے بہرہ پن کو بھی فائدہ ہوتا ہے۔
☆ اگر کانوں میں نزلہ کی وجہ سے سوزش پیدا ہو جائے جس سے بہرہ پن بھی ہو سکتا ہے تو اس حالت میں FERRUM PHOS 6x اور KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔
☆ اگر کان سے غلاظت خون کے ساتھ نکلے اور کان کے پیچھے ہڈی میں ورم اور درد ہو جس سے گلہ بھی متاثر ہو تو KAPSICOM 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔
☆ اگر کان میں تشنجی درد ہو جو سردی سے بڑھ جائے اور گرمی میں افاقہ ہو تو MAG PHOS 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔
☆ اگر کان درد اور ورم شروع میں جس کو گرمی سے زیادتی ہو تو BELLADONA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

گنٹھیا (ورم مفاصل) RHEUMATISM

ابتدائی طور پر یہ تکلیف پاؤں میں یا پاؤں کے انگوٹھے کے جوڑ میں ہوتی ہے اور جیسے جیسے مرض شدت اختیار کرتا جاتا ہے تو جسم کے دوسرے حصے بھی متاثر ہونا شروع ہو جاتے ہیں اور آخر میں جسم کے جوڑوں میں شدید درد اور ورم پیدا ہو جاتا ہے اور مریض چلنے پھرنے سے بھی معذور ہو جاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر ورم زیادہ اور درد کم ہو تو APIS MELLIFICA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔
☆ اگر عورتوں اور بچوں کے درد گرمی سے بڑھیں، سردی سے کم ہوں اور کھلی ہوا پسند ہو تو PULSTATILLA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں یا PULSATILLA 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔
☆ گنٹھیا میں ورم اور درد کم کرنے کے لئے ARTICA URIN Ø کے 5 قطرے ہر دو گھنٹے کے بعد جس سے پیشاب کے لئے ریت کا اخراج ہو جاتا ہے۔اگر NATRUM MURE 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں باری باری دیں تو بہت جلد شفا ہو جاتی ہے۔
☆ اگر گنٹھیا کا درد اور ورم شراب نوشی سے ہو، دوسری ادویات کے ساتھ SPIRITS GLANDIUM QUIRCUS Ø دن میں دو بار دیں۔
☆ اگر جوڑ سوجے ہوئے، چمکیں، چیرنے والے درد جو حرکت سے کم ہوں مگر آرام سے زیادہ تو RHUSTOX 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔
☆ اگر درد پاؤں کے انگوٹھے سے شروع ہو اور ورم کے ساتھ آہستہ آہستہ پھیلے، چلنے سے تکلیف، آرام سے کمی، گرمی سے درد میں اضافہ، درد نیچے سے اوپر کو جائیں تو LEDUM PALL 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔
☆ ہاتھ اور پاؤں کے جوڑوں میں شدید درد، پٹھے کھنچے، گھٹنوں کے جوڑوں میں ورم اور شدید درد ہو تو GUICUM 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔
☆ درد ایسا کہ اس میں حرارت بھی ہو، درد ایسا جیسے کوئی نشتر چبھو رہا ہو، بدن کے ریشے اور پٹھے کے اعصاب کمزور، درد سردی لگنے سے ہو تو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔
☆ اعصابی درد شام کو شروع ہو، پشت سے کمر اور ایڑھی تک پہنچے، بستر کی گرمی سے درد زیادہ، مریض کا دل بیٹھنے کو چاہے تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

پرہیز:

دردوں کے حملے کے وقت اعضاء کو اٹھا کر رکھیں، آدھا گلاس گرم پانی میں ARNICA Ø کے 11 قطرے ملا کر درد والی جگہ پر روئی سے ٹکور کریں۔جب ورم اتر جائے تو BRYONIA Ø روئی سے لگائیں۔

گلے کی بیماریاں DISEASES OF THE THROAT

عام طور پر گلے کی بیماریوں کی درجہ بندی نیچے دی ہوئی اقسام میں کی جاسکتی ہے:

(۱) آواز کا بیٹھ جانا (۲) حلق کا ورم (۳) گلے پڑنا

(۱) آواز کا بیٹھ جانا:

جب حلق میں ورم اور کسی چیز کے چبھنے کا احساس ہوتا ہے اور کھاتے وقت درد ہوتا ہے اور مریض صاف طور پر بات نہیں کرسکتا، اسے آواز کا بیٹھ جانا کہتے ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر گانا گانے، لڑائی کرنے، تقریر کرنے یا زور سے بولنے کی وجہ سے آواز بیٹھ جائے تو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر سرد ہوا میں گلے کو کھلا رکھ کر پھرنے سے گلا بیٹھ جائے تو ACONITE 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر گلے کے اعصاب کی کمزوری کی وجہ سے بول نہ سکے تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر گلے میں درد کے بغیر آواز بیٹھ جائے تو اس حالت میں CALCAREA CARB 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر گلے کی وجہ سے ناک بھی متاثر ہو اور اونچی آواز سے نہ بولا جائے اور سونگھنے کی طاقت ضائع ہو تو PULSATILLA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر گلے میں سخت درد اور ورم ہو، زبان میلی سفید اور حلق کا کوا درد کرے تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر آواز بیٹھ جانے کا پرانا مرض ہو تو BARYTA CARB 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

(۲) حلق کا ورم:

یہ ایک چھوت کا مرض ہے جس میں حلق میں ورم ہوتا ہے۔ شروع میں گلے سے خراش، سوزش، درد اور زبان کی جڑ سرخ اور سوکھی ہوئی ہوتی ہے۔ اگر سوجن زیادہ ہو تو پیا ہوا پانی ناک کے ذریعہ خارج ہو جاتا ہے اور لرزہ سے بخار ہوتا ہے۔ یہ ورم آٹھ دس دن میں ختم ہو جاتا ہے۔ اگر ورم زیادہ دن رہے تو پیپ پڑ جاتی ہے اور پھوڑے کی شکل اختیار کر لیتا ہے جو بہت تکلیف دیتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر شروع میں بخار، درد اور سوزش ہو تو FERRUM PHOS 12x اور ACONITE 3x صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں چوسنے کو باری باری دیں۔

☆ اگر گلا سرخ چمکیلا، سر درد، گلے میں چوٹیں پڑنے کا احساس، چہرہ تمتماتا ہوا ہو تو BELLADONA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر حلق کا ورم آخری حالت میں ہو اور انتہائی سوزش ہو تو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ ورم کے ساتھ گلے کے غدود پھول جائیں، بایاں حصہ زیادہ تکلیف میں مبتلا ہو تو MERC IODIDE 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ورم کے ساتھ گلے کے غدود پھول جائیں، دایاں حصہ زیادہ متاثر ہو تو MERC IODIDE FALVES 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

(۳) گلے پڑنا:

بارش میں بھیگ جانے، سردی لگنے یا گرم و سرد ہونے سے گلے میں خشکی اور سرسراہٹ پیدا ہو جاتی ہے۔ گلے میں گرد و غبار کی وجہ سے آواز بھاری ہو جاتی ہے اور بھیگ جانے سے بخار اور کھانسی ہو جاتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ شروع میں بخار، بے چینی، گھبراہٹ اور جلد خشک ہو تو ACONITE 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر بلغمی کھانسی ہو جو کھڑ کھڑ کرے، مریض حساس ہو تو HEPAR SULPH 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ کھانسی جیسے کتا بھونکے، نگلنا دشوار ہو تو SPONGEA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سانس لینا مشکل اور چھوٹا چھوٹا، آواز بھاری، بولنے سے کھانسی کی طرف دھیان، متلی یا قے ہو تو IPECAC 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر مرض پرانا، آواز بھاری، گلے میں جلن، بھورے رنگ کی لیسدار بلغم کھانسی کے ساتھ باآسانی نکلے تو ARGENTUM METAL 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ سردی سے تکلیف ہوتی ہو تو KALI MURE 3x اور FERRUM PHOS 6x باری باری غرارے کریں صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

گردہ کا درد KIDNEY TROUBLE

گردوں میں کئی قسم کی تکالیف ہوتی ہیں۔ سردی اور بخار کی وجہ سے گردوں میں سوزش ہو جاتی ہے۔ کبھی تشنج اور درد ہوتا ہے۔ زیادہ دیر تک پیشاب روکنے سے ورم پیدا ہو جاتا ہے۔ کبھی گردوں میں ریت اور پتھری جمع ہو جاتی ہے۔ پیاس کا غلبہ، سر درد اور بار بار پیشاب کی حاجت ہوتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر گردے اور پیشاب کی نالی میں کاٹنے والا درد اور جلن ، پیشاب قطرہ قطرہ اور پتھری ہو تو CANTHARIS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ گردوں میں ورم، میٹھا میٹھا درد، پیاس لگے مگر پیشاب کم آئے تو APIS MELLIFICA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پیشاب میں ALBUMIN خارج ہو ، پتلے دست، شدید پیاس، پیشاب گہرا سیاہی مائل ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پیشاب کی بار بار حاجت ، بخار، سر درد، مثانہ میں ورم ہو تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر پیشاب سے خون خارج ہو اور ALBUMIN آئے تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ گردوں میں اعصابی کمزوری، دل رک رک کر چلے تو CALCAREA PHOS 6x اور KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔

☆ اگر گردہ میں درد، سرخ باد کی وجہ سے ہو تو CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

لو لگنا SUN STROKE

تیز دھوپ میں گرمی لگنے کا مرض لُو لگنا کہلاتا ہے۔ اس مرض میں خون میں جوش اور کمزوری کی وجہ سے غشی طاری ہو جاتی ہے اور بے ہوشی کے ساتھ تیز بخار، سر چکرانا، آنکھیں سرخ بھی ہو سکتی ہیں۔ اگر قے نہ آئے تو سانس بند ہو کر مریض کے مرنے کا خطرہ ہوتا ہے۔ اس مرض میں قے، پیاس اور دل کی کمزوری واقع ہوتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر ابتداء میں تیز بخار، بے چینی اور موت کا خوف ہو تو ACONITE 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر بخار، سر درد اور قے ہو تو CACTUS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر چہرہ کالا، ہاتھ پاؤں ٹھنڈے، سستی اور بے ہوشی ہو تو LACHISIS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر اعضاء کی رطوبتیں ایک دم خشک، گرمی کا حملہ اور تمام بدن خشک ہو تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر لو لگنے سے دماغی خرابیاں پیدا ہوں تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

ہدایات:

مریض کو فوراً ٹھنڈی جگہ پر لٹائیں۔ مریض کے پاس بھیڑ نہ کریں۔ لباس کو ڈھیلا کریں۔ سر پر پانی کا بھیگا کپڑا رکھیں اور گرم ہونے پر بدلتے رہیں۔ اگر ہوش نہ آئے تو ایمل نائٹریٹ ناک کے قریب کر کے سنگھائیں اور ہوش آنے پر گرم دودھ پلائیں۔

مرگی EPILEPSY

ہومیوپیتھی اور دیگر طریقۂ علاج کے محققین نے ابھی تک اس مرض کے اسباب دریافت نہیں کئے۔ کچھ محققین کا خیال ہے کہ اعصابی کمزوری یا کثرت مباشرت سے یہ مرض پیدا ہوتا ہے۔

جب مرگی کا دورہ پڑتا ہے تو مریض اچانک بے ہوش ہو کر گر جاتا ہے۔ جسم میں اکڑاؤ پیدا ہوتا ہے۔ منہ سے جھاگ نکلنے لگتی ہے۔ بے اختیار پیشاب کپڑوں میں نکل جاتا ہے۔ ایک دو گھنٹے میں مریض ہوش میں آ جاتا ہے اور سر درد کی شکایت کرتا ہے۔

حملہ کے وقت مریض کے تمام لباس کو ڈھیلا کر دیں، دانتوں کے درمیان کارک رکھ دیں تا کہ مریض ہونٹ اور زبان نہ کاٹ لے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ مرگی کی اکسیر دوائی KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر مرگی مشت زنی کی وجہ سے پیدا ہوئی ہو تو MAGNESIA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر دوران خون کی وجہ سے دماغی تکلیف مرگی کا سبب بنے تو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر پیٹ کے کیڑوں کی وجہ سے مرگی ہو جب کہ آنتیں سوجی ہوئی ہوں اور ان میں جلن ہو تو NATRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر مرگی کا دورہ رات کے وقت اعصابی کمزوری، دورے سے پہلے سردی لگے تو SILICEA 6x صبح، دوپہر، شام

3 گولیاں چوسنے کودیں۔

☆ اگر مرگی کا دورہ رات کو پڑے ، چہرے کا رنگ نیلا ، خوفناک اکڑاؤ اور اینٹھن ہو تو CUPRUM METALLICUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر مرگی میں قبض، بدہضمی، ٹانگیں بھاری، چہرے پر چیونٹیاں رینگتی معلوم ہوں تو NUXVOMICA 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دورہ مرگی روکنے کے لئے اور شدت کو کم کرنے کے لئے CAMPHOR Ø کے 3 قطرے دن میں 3 بار دیں۔

☆ کثرت مباشرت کی وجہ سے مرگی اور جماع کرتے وقت دورہ پڑ جائے تو BUFO 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کودیں۔

☆ اگر وقفے کے ساتھ ۴۔۵ دن متواتر دورہ اور دورہ سے پہلے آنکھوں کی پتلیاں پھیل جائیں اور دورہ کے بعد مریض لڑکھڑائے تو ARGENTUM NITRICUM 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر تشنج ہو، دورہ سے پہلے خوب سیر ہو کر کھائے، زبان کٹ جائے یا کٹ جانے کا اندیشہ، منہ سے جھاگ نکلے، مریض خوف محسوس کرے تو HYOCYMUS 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

پرہیز اور غذا:

مریض کو غذا سادہ دیں۔ مثلاً ساگودانہ، دلیہ، بغیر چھنے آٹے کی روٹی، تازہ پھل اور تازہ سبزیاں۔ اس کے علاوہ مقوی اور مرغن غذائیں مثلاً پلاؤ، زردہ، حلوہ، بریانی، پراٹھے سے پرہیز کریں۔ اگر شراب نوشی اور تمباکو نوشی کی عادت ہو تو مکمل طور پر ترک کردیں۔

موتیا سیتلا CHICKEN POX

موتیا سیتلا ایک متعدی (چھوت دار) مرض ہے اور زیادہ تر چار سال کے بچوں کو ہوتا ہے۔ دسویں برس کے بعد اس مرض کا خدشہ نہ ہونے کے برابر رہ جاتا ہے۔ کبھی کبھی دودھ پیتے بچوں اور نوجوانوں کو بھی یہ مرض ہو جاتا ہے۔ ابتداء میں ہلکا بخار اور دو دن کے بعد سینہ اور کمر پر دانے ظاہر ہو جاتے ہیں۔ دانوں کا رنگ سرخ ہوتا ہے۔ دو دن کے اندر ان میں رطوبت بھر جاتی ہے اور چند دن کے بعد دانے خود بخود ٹھیک ہو کر خشک ہو جاتے ہیں اور کھرنڈ بن کر اتر جاتے ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ موتیا سیتلا کی ابتداء میں جب بخار ہو تو ACONITE 3x اور دوسرے درجے میں جب دانے شروع ہوں تو KALI MURE 3x کی 3,3 گولیاں صبح، دوپہر، شام چوسنے کودیں اور جب پھنسیاں نکل آئیں اور خارش ہو تو RHUSTOX 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ جب بخار ٹوٹ جائے اور پھنسیاں کمزور ہونے لگیں تو MERC SOLUBLUS 30 کے 9 قطرے صبح،

دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر RHUSTOX کامیاب نہ ہو تو ANTIM TART 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر خشک تکلیف دہ کھانسی ہو تو PULSATILLA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر خارش ناقابل برداشت ہو تو SULPHUR Ø سفید ویزلین میں ملا کر پھنسیوں پر لگائیں۔

مثانہ کے امراض (DISEASES OF THE BLADDER)

مثانہ میں کئی قسم کے امراض پیدا ہوتے ہیں۔ عام طور پر (۱) مثانہ کا ورم (۲) مثانہ میں جلن (۳) مثانہ میں پتھری مندرجہ بالا امراض تکالیف کا سبب بنتے ہیں۔ مثانہ کی تکالیف میں اس قدر کمزوری پیدا ہو جاتی ہے کہ پیشاب خود خارج کرنے کی طاقت بھی نہیں رہتی اور یہی احساس ہوتا ہے کہ مثانہ میں پیشاب باقی رہ گیا ہے۔ پیشاب کرتے وقت آلہ تناسل میں درد ہوتا ہے۔ درد تشنجی اور پیشاب رک رک کر آتا ہے۔ مثانہ میں ورم، درد اور بخار کی شکایت ہو جاتی ہے۔ پیشاب بدبودار جس میں بلغم یا خون کی ملاوٹ ہوتی ہے اور پاؤں بھی ورم زدہ ہو جاتے ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر پیشاب تھوڑا تھوڑا ٹیس کے ساتھ آئے تو CANTHARIS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ مثانہ کا ورم ابتدائی درجہ میں بخار کے ساتھ دن کو ہر وقت پیشاب کرنے کی حاجت، کھڑے ہونے سے تکلیف میں اضافہ، پیشاب اور مثانہ کی نالیوں میں درد ہو تو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کودیں۔

☆ مثانہ میں ورم کے ساتھ پیشاب کے ساتھ گاڑھا مادہ سفید یا سفیدی مائل بلغم خارج ہو، پیشاب زرد یا سیاہی مائل زرد، پرانا ورم ہو تو KALI MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کودیں۔

☆ پیشاب بکثرت خون ملا ہوا یا پیشاب کرنے کے بعد خون آئے، کھانستے وقت پیشاب کے قطرے ٹپکیں، بدن گھلتا جائے، شدید درد ہو تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کودیں۔

☆ مثانہ میں سوزش، گردہ میں پتھری کا درد جو مثانہ کی طرف جائے، دائمی قبض، رینل کالک کا تشنج ہو تو NUXVOMICA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ پیشاب کے نالی میں چبھنے والے درد، خاص کر عورتوں کا درد جو پیشاب کرتے وقت یا بعد میں زیادہ ہو، پیشاب کی خواہش بار بار ہو تو BURBARUS VOLGURIS Ø ایک گھنٹے کے وقفے سے 3 قطرے دیں۔

☆ اگر پیشاب میں سرخ ریت نکلے تو LYCOPODIUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر مثانہ میں چوٹ کی وجہ سے پیشاب کے ساتھ خون نکلے تو ARNICA MONTANA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر ریگ اور پتھری ہو، تشنجی درد سے پیشاب رک جائے تو MAG PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر شوگر کے ساتھ ساتھ پتھری بھی ہو، پیشاب زیادہ آئے، پیشاب بستر پر ہی نکل جائے یا بند ہوجائے تو NATRUM SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر پیشاب میں پیپ بغیر درد کے آئے تو CHIMA FILA Ø صبح و شام 5 قطرے دیں۔

☆ اگر مثانہ کے غدود میں ورم کی وجہ سے پیشاب بند ہو تو SABIL SAROLITA Ø دیں۔ اس کے ساتھ ARNICA گرم پانی میں ملا کر ٹکور کریں۔

معدہ میں ورم GASTRITIS

اس مرض میں معدہ کی اندرونی جھلی سرخ اور متورم ہوجاتی ہے جس سے سفید رنگ کے گندے مواد کا کثرت سے اخراج ہوتا ہے اور معدہ کی اندرونی سطح میں زخم بھی بن جاتے ہیں جن سے خون بہتا ہے اور پیٹ بھر جاتا ہے اور ایک خطرناک پھوڑا بن جاتا ہے جس میں شدید درد ہوتا ہے اور خونی قے آنے لگتی ہے۔ شروع میں پیٹ میں بوجھ اور بے چینی، دل گھٹتا، جی متلاتا ہے، تھوک کثرت سے آتا ہے، زبان میلی، سر میں درد، پیشاب کم آنا اور ہلکا بخار بھی پایا جاتا ہے۔ اگر پھوڑا پھٹ جائے تو پیپ خارج ہوجاتی ہے اور مریض بچ جاتا ہے۔ ورنہ بیہوش ہوکر مرجاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ غذا ہضم نہ ہو اور قے آئے، بلغم خارج ہو، ہچکی آئے اور دل کمزور ہوجائے تو CALCAREA FLOUR 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ کھانا کھانے کے بعد فوراً بھوک لگے، کسی طرح سے پیٹ نہ بھرے، سستی کاہلی کا غلبہ، پیٹ کے بائیں طرف درد، غذا ہضم نہ ہو، خالی معدہ میں درد، کھانے کے بعد آرام ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ پیٹ چھوا نہ جائے، ہوا خارج ہونے سے آرام، کم کھانے سے پیٹ میں درد ہو تو CALCAREA PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ معدہ کمزور، زبان سفیدی مائل، ریاح بھری ہوئی، جگر خراب، گرم غذا سے معدہ سوج جائے، ہلکی اور چربی والی غذا ہضم نہ ہو، زبان کڑوی، پیٹ درد کے ساتھ قبض اور قے ہو تو KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ معدہ میں درد اور مروڑ، ڈکاریں لیکن بے فائدہ، زبان صاف، کھانے کے بعد متلی ہچکی تشنج کے ساتھ، میٹھا پسند، ایسا

محسوس ہو کہ پیٹ کس کر باندھ دیا ہے تو MAGNESIA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ بھوک بہت، پیٹ میں جلن، پھل کی خواہش، معدہ میں ورم کی وجہ سے بخار ہو تو FERRUM PHOS 6x اور CALCAREA SULPH 6x صبح، دوپہر، شام 3،3 گولیاں چوسنے کو باری باری دیں۔

☆ اگر پیٹ پھولا ہوا، معدہ چھوا نہ جائے، معدہ میں سوزش کی وجہ سے شدت کا درد ہو، کھانے کے بعد قے، چہرہ تمتمایا ہوا، ریح پیدا ہو، ڈکاروں سے کھانے کی بو آئے، سردی سے معدہ کی تکلیف میں اضافہ، دودھ پینے سے نفرت، گوشت سے درد میں اضافہ، شراب اور ٹھنڈے پانی کی طلب ہو تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

منہ کی بیماریاں DISEASES OF THE MOUTH

کبھی منہ کے اندر لبوں، مسوڑھوں، رخساروں اور منہ کی لعاب دار جھلی میں چھوٹی چھوٹی سفید رنگ کی پھنسیاں نکل آتی ہیں۔ اکثر یہ مرض دودھ پیتے بچوں میں ہوتا ہے اور بعض اوقات بدہضمی کی وجہ سے بڑوں کو بھی یہ تکلیف ہوجاتی ہے۔ ماؤں کو پستانوں کو صاف ستھرا رکھنا چاہیے۔ بچے کی دودھ والی بوتل اور نپل کو دودھ پلانے کے بعد گرم پانی سے دھو کر صاف جگہ پر رکھنا چاہیے۔ اور بچوں کے منہ کو گرم پانی سے دھوتی رہیں۔ بچہ کو صاف ستھرا رکھنا چاہیے اور بڑے کھانے پینے میں احتیاط برتیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ بخار کے ساتھ منہ میں چھالے، ہونٹ اور زبان سے کانٹے ہوں تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر زبان میلی اور بچے دودھ پیتے ہی قے کر دیں تو ANTIM TART 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بچے کو بدہضمی کی وجہ سے دست آئیں، ہلکا بخار، زبان پر زخم، چہرہ زرد، کمزوری اور پیاس بہت لیکن تھوڑا تھوڑا پانی پیئے تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

مشت زنی MASTURBATION

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ جلق کے اثرات سے دماغی کمزوری، یادداشت کی کمزوری اور بہت جلد انزال ہو تو ACID PHOS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سب سے پہلے جلق (مشت زنی) کی عادت چھڑوانے کے لئے ORIGANUM MAJUS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں اور مریض کو تنہا ہرگز نہ چھوڑیں۔ مریض گرم اور مصالحہ دار چیزوں سے پرہیز کرے۔ دودھ پھل کھائے، سونے سے پہلے ہرگز نہ کھائے، پاکیزہ صحبت دیں۔

☆ جب جلق کی عادت چھوٹ جائے تو STAPHYSAGARIA 30 اور BUFO 30 کے ۹،۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں باری باری دیں۔ صبح اٹھتے ہی ایک خوراک CALCAREA PHOS 12x ایک خوراک دیں اور رات کو KALI PHOS 200x دیں۔ انشاء اللہ ایک ماہ میں صحت یابی ہوگی۔ اس کے بعد CALCAREA PHOS 12x اور KALI PHOS 200x دیتے رہیں۔ دوپہر کا آدھا کھانا کھانے کے بعد ایک گھونٹ پانی میں 5 قطرے ACID PHOS Ø اور 5 قطرے AGNUS CAUSTUS Ø دیں اور آدھا کھانا اس کے بعد کھائے۔ اس کے ساتھ ساتھ OLIVE OIL کی 10 منٹ مالش کرکے پیپل کا پتہ اوپر لپیٹ دیں۔ پیشاب کے بعد ٹھنڈا پانی استعمال نہ کریں اور مالش کے دوران اگلے حصہ پر مالش نہ کریں۔

☆ دماغی کمزوری، اعصابی کمزوری، مصنوعی شہوت، انزال کا جلد ہونا، نظر کی کمزوری ہو تو ACID PHOS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ایسے مریض جو شراب یا کوئی اور نشہ استعمال کرکے جلق کا فعل کرتے ہوں تو NUXVOMICA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر مشت زنی کی وجہ سے آنکھوں کے گرد نیلے حلقے اور دوسرے بداثرات ہوں تو BUFO 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں

☆ اگر عضو چھوٹا، مردار، مرجھایا ہوا، حرارت عزیزی کم ہو تو CALCAREA PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں اور ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں باری باری دیں۔

☆ معدہ میں حرارت کا احساس، عضو مردار اور مرجھایا ہوا ہو تو LYCOPODIUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر جلق کی وجہ سے اعصابی کمزوری، سر درد، کمر میں درد، کسی کام میں دل نہ لگے اور خیالات منتشر ہوں تو KALI PHOS 200x روزانہ 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

نیند نہ آنا یا بےخوابی SLEEPNESS OR ISNOMNIR

نیند کا نہ آنا، کئی ایک وجوہات ہوسکتی ہیں۔ صدمہ، ذہنی پریشانی یا دماغی کوفت نیند کو اڑا دیتی ہے۔ بعض اوقات بدہضمی، ڈراؤنے خواب، تمباکو کا کثرت سے استعمال کرنا، چائے نوشی، کثرت مطالعہ اور خوامخواہ سوچنے کا عادی بےخوابی کے مرض میں مبتلا ہوجاتا ہے۔ اعصابی کمزوری بھی بےخوابی کا سبب بنتی ہے۔

بےخوابی کے مریض کو شام کا کھانا شام کو جلدی کھانا چاہیے اور صبح سویرے خوب سیر کرے اور غذا میں دودھ، مکھن اور سبزیوں کا بکثرت استعمال کرے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ سر میں خون جمع، کنپٹی کی رگیں پھڑکتی ہوں تو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ کافی پینے والے جو خوشی کی خبر ملنے سے سو نہ سکیں تو COFFEA CRUDA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ مسلسل بے خوابی، نیند میں بے قاعدگی، نیند کا غلبہ محسوس کرے لیکن سو نہ سکے تو CANABUS INDACA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اعصابی کمزوری، تھکاوٹ، غم کی وجہ سے نیند نہ آئے، دماغی بےچینی ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ کاروباری آدمی اور عورتیں جو بےچین ہوکر رات گزاریں صبح کاروبار کی فکر ہو تو GELSIMUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بری خبر یا صدمہ سے مریض بیٹھا ہو یا آرام کررہا ہو مگر پریشان ہو تو IGNESIA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ قبض، ڈراؤنے خوابوں کا خوف، اگر سو جائے تو ڈر کر گھبرا کر نیند سے جاگ جائے، کام کی زیادتی کی وجہ سے بےخوابی ہو تو NUXVOMICA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ نشہ کرنے والے جن کو سردی متاثر کرے NUXVOMICA 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ مریض اونگھتا رہے لیکن نیند نہ آئے، معمولی آواز نیند سے جگا دے تو OPIUM 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ رات کو نیند نہ آئے، پیاس اور بےچینی بہت ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر , شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سارا دن غنودگی مگر رات کو نیند غالب ہو تو SULPHUR 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ شام کے کھانے کے بعد خود بخود نیند آئے لیکن جاگنے پر کمزوری ہو تو LYCOPODIUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

نمونیہ PNEUMONIA

اس مرض میں سل کا مادہ پھیپھڑوں کے غلافوں میں سرایت کرجاتا ہے جس کی وجہ سے پھیپھڑوں میں ورم پیدا ہوجاتا ہے۔ یہ ورم سردی لگنے سے اور بڑھ جاتا ہے۔ اگر یہ ورم صرف ایک پھیپھڑے میں ہو تو اس کا علاج آسان ہے

۔اگر یہ ورم دونوں پھیپھڑوں میں پیدا ہو جائے تو اسے ڈبل نمونیہ کہتے ہیں اور اس کا علاج بھی مشکل ہو جاتا ہے۔ابتدائی طور پر نمونیہ میں ہلکا بخار ہوتا ہے اور پستان کے نیچے درد جلن کے ساتھ ہوتا ہے۔سانس لیتے وقت شدت کا درد اور کھانسی شروع ہو جاتی ہے۔پیشاب سرخ لیکن کم مقدار میں آتا ہے۔جس طرف درد ہو مریض اسی رخ لیٹنا پسند کرتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ جب کھانسی کے ساتھ بخار اور حرکت سے چبھنے والا درد ہو تو BRYONIA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر مرض کے آغاز میں سردی، بخار شدت سے ہو، سانس چھوٹا اور تکلیف دہ ہو تو FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو اور ACONITE 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں باری باری دیں۔

☆ مرض کے دوسرے درجے میں شدید بخار، سخت بے چینی، کھانسے کے ساتھ لیس دار بلغم ہو تو ACONITE 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں KALI MURE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو ساتھ دیں۔

☆ اگر چھاتی کے دائیں طرف تیز چبھنے والا درد ہو تو RANUNCULUS BULB 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر سانس لینا مشکل، کھانسی، بلغم چھاتی میں موجود لیکن مریض خارج نہ کر سکے اور چھاتی سے خرخر کی آواز آئے تو ANTIM TART 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ کھانسی رات کو بڑھ جائے، درد تیز مگر بخار ہرگز نہ ہو، موسم کی تبدیلی میں درد زیادہ ہو تو CALCAREA PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر نمونیہ میں کمزوری کے ساتھ پسینہ، پیشاب کم لیکن جلن اور دل کی دھڑکن بھی ہو تو CANTHARIS 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆اگر چوٹ لگنے سے نمونیہ ہو تو ARNICA MONTANA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر درد بالکل نہ ہو، ورم والی جگہ میں پانی بھرا ہوا معلوم دے تو APIS MELIFICA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پھیپھڑوں میں ورم اور تیز بخار F° 104 سے F° 106 تک، نبض تیز، سانس جلد جلد کھینچ کر آئے، پھیپھڑوں کے مقام پر درد اور کھانسی ہو جس میں بلغم اور خون ملا ہو، سر میں درد ہو، نیند نہ آئے اور ہذیان بکے تو ACONITE 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ کھانسی کے وقت مریض چھاتی پر ہاتھ رکھ کر کھانسے اور چھاتی میں سوئیاں سی چبھیں، قبض، سر درد، خشک کھانسی اور

پیاس ہو تو BRYONIA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اچانک سردی سے نمونیہ ہو جائے، شدید پیاس، پانی تھوڑا تھوڑا پیئے، کھانسی میں جلن، چہرہ زرد ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پھیپھڑے کا ورم، بخار تیز، بیمار پر غنودگی طاری ہو تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ نمونیہ کا درجہ دوم جس میں پھیپھڑوں میں رطوبت بھر جائے، جس کی وجہ سے وہ ٹھوس محسوس ہوں، زبان پر سفید میل، کھانسی میں سفید بلغم خارج ہو، مریض پر غنودگی طاری ہو، شدت نمونیہ کی وجہ سے ناک، حلق اور کانوں میں درد ہو تو KALI MURE 3x کی 3 گولیاں گرم پانی میں ملا کر ایک ایک گھنٹے کے بعد دیں اور بعد میں گرم پانی بھی پلائیں۔

نکسیر EPISTAXIS

ایسے مریض جو دموی مزاج کے حامل ہوں، گرمیوں اور بہار کے موسم میں ناک سے خون نکل آتا ہے، اسے نکسیر کہتے ہیں۔کبھی کبھی جگر کی وریدوں (VEIN) میں خون کی زیادتی نکسیر کا سبب بنتی ہے۔کبھی ایک نتھنے سے اور کبھی دوسرے نتھنے سے خون بہتا ہے۔اگر خون لگاتار بہتا رہے تو یہ خطرناک ہوتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ ناک سے خون جاری ہو جب کہ چہرہ سرخ ہو تو MILIFOLIUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ بچوں کو نکسیر ہو اور خون چمکدار سرخ ہو تو FERRUM PHOS 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ بوڑھے کمزور نازک بدن لوگوں کو نکسیر، خون پتلا سیاہ ہو تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر چوٹ کی وجہ سے ناک سے خون جاری ہو جائے تو ARNICA MONT 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ نکسیر بند کرنے کے لئے جب خون سیاہ رنگ کا ہو تو HEMAMELIS Ø روئی پر چند قطرے ڈال کر ناک میں ٹھونس دیں اور HEMAMELIS 3x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر ٹھنڈے پانی سے منہ دھونے سے نکسیر جاری ہو جائے تو AMMONIA CARB 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

ہدایات:

نکسیر کے مریض کو سیدھا لٹا دیں اور بے حرکت لیٹا رہے اور پینے کو دودھ سوڈا دیں۔اگر اس سے بھی نکسیر بند

نہ ہوتو دوائی علامات کے مطابق دیں اور ماتھے پر برف کی ہلکی سی ٹکور کریں۔

ہائی بلڈ پریشر-بلندفشار HIGH BLOOD PRESSURE

یہ ایک دورانِ خون میں خلل کا مرض ہے جس میں مریض کے جسم کا دورانِ خون آسانی سے جاری نہیں ہوتا۔ یہ مرض تفکرات کی موجودگی، مصالحہ دار چٹ پٹی مرغن اغذیاء کے استعمال سے لاحق ہوجاتا ہے۔

صحت کی حالت میں دل خون کو شریانوں میں دھکیلتا ہے مگر جب HIGH BLOOD PRESSURE کا حملہ ہوتا ہے تو شریانیں (صاف خون کی نالیاں) زہریلے مواد کی پیدائش کی وجہ سے تنگ ہوجاتی ہیں۔ چنانچہ جب دل خون کو ان نالیوں کی طرف دھکیلتا ہے تو دل کو معمول سے زیادہ زور لگانا پڑتا ہے جس سے خون کا دورہ سر کی طرف ہوجاتا ہے۔ جس کی وجہ سے بے چینی، گھبراہٹ، خیالات کا منتشر ہونا، بدہضمی، دل کی کمزوری اور سانس لینے میں دقت ہوتی ہے۔ ان تمام علامات کی موجودگی کو ہائی بلڈ پریشر کے نام سے یاد کیا جاتا ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ ہائی بلڈ پریشر کے ابتدائی حملہ میں جلد گرم اور خشک ہوتی ہے، سانس لینے میں دقت ہوتی ہے، نبض بھرپور، دل کی دھڑکن تیز اور چلنے پھرنے سے ان علامات میں اضافہ ہوتا ہے تو ACONITE 3x کی 2 گولیاں دن میں 4 بار چوسیں۔

☆ اگر معمولی کام کرنے سے دل کی حرکت تیز اور دھڑکن کا احساس تمام بدن پر ہوتا ہو، جلد گرم اور سرخ، بے چین، خوفزدہ، روشنی میں آنکھوں کی پتلیاں پھیل جائیں، سر میں درد اور چکر آئیں، پیاس ندارد، لیٹ جانے سے مرض بڑھ جائے، شور برداشت نہ ہو، چکر آنے کی وجہ سے پشت کے بل یا بائیں طرف گر جانے کا خوف ہو تو BELLADONA 6x ہر ڈیڑھ گھنٹے کے بعد 2 گولی چوسیں۔

☆ بلڈ پریشر کا مریض صبح اٹھ کر حالت خراب تر ہوجائے، تنگ لباس برداشت نہ ہو، حسد اور بے چینی، دل کی دھڑکن جس کے ہمراہ بے ہوشی طاری رہے، بائیں طرف تیز درد ہو تو مریض LACHISIS 6x، 2 گولی ہر ایک گھنٹے کے بعد چوسے۔

☆ اگر مریض پر پیاس کا غلبہ، ٹھنڈا تھوڑا پانی بار بار پیئے، سیڑھیاں چڑھتے ہوئے بلڈ پریشر میں اضافہ، دم گھٹے، تکلیف کا سامنا، آدھی رات سے تکلیف میں اضافہ، پاؤں اور آنکھوں پر ورم ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 ہر 2 گھنٹے کے بعد 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں لیں۔

ہذیان DELIRIUM

خون میں زہریلا مادہ ملنے کی وجہ سے ہذیان کا مرض لاحق ہوجاتا ہے۔ اس مرض میں خون کا دورہ سر کی طرف ہونے کی وجہ سے زہر دماغ میں سرایت کر جاتا ہے اور مریض بے تکے اور لامعنی کلمات بکنے لگتا ہے۔ شروع میں مریض کو بخار بھی ہوجاتا ہے جس میں بے ربط گفتگو کرتا ہے۔ مریض ہر اس چیز کا وجود منواتا ہے جو اس جگہ موجود نہ ہو۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ جب بخار تیز ہو تو ACONITE 30 کے 9 قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں اور

FERRUM PHOS 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو باری باری دیں۔

☆ جب شرابی کو ہذیان کا مرض لاحق ہو تو وہ اڑتے ہوئے ہوائی جہاز یا ریل گاڑی کو پکڑنے کی کوشش کرتا ہے اور انتہائی بے چین ہوتا ہے۔ اسے NATRUM MURE 6x اور KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3,3 گولیاں باری باری چوسنے کو دیں۔

ہسٹیریا (باؤ گولہ) ANTHYSTERIC

ہسٹیریا دراصل اعصابی نظام میں خرابی کا نتیجہ ہے۔ پرانے حکماء اسے رحم میں خرابی سمجھتے تھے۔ اس مرض میں دورہ کے وقت پیٹ سے ایک گولہ اٹھ کر گلے کی طرف جاتا ہے اور پھنس جاتا ہے۔ اس لئے اسے باؤ گولہ کہتے ہیں۔ دراصل یہ مرض وہمی عورتوں کو رحم کی خرابی اور اعصابی کمزوری سے ہوتا ہے۔ یہ بیماری موروثی بھی ہوتی ہے۔ یہ مرض بارہ سال کی عمر سے چالیس سال کی عمر کی عورتوں کو ہوجایا کرتا ہے۔

عورتوں کو حیض میں کمی بیشی، نفسانی خواہشات کا پورا نہ ہونا، نوجوان لڑکیوں کا عشقیہ کہانیاں پڑھنا، محبت میں ناکامی اور رحم کے نقائص بھی ہسٹیریا کی بیماری کو پیدا ہونے میں مدد کرتے ہیں۔

علامات:

مریضہ کو روشنی اچھی نہیں لگتی۔ چکر آتے ہیں۔ مٹی اور کوئلہ کھانے کی رغبت ہوتی ہے۔ سر، رحم اور سینہ میں درد ہوتا ہے۔ پیٹ میں گیس اور گولہ کا اٹھنا۔ مریضہ روئے اور زور سے چلائے کہ گولا حلق میں پھنس جاتا ہے۔ ڈکار اور جمائیوں کی کثرت۔ سانس کا تیز چلنا۔ ہاتھ اور پاؤں میں تشنج۔ دانت بند ہوجاتے ہیں۔ کبھی خاموش کبھی گاتی ہے۔ انتہائی ضدی کسی کی بات نہ مانے۔ دل کی دھڑکن تیز۔ مریضہ سر ہلائے اور حرکت کرتی رہے۔ کبھی عارضی اور کبھی مستقل دورے پڑتے رہتے ہیں اور لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ جن بھوت کا سایہ ہے۔

ہدایات:

مریضہ کو غذا سادہ دیں۔ مرغن غذا سے پرہیز۔ کھلی ہوا اور سایہ میں بٹھائیں۔ دھوپ سے بچائیں۔ دورے کے دوران مریضہ کے پاؤں گرم اور سر کو ٹھنڈا رکھیں۔ منہ پر ٹھنڈا پانی چھڑکتے رہیں اور AMMONIA CARB سنگھائیں۔ کئی غیر شادی شدہ لڑکیاں شادی کے بعد ٹھیک ہوجاتی ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ اگر مریضہ غمگین، اداس، بے صبری سے روئے، بلند آواز سے قہقہہ لگائے، دوسروں کو حقارت سے دیکھے، شہوت کی زیادتی، جماع کا شوق جو جنون کی حد تک پہنچ جائے، شرمگاہ میں خارش اور جلن ہو تو PLATINUM METAL 30 ایک گھنٹے کے وقفے سے 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر سر میں درد، حلق میں گولا اٹکا ہوا، سانس لیتے وقت مشکل، دل کی دھڑکن کے ساتھ غشی ہو تو MASCUS 30

صبح، دوپہر، شام 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پیٹ ہوا سے پھولا ہوا، کبھی ڈر کبھی آہیں بھرے، کبھی چیخے کبھی روئے کبھی ہنسے، ایک دم بے ہوش ہو تو KALI PHOS 3x ہر آدھ گھنٹے کے بعد 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ حیض کی بے قاعدگی ، رنج و غم کے اثر سے یہ تکلیف ہو ، پیشاب میں بلغم جیسا مواد نکلے تو NATRUM MURE 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ پیٹ میں ہوا بھری ہوئی ہو جو اوپر اٹھ کر گلے میں پھنس گئی ہو اور محسوس ہو کہ گلے کو چیر کر باہر نکل جائے گی، ڈکار سے افاقہ ہو قولنج کا درد ہو تو ASAFOTIDA 6x ہر 2 گھنٹے کے بعد 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر چمکدار آنکھیں، پتلیاں پھیلی ہوئیں، چہرہ سرخ، خون سر کی طرف دورہ کرے تو BELLADONA 30 ہر 2 گھنٹے بعد 9 قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر کھانا کھانے کے بعد پیٹ میں گیس جس سے سینہ پر دباؤ ہوتا ہو، تھوڑی محنت سے تھک جائے، سونا پسند کرے، نیند زیادہ، منہ خشک، غشی کے دورے پڑتے ہوں تو NUXVOMICA MOS 30 ہر دو گھنٹے کے بعد ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ سردی محسوس ہو، حیض کم، کھلی ہوا میں آرام، پیشاب بکثرت، مریضہ بہت جلد روئے، حلق میں کھچاوٹ، حلق میں کوئی چیز اٹکی ہوئی معلوم دے تو ہر 2 گھنٹے کے بعد PULSATILLA 30 کے ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

ہرنیا یا فتق HERNIA

اس مرض میں بعض اوقات فوتوں میں پانی بھر جاتا ہے اور بعض اوقات خون کا دورہ بند ہونے کی وجہ سے آنت باہر نکل آتی ہے۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ بہترین علاج ہرنیا میں NUXVOMICA 30 ہے۔ اس دوائی کو کچھ عرصے کے لئے متواتر کھلایا جاتا ہے۔ اس دوائی کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر پیٹ کے نیچے دائیں جانب ہوا کی وجہ سے دائیں آنت پھول جائے اور چھونے سے ٹیوب کی طرح معلوم دے تو LYCOPODIUM 200 دیں۔

☆ اگر چوٹ لگ جانے کی وجہ سے آنت باہر کو نکل جائے تو ARNICA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔ مندرجہ بالا ادویات کے ساتھ SULPHUR 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں باری باری دیں۔

☆ موٹے تازے بچوں کے فوتوں میں پانی بھرا ہوا ہو تو CALCAREA CARB 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر،

شام ایک گھونٹ پانی میں دیں اور اگر دبلے پتلے کمزور بچوں کا ہرنیہ ہو تو SILICIA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

ہیضہ CHOLERA

یہ ایک وبائی (چھوت) مرض ہے جو جراثیم سے پھیلتا ہے اور انتہائی خطرناک مرض ہے۔ ہیضہ کے جراثیم کا نام CHOLERA BECILIS ہے۔ یہ جراثیم مکھیوں کے ذریعہ پھیلتا ہے۔ مکھیاں پاخانہ پر بیٹھتی ہیں جہاں سے یہ جراثیم ننگے پڑے ہوئے کھانے پر جا کر بیٹھنے سے منتقل ہو جاتا ہے۔

ہیضہ کا جراثیم آنتوں میں گھر کر لیتا ہے اور مریض کو دست اور قے اور ٹھنڈے پسینے آتے ہیں۔ طبیعت بے چین، اعضاء میں تشنج، سخت پیاس بار بار اور پیٹ میں قولنج کی طرح درد ہوتا ہے۔ دل کمزور ہو جاتا ہے اور اگر بروقت علاج نہ کیا جائے تو مریض کی موت واقع ہو جاتی ہے۔

پانی دستوں اور قے کے ذریعے جسم میں کم ہو جاتا ہے اور خون گاڑھا ہو جاتا ہے۔ جسم ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔ کمزوری اتنی کہ بولا بھی نہیں جاتا۔ نبض کمزور، رک رک کر چلتی ہے۔ چہرہ زرد، آنکھیں پتھرا جاتی ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ ہیضہ کی ابتداء میں جب پتلے دست جلد جلد قے، چہرہ سرخ، آنکھیں اندر دھنسی ہوئیں، نیند کا غلبہ، نبض بھرپور، زبان سرخ کانٹوں والی ہو تو FERRUM PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر یکدم کمزوری، پنڈلیوں میں تشنج، نبض تیز، جسم ٹھنڈا، ہیضہ کا شروع یا بند ہو تو CAMPHOR 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ اگر بخار شدت کا ، نبض ہلکی، چہرہ پھیکا ، نیل گوں، چاولوں کے پانی جیسے بدبو دار دست ہوں تو KALI PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ ہیضہ میں بار بار قے اور دست، پیٹ میں اینٹھن ، ہاتھ پاؤں میں تشنج، کمزوری انتہائی، آنکھوں کے سامنے اندھیرا، غشی کی حالت، چہرہ پر مردنی، نبض کمزور بے قاعدہ، پیشاب بند، قے اور دستوں کے دوران ماتھے پر ٹھنڈا پسینہ ہو تو VERATRUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ دست اور قے پانی کی طرح، آنتوں میں درد تشنجی، بدن ٹوٹتا ہو تو MAGNESIA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ مریض کا جسم بالکل مردے جیسا کمزوری اور پیاس کی شدت، مریض پانی کے لئے تڑپے، قوت حیات ختم ہو جائے، جسم درد کرے، گرمی کی وجہ سے جیسے تمام جسم میں آگ لگی ہو، بدبو دار رطوبتیں خارج ہوں، جلن اور بے چینی ہو تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر ، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ ہیضہ میں ٹانگیں گھٹنوں تک بالکل ٹھنڈی، جلد ٹھنڈی اور ٹھنڈا پسینہ، ٹھنڈے سانس مگر جسم کے اندر گرمی محسوس ہو، موت کی سی کیفیت طاری ہو, دل کام چھوڑ رہا ہو تو ہر 15 منٹ کے بعد CARBO VEGITABLIS 30 کے ۹ قطرے ایک گھونٹ پانی میں دیں۔ جب دل کام کرنے لگے تو ARSENICUM ALBUM 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دینا شروع کردیں۔

☆ بچوں کو ہرے رنگ کے دست آئیں اور بچے مرجھائے ہوئے معلوم دیں تو CALCAREA PHOS 6x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

یرقان JAUNDICE

یرقان میں منہ کا ذائقہ کڑوا، پیشاب زرد، سرخ یا سیاہی مائل سرخ اور آنکھوں کی سفیدی، زبان اور جلد زرد ہو جاتے ہیں۔ بدہضمی کے ساتھ ساتھ جلد پر خارش جس سے پھوڑے پھنسی نکل آتے ہیں۔

مرض کی علامات اور دوائی:

☆ جب جگر خراب اور جگر کے دائیں طرف درد ،زبان پر سلیٹی مائل تہہ، پیشاب زرد، متلی ہو تو KALI MURE 12x صبح، دوپہر، شام 3 گولیاں چوسنے کو دیں۔

☆ اگر یرقان کے ساتھ دائیں کاندھے کی ہڈی کے نیچے (جگہ) درد ہو تو CHELI DONIUM Ø 5 قطرے دن میں 3 بار دیں۔

☆ اگر دائیں جانب لیٹنے سے آرام ہو، قبض ہو، پیاس سخت، حرکت کرنے اور جگر کے مقام پر دبانے سے تکلیف ہو تو BRYONIA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

☆ شرابیوں کا یرقان یا چٹ پٹی چیزیں مرغن غذائیں کھانے سے جگر سوج کر درد کرے تو NUXVOMICA 30 کے ۹ قطرے صبح، دوپہر، شام ایک گھونٹ پانی میں دیں۔

ہدایات:

مریض کو گوشت کھلانا بند کردیں۔ پھلوں کا پانی پلائیں۔ سادہ سبزیاں، دودھ، دلیہ کھلائیں۔

اگر کسی رہنمائی کی ضرورت ہو تو مندرجہ ذیل پتہ پر خط ارسال کر کے اپنے سوال کا جواب طلب کیا جاسکتا ہے۔

المرکز مقصود العلوم، .F.C ایریا نمبرا، لیاقت آباد نمبر 4،

نزد K.E.S.C پاور ہاؤس، کراچی۔

ہر جمعة المبارک کو بعد نماز عصر ذکر و مراقبہ کی محفل کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ جس میں خصوصی خطاب و دعا پیر طریقت، رہبر شریعت ، حضرت علامہ مولانا پروفیسر ڈاکٹر محمد مقصود الٰہی نقشبندی مدظلہ العالی فرماتے ہیں۔ تمام حضرات سے گزارش ہے کہ نہ صرف خود شرکت کریں بلکہ دوسروں کو بھی اللہ کے ذکر کی محفل کی دعوت دیں۔

پتہ: المرکز مقصود العلوم، .F.C ایریا نمبرا، لیاقت آباد نمبر 4، نزد K.E.S.C پاور ہاؤس، کراچی۔